خَانَتَا۔ دونون نے چوری کی خیانت کی
خَانُوْا۔ اُنھون نے دغا کی۔
خَاوِیَۃ۔ خالی۔ کھوکھلا۔ ویران پڑی
خَبْأُ۔ چھپی چیز۔
خَبَائِث۔ گندے کام خَبِیْثَۃٌ واحد
خَبَال۔ تباہی۔
خَبَتْ۔ وہ بجھی۔
خَبُثَ۔ وہ پلید ہوا۔ ناپاک ہوا۔
خَبَر۔ حال اَخْبَار جمع۔
خُبْر۔ آگاہی۔

خُبْز۔ روٹی۔ خبوز۔ جمع۔
خَبِیْث۔ ناپاک۔ گندا۔
خَبِیْثَۃ۔ گندی۔ ناپاک خَبِیْثَات جمع
خَبِیْثُوْن۔ گندی رہنے والا خبیث واحد
خَبِیْر۔ نام اللہ تعالیٰ۔ دانا خبردار
خَتَّار۔ بڑا جھوٹھا۔
خِتَام۔ مُہر جانیکی چیز یعنے موم وغیرہ
خَتَم۔ مہر۔ خَوَاتِیْم جمع۔
خَتَمَ۔ اُسنے تمام کیا۔ مُہر کی۔
خَدّ۔ گال خداد۔ جمع۔
خُذْ۔ تو لے۔ تو پکڑ۔
خُذُوْا۔ تم لو۔
خَذُوْل۔ خوار خستہ۔
خَرَّ۔ وہ گرا۔
خَرَاب۔ ویران۔
خَرَاج۔ محصول۔ مالگذاری۔ خزانہ
خَرّٰصُوْن۔ اٹکل کرنے والے۔ تخمینہ کرنیوالے۔
خَرْج۔ حاصل۔
خَرَجَ۔ وہ نکلا۔
خَرَجْتَ۔ تو نکلا۔
خَرَجْتُمْ۔ تم نکلے۔

خَرَجْنَ۔ وہ سب نکلین۔
خَرَجْنَا۔ ہم نکلنے۔
لَوْخَرَجْنَا۔ ہم نکلتے۔
خَرَجُوْا۔ وہ نکلے۔
خَرْدَل۔ رائی۔
خُرْطُوْم۔ سونڈھ۔ ہاتھی کی
ناک۔ خَرَاطِیْم جمع۔
خَرَقَ۔ اُسنے پھاڑا۔
خَرَقَتْ۔ اُس عورت نے پھاڑا۔
خَرَقْتَ۔ تونے پھاڑا۔
خَرَقُوْا۔ اونھون نے تراشا۔
پھاڑا۔
خَرُّوْا۔ وہ گرے۔
خُرُوْج۔ نکلنا۔
خَزَائِن۔ خزانے۔ دفینے۔
خَزَانَۃ۔ واحد۔
خَزَنَۃ۔ خزانچی۔ نگہبان۔
خَازِن۔ واحد۔
خِزْی۔ رسوائی بلامین
پڑنا۔
خَسَار۔ ٹوٹا۔ زیان۔ گمراہی۔

خُسْرِ۔ ٹوٹا۔زیان کاری۔
خَسِرَ ۔ وہ زیان کار ہوا۔
خُسْرَان۔ ٹوٹا۔نقصان۔
خَسِرُوا۔ اونھون نے ٹوٹا پایا۔
خَسَفَ ۔ چاندگہن لگا۔زمین مین دھنسا
خَسَفْنَا۔ ہمنے دھنسایا۔
خُسُوف۔ چاندگہن لگنا۔دھنسنا
خُشُب ۔ لکڑیان خشب واحد
خُشَّع ۔ عاجزی کرنیوالے۔
خُشَّع ۔ ڈرنیوالے۔
خَشَعَتْ۔ وہ دبی۔ڈری۔
خُشُوع۔ عاجزی۔
خَشِیَ۔ وہ ڈرا۔
خَشِیتُ مین ڈرا۔
خَشْیَةٌ ڈر۔ڈرنا۔
خَشِینَا۔ ہم ڈرے۔
خَصَاصَة بھوک۔محتاجی۔
خِصَام۔ جھگڑا۔جھگڑا کرنا۔
خَصْم مدعی۔دشمن۔جھگڑنیوالا
خَصِمُون۔ جھگڑا کرنیوالے۔
خَصِیم جھگڑالو۔

خُضْتُم۔ تم نے قدم ڈالا۔
خُضْر۔ سبز۔ہرا۔
خَضِر۔ شاخ سبز۔ترکاری
خَطَا۔ چوک۔گناہ خطایا جمع
خَطَاءً۔ چوکنا۔
خِطَاب۔ بات۔روبرو بات کہنی۔
خَطَایَا۔ گناہ۔خطا۔ واحد
خَطْب حال۔مقصد۔کام۔
خِطْبَة۔ پیغام نکاح۔
خَطِفَ۔ اُسنے اُچک لیا۔
خَطْفَةٌ۔ اچک لینا۔
خُطُوَات۔ قدم خُطْوَةٌ واحد۔
خَطِیْئَةٌ۔ گناہ خَطِیْٓئات جمع۔
خَطِیْٓئَات۔ گناہ خَطِیْئَة واحد
خِفَاف۔ ہلکے خَفِیف واحد
خِفْتِ۔ تو ڈری۔
خِفْتُ۔ مین ڈرا۔
خَفَّتْ۔ وہ ہلکی ہوئی۔
خِفْتُم۔ تم ڈرے۔
خَفَّفَ۔ اُسنے ہلکا کیا۔
خَفِیّ چھپی چیز۔

خُفْیَة۔ چھپکی۔
خَفِیف۔ ہلکا۔
خَلَا۔ وہ اکیلا ہوا۔
خَلَائِف نائب خَلِیفَة واحد۔
خِلَاف۔ ضد۔اُلٹا۔
خَلَاق۔ حصہ۔بھلائی کا پورا حصہ
خَلَّاق۔ پیدا کرنیوالا۔نام اللہ تعالیٰ
خِلَال۔ دوستی کرنی۔مکر۔
خَلَتْ وہ گذری۔وہ آگے ہوئی
خُلَّة۔ دوستی۔
خُلْد ہمیشگی۔نام بہشت۔
خَلَصُوا۔ وہ الگ ہوئے۔
خُلَطَاء۔ شریک ساجھی خَلِیط واحد
خَلَطُوا۔ اُنھون نے ملایا۔
خَلَفَ۔ اُسنے پیچھا چھوڑا۔
خَلْف پیچھے۔فرزند نالائق قرن بعد قرن
خَلَف ۔ فرزند لائق۔
خُلَفَاء سردار خَلِیفَة واحد۔
خِلْفَة ایک کے بعد ایک آنیوالی۔
خَلَفْتُمُوا۔ تم نے خلاف کیا۔
خَلَفُوا۔ اُنھون نے پیچھے چھوڑا۔

خُلِّفُوا۔ وہ پیچھے چھوڑے گئے۔
خَلْقٌ۔ مخلوقات۔
خَلَقَ۔ اُسنے بنایا۔ پیدا کیا۔
خُلِقَ۔ وہ پیدا کیا گیا۔
خُلُقٌ۔ چلن۔ عادت۔ اَخلاق جمع۔
خَلَقْتَ۔ تونے پیدا کیا۔
خَلَقْتُ۔ مین نے پیدا کیا۔
خُلِقَتْ۔ وہ پیدا کی گئی۔
خَلَقْنَا۔ ہم نے پیدا کیا۔
خَلَقُوا۔ اُنھون نے پیدا کیا۔
خُلِقُوا۔ وہ پیدا کیے گئے۔
خَلَوْا۔ وہ اکیلے ہوئے۔
خَلُّوا۔ تم چھوڑ دو۔
خُلُودٌ۔ ہمیشہ رہنا۔
خَلِيفَةٌ۔ نائب خُلَفَاءُ جمع۔
خَلِيلٌ۔ دوست اَخِلَّاءُ جمع۔

خَمْرٌ۔ شراب۔ نشہ کی چیز۔
خُمُرٌ۔ چادرین خِمَار واحد۔
خُمُسٌ۔ پانچوان حصہ۔
خَمْسَةٌ۔ پانچ مرد۔
خَمْسِينَ۔ پچاس۔
خَمْطٌ۔ کڑوا میوہ۔
خَنَازِيرُ۔ سور خِنْزِيرٌ واحد۔
خَنَّاسٌ۔ چھپنے والا شیطان۔
خِنْزِيرٌ۔ سور۔ خَنَازِيرُ جمع۔
خُنَّسٌ۔ چھپنے والے تارے
خُوَارٌ۔ گائے کی آواز۔
خَوَالِفُ۔ پیچھے رہنے والیان۔
خَوَّانٌ۔ بڑا دغاباز۔
خَوْضٌ۔ باتین بنانی۔
خَوْفٌ۔ ڈر۔
خَوَّلَ۔ اُسنے بخشا۔

خَوَّلْنَا۔ ہمنے بخشا۔
خِيَاطٌ۔ سوئی۔
خِيَامٌ۔ ڈیرے۔ خیمے۔
خَيْمَةٌ۔ واحد۔
خِيَانَةٌ۔ چوری۔
خَيْبَةٌ۔ نامراد ہونا۔
خَيْرٌ۔ نیکی۔ بہت مال۔
خَيْرَاتٌ۔ نیکیان۔ نیک عورتین۔
خَيْرَةٌ۔ واحد۔
خِيَرَةٌ۔ اختیار۔
خَيْطٌ۔ دھاگا۔
خَيْطُ الْاَبْيَضُ۔ صبح صادق۔ فجر۔
خَيْطُ الْاَسْوَدُ۔ صبح کاذب رات۔
خِيفَةٌ۔ ڈر۔
خَيْلٌ۔ گھوڑے۔ سوار۔

د

۹ دَائِبَيْنِ۔ دونون ایک دستور ایک عادت۔
دَائِرَةٌ۔ گول لکیر۔ گردش زمانہ۔ شکست دَوَائِرُ جمع۔

دَائِمٌ۔ ہمیشہ رہنے والا آرام پانیوالا
دَائِمُونَ۔ ہمیشہ رہنے والے۔
دَاوُدُ۔ نام پیغمبر جو نبی اسرائیل مین ایشا کی بیٹے یہودا کی اولاد سے تھے۔

دَأْبٌ۔ عادت۔ متواتر۔
دَابَّةٌ۔ چارپایہ۔
دَابِرٌ۔ پیٹھ۔
دَاحِضَةٌ۔ ناچیز ہونیوالی باطل ہے۔

ڈگ رہا ہی۔

دَاخِرُونَ۔ ذلیل ہونیوالے۔

دَاخِلُونَ۔ بیٹھنے والے۔

دَار۔ گھر۔ دِیَار جمع۔

دَاعٍ۔ بُلانیوالا۔

دَاعِی۔ بُلانیوالا۔

دَافِع۔ ہٹانیوالا۔

دَافِق۔ اُچھلنے والا۔ گرایا ہوا۔

مَاءٍ دَافِقٍ۔ منی۔

دَامَتْ۔ وہ ہمیشہ رہی۔

دَامُوْا۔ وہ ہمیشہ رہے۔

دَانٍ۔ نزدیک ہونیوالا۔ جھک رہا۔

دَانِیَة۔ نزدیک ہونیوالی۔

دُبُر۔ بیٹھ۔

دَحٰی اُسنے درست بچھایا۔ برابر کیا۔

دُحُوْر۔ ہانکے گئے۔

دُخَان۔ دُھوان۔ دَوَاخِن جمع۔

دَخَلٌ۔ بہانہ۔ مکر۔

دَخَلٌ۔ بیٹھنا۔ اندر آنا۔

دَخَلَ۔ وہ اندر آیا۔

دَخَلَتْ۔ وہ اندر آئی۔

دَخَلْتَ۔ تو اندر آیا۔

دَخَلْتُ۔ مین آیا۔

دُخِلَتْ۔ وہ بیٹھالی گئی۔ بیٹھ آوے

دَخَلْتُمْ۔ تم نے جماع کیا۔

دَخَلْتُمُوا۔ تم بیٹھے۔

دَخَلُوا۔ وہ اندر آئے۔

دُخُوْل۔ بیٹھنا۔ داخل ہونا۔

دِرَاسَة۔ پڑھنا۔ پڑھانا۔

دَرَاهِم۔ چوانیان دِرْهَم واحد

دِرَایَة۔ جاننا۔

دَرَجَات۔ درجے۔ مرتبے۔

دَرَجَة۔ واحد۔

دَرَجَة۔ درجہ۔ مرتبہ۔ پایہ۔

دَرَسْتَ۔ تو نے پڑھا۔

دَرَسُوا۔ اُنھون نے پڑھا۔

دَرْك۔ درجۂ دوزخ۔

دَرَك۔ پکڑنا۔ درجۂ دوزخ۔

دُرِّیٌّ۔ چمکنے والا۔ چمکدار ستارہ

دَرَارِی۔ جمع۔

دَسّٰی اُسنے خاک مین چھپایا خاک ملایا

دُسُر۔ میخین کیلین دِسَار۔ واحد

دَعْ۔ تو چھوڑ۔

دَعٌّ۔ ڈھکیلنا۔

دَعَا۔ اُسنے بلایا۔

دُعَاء۔ پکارنا۔ بلانا۔

دُعَائِی۔ میرا بلانا۔

دَعَوَا۔ دونون نے بلایا۔

دَعَوْا۔ اُن سب نے بلایا۔

دُعُوا۔ وہ پکارے گئے۔

دَعْوٰی۔ کہنا۔

دَعْوَة۔ پکارنا۔ کھانے کو بلانا۔

دَعَوْتُ۔ مین نے بلایا۔ پکارا۔

دَعَوْتُمْ۔ تمنے بلایا تمنے پکارا۔

دَعَوْتُمُوا۔ تمنے بُلایا تمنے پکارا۔

دُعِیَ وہ بلایا گیا۔ پکارا گیا۔

دُعِیتُمْ تم بلائے گئے۔ پکارے گئے۔

دِفْءٌ۔ جاڑاول۔ جاڑے کی پوشش

دَفْعٌ۔ دور کرنا۔

دَفَعْتُمْ۔ تمنے دور کیا۔ حوالے کیا

دَكّ۔ ٹکڑے کرنا۔ ٹپکنا۔

دَكَّاء۔ ڈھانا گرانا۔

دُكَّتْ۔ وہ ڈھائی گئی لپیٹ کی گئی

دُکَّۃ - ٹپکنا۔
دُکَّتَا - دونون ڈھاے گئے۔
دَلَّ - اُسنے راہ بتائی۔
دَلّٰی - اُسنے اوتارا۔ اوسنے گرایا۔
دَلْو - ڈول دِلَاء دِلِی - جمع۔
دُلُوْک - ڈھلنا۔
دَلِیْل - راہ - دَلَائِل - جمع۔
دَم - خون - دِمَاء - جمع۔
دِمَاء - خون - دَم - واحد
دُمْتَ - تو رہا۔
دُمْتُ - مین رہا۔
دُمْتُمْ - تم رہے۔

دَمْدَمَ - اُسنے اولٹ مارا۔ ہلاک کیا۔
دَمَّرَ - اُسنے ہلاکی ڈالی۔ اُکھاڑ ملا
دَمَّرْنَا - ہم نے ہلاکی ڈالی۔
دَمْع - آنسو - دُمُوْع - جمع۔
دَنٰی - وہ نزدیک ہوا۔
دُنْیَا - دنیا - نزدیک - ذلیل
دَوَائِر - گردشین دَائِرَۃ واحد
دَوَابّ - چارپاے دَابَّۃ واحد
دُوْلَۃ - لین دین - غنیمت۔
دَوْلَت - مال - غلبہ - فتح۔
دُوَل - جمع۔

دُوْنَ - سواے حقیر - تھوڑا۔
دِھَاق - چھلکتا - لبالب بھرا ہوا۔
دِھَان - تلچھٹ - سرخ چمڑا۔
دَھْر - زمانہ دُھُوْر - جمع۔
دُھْن - تیل - دِھَان - جمع۔
دِیَار - گھر - دَار - واحد۔
دَیَّار - رہنے والا - پھرنیوالا۔
دِیَۃ - خون بہا - دِیَات - جمع۔
دَیْن - اُدھار - قرض دُیُوْن - جمع۔
دِیْن - مذہب - حساب - انصاف - بدلا دینا۔
دِیْنَار - اشرفی - دَنَانِیر جمع۔

ذ

ذَا - صاحب۔
ذَا - یہ ایک۔
ذَائِقَۃ - چکھنے والی۔
ذَائِقُوْنَ - چکھنے والے۔
ذِئْب - بھیڑیا - گرگ ذِئَاب - جمع
ذَات - صاحب چیز کی حقیقت۔
ذَارِیَات - ہوائین کھلیان - اوسانیوالیان - اڑانیوالیان۔
بکھیرنے والیان۔

ذَاقَا - دونون نے چکھا۔
ذَاقَتْ - اُس (عورت) نے چکھا۔
ذَاقُوْا - اونھون نے چکھا۔
ذَاكَ - یہ ایک مرد)
ذَاكِرَات - یاد کرنیوالیان۔
ذَاكِرِیْنَ - یاد کرنیوالے۔
ذٰلِكَ - یہ ایک مرد) وہ - وہی ہے

ذَالِكُمْ - یہ ایک مرد یا سب مردم
ذَالِكُمَا - یہ (دو مرد)
ذَالِكُنَّ - یہ تم سب عورتین۔
ذَانِ - یہ دو۔
ذَیْنِكَ - یہ دو۔
ذَاھِبٌ - جانیوالا۔
ذُبَاب - مکھی۔
ذِبْح - ذبح کرنیکی چیز جیسے دُنبہ۔

ذُبِحَ۔ وہ ذبح کیا گیا۔ حلال کیا گیا
ذَبَحُوا۔ اُنھوں نے حلال کیا۔
ذَرْ۔ تو چھوڑ۔
ذَرْنِی۔ تو مجھکو چھوڑ۔
ذَرْءٌ۔ بکھیرنا۔ پیدا کرنا۔
ذَرَءَ۔ اوسنے بکھیرا۔ پیدا کیا۔
ذِرَاعٌ۔ گز ہاتھ اونگلی کے سرے سے کُہنی تک۔
ذِرَاعَیْ۔ دو گز دا خرسے ن گر گیا
ذَرَأْنَا۔ ہمنے بکھیرا۔
ذَرَّۃٌ۔ چھوٹی چیونٹی سُرخ۔ دانۂ ریت جو اندھیرے گھر مین دھوپ کی شعاع سے چمکتا ہے۔ ذَرَائِرُ جمع۔
ذَرْعٌ۔ گز۔ ناپ۔ جی۔
ذَرُوا۔ تم چھوڑو۔
ذُرِّیَّۃٌ اولاد نسل فرادی جمع۔
ذُرِّیَّاتٌ۔ اولاد ذُرِّیَّۃٌ واحد۔
ذُقْ۔ تو چکھ۔
ذِکْرٌ۔ یاد۔ وحی نصیحت اذکار جمع
ذَکَرٌ۔ نر۔
ذَکَرَ۔ اُسنے یاد کیا۔

ذُکِرَ۔ وہ یاد کیا گیا۔
ذُکِّرَ۔ وہ خوب نصیحت دیا گیا۔
ذَکِّرْ۔ تو سمجھا نصیحت کر۔
ذِکْرٰی۔ نصیحت سمجھانا۔ یاد کرنا۔
ذَکَرَانِ دو نر۔
ذُکْرَانٌ۔ سب مرد۔
ذَکَرْتَ۔ تو نے یاد کیا۔
ذُکِّرْتُمْ۔ تم سمجھائے گئے۔
ذَکَرُوا۔ اُنھوں نے یاد کیا۔
ذُکِّرُوا۔ وہ سمجھائے گئے۔
ذَکَرَیْنِ۔ دو نر۔
ذُکُوْرٌ سب نر۔
ذَکَّیْتُمْ تمنے پاک کیا۔
ذُلٌّ۔ خواری۔
ذِلَّۃٌ رسوائی۔ خواری۔
ذُلُلٌ۔ فرمان بردار۔ ہموار۔
ذُلِّلَتْ۔ وہ تابعدار کی گئی۔ نیچی کی گئی۔
ذَلَّلْنَا۔ ہم نے تابعدار کیا۔
ذَلُوْلٌ چارپایہ۔ فرمان بردار
ذُلُلٌ۔ جمع۔

ذِمَّۃٌ۔ عہد۔
ذَنْبٌ گناہ۔ ذُنُوْبٌ۔ جمع۔
ذَنُوْبٌ۔ حصہ عذاب کا۔ پانی بھرا ڈول۔
ذُوْ۔ صاحب۔ والا۔
ذُوالْکِفْلِ۔ پیغمبر کا نام ہے۔
ذَوَا۔ دو صاحب۔
ذَوَاتٌ مالک۔ صاحب۔
ذَوَاتَا۔ دو مالک (ن تثنیہ کا گر گیا)
ذَوَاتَا اَفْنَانٍ۔ بہت سی شاخ والے
ذَوَاتَیْ۔ دو مالک (ن تثنیہ کا گر گیا)
ذُوْقُوا۔ تم چکھو۔
ذَوَیْ۔ دو صاحب۔
ذَوَیْ عَدْلٍ۔ دو شخص معتبر۔ دو صاحب تقویٰ۔
ذِہٖ۔ یہ عورت ذوا کا مونث ہے اصل مین ذِیْ تھا ی کو ہ سے بدلا ہے
ذَھَابٌ۔ جانا۔
ذَھَبٌ۔ سونا۔
ذَھَبَ وہ گیا۔
ذَھَبَتْ۔ وہ گئی۔

ذَهَبْنَا۔ ہم گئے۔

ذَهَبُوا۔ وہ گئے۔

ذِی۔ صاحب والا۔

ر

رَابِطُوا۔ تم باندھو۔ لگے رہو۔
رَابِعُ۔ چوتھا۔
رَابِیُ۔ زیادہ ہونیوالا۔
رَابِیَة۔ بڑی پکڑ۔ بہت ہونیوالی
رَأَتْ۔ اُسنے دیکھا۔
رَاجِعُونَ۔ رجوع کرنیوالے۔
رَاجِفَة۔ کانپنے والی ہلنیوالی۔
(مراد مین صور کی پہلی آوازسی کانپنگی)
رَاحِمِینَ۔ رحم والے۔
رَادٌّ۔ پھیرنیوالا۔
رَادِفَة۔ پیچھے آنیوالی۔ صور کی دوسری آواز۔
رَادُّوا۔ پھیرنیوالے۔
رَادِّی۔ پھیرنیوالے۔
رَازِقِینَ۔ روزی دینے والے۔
رَأْسُ۔ سر۔ رُؤُس۔ جمع۔
رَاسِخُونَ۔ مضبوط۔ بڑے عالم۔
رَاسِیَات۔ پہاڑیان۔ پہاڑ کے مانند وسنگین۔ رَاسِیَة واحد۔
رَاشِدُونَ۔ نیک چال۔ راہ پانیوالے

رَاضِیَة۔ خوش ہونیوالی۔ من مانتی
رَاعِنَا۔ ہمکو رعایت کر۔ رعونت کرنیوالا
رَاعُونَ۔ نباہنے والے۔ نگاہ رکھنیوالے
رَاغَ۔ وہ دوڑا۔
رَاغِب۔ رغبت کرنیوالا منہ پھیرنیوالا
رَاغِبُونَ۔ رغبت کرنیوالے۔
رَافَة۔ مہربانی۔ نرمی۔
رَافِعُ۔ اوٹھانیوالا۔
رَافِعَة۔ اوٹھانیوالی۔
رَاقٍ۔ پھونک جھاڑ کرنیوالا۔ پھونکنیوالا
رَاکِعُ۔ جھکنے والا۔
رَاکِعُونَ۔ جھکنے والے رکوع کرنیوالے
رَانَ۔ اُسنے زنگ پکڑا۔ زنگ۔ مورچہ
رَأَوْا۔ اُنھون نے دیکھا
رَاوَدَتْ۔ اوس (عورت) نے چاہا۔
رَاوَدْتُّ۔ مین نے چاہا۔ پھسلایا۔
رَاوَدْتُّنَّ۔ تمنے خواہش کی۔ پھسلایا
رَاوَدُوا۔ اُنھون نے چاہا پھسلایا۔
رُؤُس۔ سر۔ رَأْس واحد۔

رَؤُف۔ بڑا مہربان۔ نام اللہ تعالیٰ
رَاهِب۔ عیسائی۔ عابد و پارسا۔
رُهْبَان۔ جمع۔
رَأْیُ۔ دیکھنا عقل۔
رَأَى۔ اُوسنے دیکھا۔
رِءْی۔ نمود۔
رُءْیَا۔ خواب۔ خواب دیکھنا۔
رَأَیْتَ۔ تونے دیکھا۔
رَأَیْتُ۔ مین نے دیکھا۔
رَأَیْتُمْ۔ تمنے دیکھا۔
رَأَیْتُمُوا۔ تم نے دیکھا۔
رَأَیْنَ۔ اونھون نے دیکھا۔
رَبٌّ۔ صاحب پالنے والا۔ اللہ کا صفتی نام۔
رَبَّ۔ اُسنے پالا۔
رُبَّ۔ بہت۔ کم (حرف جر)
رِبَوا۔ بیاج۔ سود۔
رَبَائِب۔ بیٹیان جو دوسرے خاوند سے ہون
رِبَاط۔ پالنا۔ پرورش کرنا۔

رُبَاعَ۔ چار چار۔

رَبَّانِيُّوْنَ۔ درویش۔ علما۔ فقہا۔

رَبَّانِي۔ واحد۔

رَبَتْ۔ وہ اُبھری۔ بلند ہوئی۔

رَبِحَتْ۔ وہ فائدہ مند ہوئی۔

رَبَطْنَا ہم نے پالا۔

رُبُعْ۔ چوتھائی۔

رُبَّمَا (رُبَّ مَا) بہت۔ کم۔

رُبَمَا (رب ما) بہت کم۔

رَبْوَة۔ بلندی۔

رِبِّيُّوْن۔ سپاہی۔

رَتْق منہ بند۔

رَتِّلْ۔ صاف صاف پڑھ۔ آہستہ۔ آہستہ پڑھ۔

رَتَّلْنٰهُ ہم نے ٹھہر ٹھہر پڑھا۔

رَجَّ کانپنا

رِجَال۔ پیادے۔ مرد۔ رَجُل واحد

رُجَّتْ۔ وہ کنپائی گئی۔ ہلائی گئی لرزی

رِجْز۔ عذاب۔ بلا۔ بت۔ ناپاکی۔

رُجْز ناپاکی۔

رِجْس۔ آفت۔ پلیدی۔

رَجْعٌ۔ پھرنا۔ مال۔ مینہ کا پانی۔

ذَاتِ الرَّجْعِ۔ پھرنیوالا۔

رَجَعَ۔ وہ پھرا۔

رُجْعٰی۔ پھر جانا۔ واپس جانا۔

رُجِعْتُ مین پھیرا گیا۔

رَجَعْتُمْ تم پھرے۔

رَجَعْنَا۔ ہم پھرے۔

رَجَعُوْا۔ وہ پھرے۔

رَجْفَة۔ بھونچال۔ زلزلہ۔

رِجْل۔ پانْوں۔

رَجِلٌ۔ پیادہ۔

رَجُلٌ۔ مرد۔ رِجَال۔ جمع۔

رَجُلَانِ دو مرد۔

رَجُلَيْنِ دو مرد۔

رَجْم سنگسار کرنا۔

رَجَمْنَا۔ ہم نے سنگسار کیا۔

رُجُوْع۔ پھرنا پھیرنا۔

رُجُوْم۔ سنگساری کا سبب۔

رَجِيْم۔ کھدیڑا ہوا۔ ہانکا گیا۔

رِحَال اُترنے کی جگہ۔

رَحُبَتْ۔ وہ کشادہ ہوئی۔

رَحْل۔ بوجھ۔ پالان شتر۔ رِحَال جمع

رِحْلَة۔ کوچ۔ سفر۔

رُحْم۔ قرابت۔

رَحِمَ اُسنے مہر کی۔ مہربانی کی۔

رُحَمَاءُ بہت مہربان۔ رحم دل۔

رَحِيْم۔ واحد۔

رَحْمَةٌ مہربانی۔ مہر

رَحْمٰن۔ بڑا مہربان۔

رَحِمْنَا۔ ہمنے بخشا۔

رَحِيْق۔ شراب خالص۔

رَحِيْم۔ بڑا بخشنے والا۔ نہایت رحم والا۔

رُحَمَا جمع۔

رُخَاءً۔ نرم۔

رَدٌّ۔ پھیر لینا۔ پھیر دینا۔

رَدَّ۔ اوسنے پھیر دیا۔

رِدْء۔ یار۔ مدد۔

رُدَّتْ۔ وہ پھیری گئی۔

رُدِدْتُّ۔ مین پھیرا گیا۔

رَدَدْنَا۔ ہم نے پھیرا۔

رَدِفَ۔ وہ بیٹھ پیچھے ہوا۔

رَدْم۔ یاجوج۔ ماجوج کی دیوار۔

بندش رخنہ رُدُوم جمع۔
ر ا دَّوا۔ اُنھون نے پھیرا۔
رُدُّوا وہ پھیرے گئے۔ تم پھیرو۔

ر ز
رَزَّاق خوب روزی دینے والا۔
رِزْق۔ روزی۔
رَزَقَ اوسنے روزی دی
رَزَقْنَا۔ ہم نے روزی دی
رُزِقْنَا۔ ہم روزی دیے گئے
رُزِقُوا۔ وہ روزی دیے گئے

ر س
رَسّ ایک کوئین کا نام ہے جسمین ایک
پیغمبر کو اونکی قوم نے قید کیا تھا۔
رِسَالۃٌ۔ پیغام رِسالات جمع۔
رُسُل۔ پیغمبران۔ رَسُول واحد۔
رَسُول۔ پیغمبر۔ خبر لانیوالا۔

ر ش
رِشَاد۔ سیدھی۔
رُشْد۔ سیدھی راہ۔ راہ پر ہونا۔
رَشَد۔ بہتری۔ بھلائی۔ نیک راہ
رَشِید۔ نیک۔ صالح۔

ر ص
رَصَد۔ نگہبان۔ گھات مین بیٹھنے والے
رَاصِد۔ واحد

ر ض
رَضَاعَۃ۔ دودھ پلانیکی مدت۔
دو برس یا اڑھائی برس۔
رَضُوا۔ وہ خوش ہوئے۔
رِضْوَان۔ خوشنودی۔
رَضِيَ۔ وہ خوش ہوا۔
رَضِيّ۔ من مانتا۔
رَضِيتُ۔ مین نے پسند کیا۔
رَضِيتُم۔ تم رتجھے۔ تم نے پسند کیا

ر ط
رُطَب۔ پکی کھجور۔
رَطْب۔ ہرا۔ تازہ۔

ر ع
رِعَاء۔ چرواہے رَاعِی واحد
رِعَايَۃ۔ بنا ہنا۔
رُعْب۔ ڈر دھاک۔
رَعْد گرج۔ فرشتہ کا نام یا آواز۔
جو بدلی کو چلاتا ہے۔
رَعَوا۔ اُنھون نے رعایت کی بنا ہا

ر غ
رَغَب خواہش توقع۔
رَغِبْتُ عَنْہُ۔ مین اُس سے باز رہا
رَغَد۔ بہت۔

ر ف
رُفَات۔ چورا۔ ریزہ ریزہ۔
رَفَث۔ بے پردگی فحش۔
رِفْد۔ انعام۔
رَفْرَف۔ چاندنیان قیمتی۔ تکیے۔
بچھونے۔ سبز کپڑے رَفْرَفَۃ واحد۔
رَفَعَ۔ اُسنے اوٹھا۔
رُفِعَتْ۔ وہ اونچی کی گئی۔
رَفَعْنَا۔ ہمنے اوٹھایا۔ اونچا کیا۔
رَفِيق۔ یار۔ رُفَقَاء جمع۔
رَفِيع۔ اونچا کرنیوالا۔

ر ق
رَقّ۔ ورق۔ ہرن کا چمڑا۔
رَقٍّ مَنْشُور۔ لوح محفوظ۔
رِقَاب۔ گردنین رَقَبَۃ۔ واحد۔
رَقَبَۃ گردن رقاب۔ جمع۔
رُقُود۔ سونیوالے رَاقِد واحد
رُقِيّ۔ چڑھنا۔
رَقِيب۔ نگاہبان۔ راہ دیکھنے والا
رَقِيم کھوہ۔ گاؤن یا میدان کا نام

ر ک
رِكَاب۔ اونٹ۔
رُكَام۔ تہ بہ تہ۔
رَكْب۔ قافلے شتر سوار نوسی زیادہ۔
رَكَّبَ۔ اُسنے جوڑ دیا۔
رَكِبَا۔ دونون سوار ہوئے۔
رُكْبَان سانڈنی سوار۔

رَكَبُوا۔ وہ سوار ہوئے۔
رِكْز۔ بھنگ۔ نرم آواز۔
رُكَّع۔ رکوع کرنیوالے۔
رُكْن۔ زور۔ مراد لشکر۔
رَكُوب۔ سواری۔
رَمٰی۔ تیر چلایا۔ پھینکا۔
رِمَاح۔ نیزے رُمْح۔ واحد
رَمَاد۔ راکھ۔
رُمَّان۔ انار
رَمْز۔ ہاتھ اور سر اور آنکھ سے اشارہ
رَمَضَان۔ روزے کے مہینے کا نام۔
رَمَیْتَ۔ تو نے تیر چلایا۔ پھینکا۔
رَمِیْم۔ سڑی ہڈی۔
رَوَاح۔ شام
رَوَاسِی۔ پہاڑ۔ مضبوط بوجھ رَاسِیَة واحد
رَوَاكِد۔ ٹھہرنیوالے رَاكِد واحد
رُوح جان۔ حضرت جبرئیل ع۔

رَوْح۔ اچھی ہوا۔ آرام۔ رحمت
رَوْضَات باغ رَوْضَة۔ واحد۔
رَوْضَة باغ رِیَاض۔ جمع۔
رَوْع۔ خوف۔
رُوْم۔ رومی لوگ۔
رُوَیْدًا۔ مہلت۔ تھوڑے دن
رِهَان۔ گرو رکھنا۔
رَهَب۔ ڈرنا۔
رُهْبَان۔ پیرزادے۔ درویش نصاریٰ
رَهْبَانِیَّة۔ دنیا چھوڑنی یعنی کھانا۔
پینا لباس اور نکاح ترک کرنا۔ ایسی
ریاضت اسلام مین منع ہی مگر
نصاریٰ عابد کرتے ہین۔
رَهْبَة۔ ڈرنا۔ رعب۔
رَهْط۔ قوم۔ بھائی بند۔
رَهَق۔ سر چڑھنا سرکشی۔ ظلم کسی کا
حق کم کرنا۔

رَهْو۔ وہ تھم رہا۔
رَهِیْن۔ گرو کیا گیا۔
رَهِیْنَة۔ بندھک رکھی گئی۔
رِیَاء۔ دکھلاوا۔ اللہ کا کام
لوگون کے دکھانیکو کرنا۔
رِیَاح۔ ہوائین۔ رِیْح واحد۔
رَیْب۔ شک۔ دھوکا۔ گردش
رَیْبَ الْمَنُوْن۔ گردش زمانہ۔
رِیْبَة۔ شک۔
رِیْح۔ ہوا۔
رَیْحَان۔ روزی۔ فرزند۔
خوشبودار گھاس کا نام
جس کو سپرغم کہتے ہین
رَیَاحِیْن۔ جمع۔
رِیْش۔ رونق۔
رِیْع۔ ٹیلا۔ زمین بلند۔
رِیَاع۔ جمع ٹیلے۔

ز

زَاجِرَات۔ ڈانٹنے والیاں۔ گھڑکنے
والیان۔ زَاجِرَة۔ واحد۔
زَاد۔ توشہ۔ زادراہ۔

زَادَ۔ اُسنے بڑھایا۔
زَادَتْ۔ وہ بڑھی۔
زَادُوا۔ اُنھون نے بڑھایا۔

زَارِعُوْن۔ کھیتی کرنیوالے۔ کسان
زَاغَ۔ وہ ٹیڑھا ہوا۔ گمراہ ہوا۔
زَاغَتْ۔ وہ ڈگی۔ گمراہ ہوئی۔

زَاغُوْا وہ پھر گئے۔ اُنھوں نے کج روی کی۔
زَالَتُ۔ وہ ٹلی۔ زائل ہوئی
زَالَتَا۔ دونوں (آسمان وزمین) زائل ہووین۔
زَانِی۔ بدکار مرد۔
زَانِیَۃ۔ بدکار عورت۔
زَاھِدِیْن۔ بیزار رہنیوالے۔
زَاھِق۔ بے نور رہنیوالا۔
زَبَانِیَۃ دوزخ کے اُنیس فرشتے پیادے جو عذاب پر متعین ہین۔
زَبَد۔ پھین۔ پانی وغیرہ کا جھاگ۔
زُبُر۔ تختیان۔ ورق۔ کتابین۔
زُبُرۃ۔ واحد۔
زَبُوْر۔ نام کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
زُجَاجَۃ۔ شیشہ
زَجْر۔ جھڑکی۔ جھڑکنا۔
زَجْرَۃ۔ جھڑکی۔ ڈپٹ۔
زُحْزِحَ۔ وہ سرکایا گیا۔
زَحْف۔ لڑائی۔

زُخْرُف۔ سونا۔ سنگار۔ آرائش
زِدْ۔ تو زیادہ دے۔
زِدْنَا۔ ہمنے بڑھایا۔ زیادہ دیا۔
زَرَابِیُّ۔ نہایت نفیس بچھونے
زَرْبِیْ۔ واحد۔
زِرَاط راہ۔
زُرَّاع کھیتی والے۔
زُرْتُمْ تمنے دیکھا۔ ملاقات کی۔
زُرْق۔ نیلا۔
زَرْع۔ کھیتی۔ زُرُوْع جمع
زَعْم۔ گمان۔ دعوی۔
زَعَمَ۔ اُسنے دعوی کیا گمان کیا۔
زَعَمْتَ۔ تونے گمان کیا۔
زَعَمْتُمْ تمنے گمان کیا۔
زَعِیْم۔ گمان کرنیوالا۔ ضامن ذمہ لینے والا۔
زَفِیْر۔ گدھے کی پہلی آواز۔
زَقُّوْم۔ سینڈھ۔ دوزخیوں کا کھانا
زَکیٰ۔ وہ پاک ہوا اُسنے سنوارا
زَکوٰۃ۔ پاک کرنا۔ سال مین مال سے چالیسوان حصہ دینا جو کچھ فرض ہو۔

زَکّٰی اُسنے پاک کیا۔ سنوارا۔
زَکَرِیَّا۔ نام ایک پیغمبر کا ہی۔
زَکِیّ۔ پاک مرد۔
زَکِیَّۃ۔ ستھری۔ پاکیزہ عورت
زِلْتُمْ۔ تم رہے۔
زِلْزَال۔ بھونچال۔ جھڑجھڑانا۔
زُلْزِلَتْ۔ وہ ہلائی گئی۔
زَلْزَلَۃُ۔ بھونچال۔
زُلْزِلُوْا۔ وہ ہلائے گئے۔
زُلَف۔ ٹکڑے۔ زُلْفَۃ۔ واحد۔
زُلْفیٰ۔ مرتبہ۔ نزدیکی۔
زُلْفَۃ۔ نزدیک۔ اول رات مین سے ایک حصہ۔
زَلَق۔ پٹپر میدان۔
زَلَلْتُمْ۔ تم ڈگے۔
زُمَر۔ جتھے۔ گروہ گروہ۔
زَمْھَرِیْر۔ سردی ٹھنڈی سخت جاڑا۔
زِنَا۔ حرام کاری۔ بدکاری۔
زَنْجَبِیْل سونٹھ۔
زِنُوْا۔ تم تولو۔
زَنِیْم۔ زنا سے بدنام۔ حرام زادہ۔

زَوَال۔ نرہنا۔
زَوج۔ خاوند جوڑا۔
زَوجَان دو جوڑے۔
زُوِّجَت۔ وہ ملائی گئی۔ جوڑی گئی۔ اکٹھا کی گئی۔
زَوَّجنَا۔ ہمنے ملایا۔
زَوجَین۔ میان بی بی۔ دو قسم۔
زَود۔ جھوٹ مشرکو نکے دیوتا۔
زَھرَۃ۔ تازگی کلی۔ آرائش۔

زَھَقَ۔ وہ ناچیز ہوا۔
زَھُوق۔ ناچیز ہونیوالا۔
زَیت۔ زیتون کا تیل۔
زَیتُون ایک درخت میوہ دار کا نام ہی
زَیتُونَہ۔ زیتون کا درخت۔
زَید۔ آنحضرت صلعم کے تبنّی کا نام ہی جو حارث کے بیٹے تھے۔
زَیغ۔ کجی۔

زَیَّلنَا۔ ہمنے جدا کیا۔
زَیَّنَ۔ اُسنے سنوارا۔
زُیِّنَ۔ وہ سنوارا گیا۔
زَیَّنَّا۔ ہم نے زینت دی۔ رونق دی۔
زَیَّنَت۔ اوس عورت نے سنوارا۔
زِینَۃ۔ بناؤ۔ سنگار۔
زَیَّنُوا اُنھون نے سنوارا۔

س

سَ۔ قریب۔ اب۔ مستقبل پر آتا ہی جیسے سَیَصلٰی (اب پیٹھیگا)
سَاءَ۔ اُسنے برُا کیا۔
سَائِبَہ سانڈنی۔ (جاہلیت مین اونٹنی کو بتون کے نام سے منت کرکے آزاد کرتے اور چھوڑ دیتے اور بعضون نے کہا ہی کہ جب اونٹنی دس بچے یا دہ جنتی تب اوسکو چھوڑ دیتے اوسپر سوار نہ ہوتے اور اوس کا دودھ بچہ یا مہمان نہ پیتے۔ اور جب

مرتی اوس کا گوشت سب مرد عورت کھاتے۔
سَاءَت اُس عورت نے برا کیا
سَائِحَات روزہ رکھنے والیان ہجرت کرنیوالی عورتین۔
سَائِحُونَ روزہ دار عبادت کرنیوالے
سَائِغ مزہ دار۔
سَائِق۔ نیچے سے ہانکنے والا۔
سَائِل پوچھنے والا۔ مانگنے والا۔
سَائِلِین۔ مانگنے والے سَائِل واحد۔
سَابِحَات۔ کشتیان۔ تیرنیوالے

فرشتے۔ ارواح سَابِحَۃ واحد
سَابِغَات کشادہ زرہین سَابِغَۃ واحد
سَابِق آگے ہونیوالا۔
سَابِقَات آگے بڑھنے والیان (فرشتے)
سَابِقُوا۔ آگے بڑھو۔ دوڑو۔
سَابِقُونَ آگے ہونیوالے۔ اگاڑی والے
سَاجِد۔ سجدہ کرنیوالا۔
سَاجِدُونَ پیشانی گھسنے والے۔
سَاحَۃ۔ آنگن۔
سَاحِر جادو۔ سَاحِرُون جمع۔
سَاحِرَان دو جادوگر۔

سَاحِرُونَ۔ جادوگر۔
سَاحِل کنارہ سَوَاحِل جمع۔
سَاخِرِینَ۔ ہنسنے والے۔
سَادَات۔ سردار سَیِّد واحد
سَادِس۔ چھٹا۔
سَادَ اُسنے سیر کی۔ وہ گیا۔
سَارِب۔ گلیون مین پھرنیوالا ظاہر ہونیوالا۔
سَارِعُوا۔ تم دوڑو۔
سَارِق۔ چور چورانیوالا۔
سَارِقَة چورانی والی۔
سَارِقُونَ چورانیوالے۔
سَاعَة۔ گھڑی۔ روز قیامت۔
سَافِل۔ نیچے رہنے والا۔ نیچے ہونیوالا
سَافِلِین۔ نیچے رہنے والے۔
سَاق۔ پنڈلی سختی سُوق جمع
سَاقِط۔ گرنیوالا۔
سَاقَیْ دو پنڈلیان (سَاقَین تھا۔ ن گرگیا)
سَاکِن۔ رہنے والا۔ قرار پکڑنیوالا
سَأَلَ۔ اُسنے پوچھا۔ مانگا۔

سُئِلَ۔ وہ پوچھا گیا۔
سَأَلْتَ۔ تونے پوچھا۔
سَأَلْتُ۔ مین نے پوچھا۔
سَأَلَتْ۔ اُسنے پوچھا۔
سُئِلَتْ وہ پوچھی گئی۔ پوچھی جاوے۔
سَأَلْتُمْ تم نے پوچھا۔
سَأَلْتُمُوا۔ تمنے پوچھا۔
سَالِمُونَ چنگے تندرست سَالِم واحد
سَأَلُوا۔ اُنھون نے پوچھا۔
سُئِلُوا۔ وہ پوچھے گئے
سَامِدُونَ۔ کھیل کرنیوالے۔ کھلاڑیان کرتے۔ سرود بجانیوالے۔
سَامِر۔ کہانی کہنے والا۔
سَامِرِیّ۔ بنی اسرائیل کے ایک سونار کا نام ہی۔ یا کرمان مین ایک گھر تھا اسکا قصہ قرآن مین مفصل ہی۔
سُؤْل۔ مانگا ہوا۔ مراد مطلب۔
سَاوَیٰ۔ اُسنے برابر کیا۔
سَاهِرَة۔ صاف و برابر زمین قیامت کی زمین۔ دوزخ۔
سَاهَمَ اُسنے قرعہ ڈالا۔

سَاهُونَ۔ بھولنے والے۔ بے خبر
سَبَا بلقیس کے شہر کا نام ایک قبیلے کے باپ کا نام۔
سُبَات۔ آرام۔ راحت۔
سَبَب۔ رسی حیلہ اَسْبَاب جمع۔
سَبْت۔ روز شنبہ۔ سنیچر۔
سَبْح۔ سیر نا۔ کاروبار مین مشغول ہونا
سَبَّحَ۔ اُسنے پاکی سے یاد کیا۔
سَبِّحْ تو پاکی بول۔ پاکی سے یاد کر۔
سُبْحَان۔ کیا پاک ہی۔
سَبَّحُوا اُنھون نے تسبیح کی۔
سَبِّحُوا تم پاکی بولو۔
سَبُع درندہ۔
سَبْع۔ سات (آسمان)
سَبْعَة سات۔
سَبْعُونَ ستر۔
سَبَقَ۔ وہ دوڑا آگے بڑھ گیا۔
سَبْق۔ دوڑنا۔ آگے بڑھنا۔
سَبَقَتْ۔ وہ آگے بڑھی۔
سَبَقُوا۔ وہ آگے بڑھے۔
سُبُل۔ راہین سَبِیل واحد۔

سَبِیْل۔ راہ۔
سِتَّۃ۔ چھ۔
سِتْر۔ پردہ اَستار سُتُور جمع۔
سِتِّیْن۔ ساٹھ۔
سَجٰی۔ اُسنے چھپایا۔ آرام لیا۔
سَجَدَ۔ اُسنے سجدہ کیا۔
سُجَّد۔ سجدہ کرنیوالا ساجِد واحد
سَجَدُوْا۔ اُنھون نے سجدہ کیا۔
سُجِّرَتْ۔ وہ جھونکی گئی۔ تنور مین ڈالی گئی
سِجِلّ۔ طومار۔ قبالہ مہر۔ نام فرشتہ۔
سِجْن۔ قیدخانہ۔ اَسجان جمع۔
سُجُوْد۔ پیشانی زمین پر رکھنی۔
سِجِّیْل۔ کنکر کھنگر (معرب سنگ گل)
سِجِّیْن۔ دوزخ کی روح کا قیدخانہ جو بہت تنگ اور تاریک ہے شیطانون اور گنہگارون کا اعمالنامہ وہ پتھر سخت جو زمین کے ساتوین طبقے مین ہے جہان ابلیس کا ٹھکانا ہے۔
سَحَاب۔ بدلیان۔ ابر سَحَابَہ واحد
سَحَابَۃ۔ بدلی۔ ابر سُحُب سَحَاب۔
سَحَائِبًا جمع۔

سَحَّار۔ بڑا جادوگر۔
سُحْت۔ رشوت۔ حرام۔
سَحَر۔ بھور پچھلی رات۔ سحر کھانیکا وقت۔ صبح سے تھوڑا پہلے۔
سِحْر۔ جادو۔ اسکی بہت سی قسمین ہین یہ علم جائز اسکی تاثیر حق ہے مگر عمل منع ہے
سٰحِرٰن۔ دو جادوگر کافرون نے حضرت موسٰی اور حضرت ہارون علیہما السلام کو کہا
سَحَرَۃ۔ سب جادوگر ساحِر۔ واحد۔
سَحَرُوْا۔ اُنھون نے جادو کیا۔
سُحْق۔ دوری۔ لعنت ہو۔ دفع ہو۔
سَحِیْق۔ بہت دور۔
سَخِرَ۔ اُسنے ہنسی کی۔
سَخَّرَ۔ اُسنے بیگار لی۔ فرمانبردار کیا۔
سَخَّرْنَا۔ ہم نے تابعدار کیا۔
سَخِرُوْا۔ اونھون نے ہنسی کی
سِخْرِیّ۔ مسخرہ
سُخْرِیًّا۔ بیگار۔ مزدور۔ تابعدار۔
سَخَط۔ غصہ۔ عذاب۔
سَخِطَ۔ وہ غصہ ہوا۔

سَدّ۔ بند دیوار۔
سُدًی۔ بیکار نکما۔
سِدْر۔ بیر کا درخت۔
سِدْرَۃ۔ بیر کا درخت سِدْر جمع۔
سِدْرَۃِ الْمُنْتَہٰی۔ ساتوین آسمان پر حضرت جبرئیل کا مقام وہان تک خلائق کا علم اور عمل پہونچتا ہے۔
سُدُس۔ چھٹا حصہ۔
سَدِیْد۔ سیدھا۔
سَدَّیْن۔ دو دیوارین۔
سِرّ۔ چھپا بھید اَسْرار سَرَائِر جمع۔
سَرَّاء۔ خوشی۔ فراخی۔
سَرَائِر۔ چھپے بھید۔ سر واحد۔
سَرَاب۔ دھوکا۔ ریگ جو میدان مین دور سے بہتے پانی کی طرح معلوم ہوتی ہے۔
سَرَابِیْل۔ کرتے۔ پیراہن۔
سِرْبَال۔ واحد۔
سِرَاج۔ چراغ۔ آفتاب سُرُج جمع۔
سَرَاح۔ رخصت دینی۔
سُرَادِق۔ معرب سراپردہ خیمہ۔

سِرَاط۔ راہ

سِرَاع۔ دوڑنیوالے سریع واحد

سِرْدَاب سرنگ۔

سَرِّحُوا۔ تم رخصت دو۔

سَرْد۔ کڑیان۔ زرہ بننا۔

سُرُر۔ تخت سَرِیْر واحد

سَرَقَ۔ اُسنے چورایا۔

سَرْمَدً ہمیشہ۔

سُرُوْر۔ خوشی۔ خوش حالی۔

سَرِیّ۔ پانی کا چشمہ۔

سَرِیْر۔ تخت سُرُر جمع

سَرِیْع۔ جلدی۔

سُطِحَتْ۔ وہ بچھائی گئی۔

سَعٰی وہ دوڑا۔ اُسنے کوشش کی

سَعَۃ فراخی۔ مقدور (اسکی اصل وسع تھی واو کے بدلے آخرمین ت آئی)

سُعِدُوْا وہ نیک بخت کیے گئے۔

سُعُر۔ دیوانگی۔ بوڑھاپن۔

سُعِّرَتْ۔ وہ دھکائی گئی۔ روشن کی گئی۔

سَعَوْا۔ اُنھون نے کوشش کی

سَعْیٌ محنت دوڑ۔ کوشش۔ کمائی محصول لینا۔

سَعِیْد۔ نیک بخت

سَعِیْر۔ دوزخ۔ جلانیوالی۔

سَفَاھَۃٌ۔ بیوقوفی۔

سَفَر۔ راہ چلنی۔ پردیس۔

سَفَرَۃ لکھنے والے سَافِر واحد

سُفْلٰی۔ بہت نیچے۔

سَفَہٌ۔ نادانی۔

سَفِہَ وہ نادان ہوا

سُفَھَاء احمق۔ نادان۔

سَفِیْنَۃ کشتی۔

سَفِیْہ۔ بیوقوف۔ نادان۔

سَقٰی اوسنے پانی پلایا۔

سِقَایَۃ پانی پلانا۔ پانی پینے کا باسن

سَقَر طبقۂ دوزخ کا نام ہے۔

سُقِطَ۔ وہ ڈالا گیا۔

سَقَطُوْا۔ وہ گرے۔

سَقْف۔ چھت۔ سُقُوْف۔

سُقُفٌ جمع۔

سَقْفُ الْمَرْفُوْع۔ آسمان

سُقُفٌ چھتین سَقْف واحد

سُقِیْنَا۔ ہمنے پانی پلایا۔ چلایا۔

سُقُوْا۔ وہ پلائے گئے۔

سُقْیَا۔ پانی پینے کی باری۔

سَقَیْتَ۔ تونے پانی پلایا۔

سَقِیْم بیمار۔ سِقَام جمع۔

سُکَارٰی بیہوش۔ مست سَاکِر واحد

سَکَتَ۔ وہ ٹھہرا۔ چپ ہوا۔

سَکَر۔ سرکہ نشے کی چیز جیسے نبیذ۔

سَکْرَۃ بیہوشی۔

سُکِّرَتْ۔ وہ بیہوش کی گئی۔

سَکَنٌ۔ راحت۔ رحمت۔

سَکَنَ۔ اُسنے آرام پکڑا۔

سَکَنْتُمْ۔ تم بسے۔

سِکِّیْن چھری۔ چاقو۔ سَکَاکِیْن جمع۔

سَکِیْنَۃ تسکین۔ چین آرام۔

سَلْ۔ تو پوچھ۔

سُلَالَۃ۔ خلاصہ۔

سَلَاسِل زنجیرین سِلْسِلَۃ واحد۔

سَلَام سلامتی۔ دعا نام اللہ تعالی۔

سَلسَبِیل جنت کے ایک چشمے کا نام
سِلسِلَة۔ زنجیر۔ سَلَاسِل۔ جمع
سَلَّطَ۔ اُسنے تعین کیا۔ تعینات کیا
سُلطَان۔ غلبہ۔ دلیل۔ حاکم۔
سَلَاطِین۔ جمع۔
سُلطَانِیَة۔ بادشاہی۔ میری حکومت۔
سَلَف۔ اگلے۔ باپ دادے گذرے
اَسلَاف سُلَّاف۔ جمع۔
سَلَفَ۔ وہ آگے ہوا۔
سَلَقُوا۔ اُنھون نے ستایا۔ تیز کیا۔
سَلَكَ۔ وہ چلا۔ لے آیا۔ داخل کیا۔
سَلَكنَا۔ ہم نے داخل کیا۔
سِلم۔ مسلمانی۔ صلح کرنی۔
سَلَمَ۔ اُسنے گردن رکھی۔
سَلَّمَ۔ اُسنے نگاہ رکھا۔
سُلَّم۔ سیڑھی۔ سَلَالِیم۔ جمع۔
سَلَّمتُم۔ تمنے سپرد کیا۔
سَلِّمُوا۔ تم سلام کرو۔
سَلوٰی۔ لوا۔ چڑیا جو پانی کے کنارے رہتی ہے۔
سَلِیم۔ بے عیب۔ تندرست۔

سُلَیمَان۔ نام پیغمبر۔ جو حضرت داؤد کے بیٹے تھے۔ انکے تابع جن اور ہوا اور تمام چیزین تھین۔
سَمّ۔ سوراخ۔ سوئی کا ناکا۔
سَمَاء۔ آسمان سَمٰوات۔ جمع
سَمَّاعُون۔ خوب سننے والے۔ جاسوس
سِمَان۔ موٹے۔ سَمِین۔ واحد۔
سَمٰوات۔ آسمان سَمَاء واحد۔
سَمع۔ کان سننا اَسمَاع جمع
سَمِعَ۔ اُسنے سنا۔
سَمِعَت۔ اُسنے سنا۔
سَمِعتُم۔ تمنے سنا۔
سَمِعتُمُوا۔ تمنے سنا۔
سَمِعنَا۔ ہمنے سنا۔
سَمِعُوا۔ اُنھون نے سنا۔
سَمك۔ بلندی۔ اونچائی۔
سَمن۔ گھی۔ مسکہ۔
سَمُّوا۔ تم نام رکھو۔
سَمُوم۔ گرم ہوا۔ لو۔ آنچ کی بھاپ
سَمّٰی۔ اُسنے نام رکھا۔
سَمِیّ۔ ہم نام۔

سَمَّیتُ۔ مین نے نام رکھا۔
سَمَّیتُمُوا۔ تمنے نام رکھ لیا۔
سَمِیع۔ سننے والا۔
سَمِین۔ موٹا۔ فربہ۔ گھی مین تلا۔
سِنّ۔ دانت۔ اَسنَان جمع۔
سَنَا۔ روشنی۔ بجلی کی کوند۔
سَنَابِل۔ خوشے۔ بالیان سُنبُل واحد
سُنبُل۔ بال یعنی خوشہ۔
سُنبُلَة۔ ایک خوشہ سُنبُلَات جمع۔
سِنَة۔ اونگھ۔
سَنَة۔ برس۔ سال سِنُون جمع۔
سُنَّة۔ طریقہ۔ رسم چلن سُنَن جمع۔
سُندُس۔ جنتی باریک کپڑا۔ ریشمی باریک دیبا۔
سُنَن۔ طریقے۔ دستور سُنَّة۔ واحد
سِنِین۔ برس قحط کے برس سَنَة واحد
سُوء۔ غم۔ ایذا۔ سفید کوڑھ۔ آفت
سُوء۔ برائی عیب۔
سَوّٰىهَا۔ اُسے برابر کیا۔ ٹھیک بنایا اُس کو ٹھیک بنایا۔
سَوَاء۔ راست ہموار۔

سَوَاء برابر۔ یکسان۔ بیچ۔
سُوْء۔ بہت بُری یعنی جہنم۔
سُوْات عیب سَوْءَۃ واحد۔
سَوْءَۃ۔ عیب۔ عورت غلیظہ۔
سُوَاع۔ نام بُت جسکو حضرت نوحؑ کی اُمت عورت کی صورت بناکر پوجتی تھی۔
سُؤَال پوچھنا۔ مانگنا اَسْوِلَۃ جمع۔
سُوْد۔ کالے سیاہ۔ اَسْوَد واحد۔
سُوَر۔ قرآن کی سورتین سُوْرَۃ واحد۔
سُوْر دیوار شہر پناہ اَسْوار اور سِیْران جمع۔
سُوْرَۃ قرآن کا ٹکڑا جسکا شروع آخر ہو جیسے سورۂ فاتحہ سور جمع
سَوْط کوڑا۔ عذاب۔

سَوْفَ قریب ہی آگے کو دیہ حرف مضارع کو مستقبل کرتا ہی
سُوْق بازار۔ پنڈلیان۔ نال۔ جڑ
سَاق۔ واحد۔
سَوَّل۔ فریب دیا۔ بات بنائی۔ زینت والائی۔
سَوَّلَتْ اُسنے فریب دیا۔ سنوارا۔
سَوّٰی۔ سیدھا کھڑا۔ برابر۔ درست۔
سَوَّیْتُ مین نے برابر کیا۔ درست بنایا
سُهُول نرم زمین آسان سَهْل واحد
سِیْءَ۔ بُرا کیا گیا۔
سَیِّئُ بدی۔
سَیِّئَات۔ بُرائیان۔ بدیان۔
سَیِّئَۃ بُرائی سَیِّئَات۔ جمع۔
سِیْئَتْ بدشکل کیگئی یعنی سیاہ کی گئی۔

سَیَّارَۃ قافلہ۔ پھرنیوالا۔
سِیْحُوْا تم پھرو۔ تم چلو۔
سَیِّد۔ سردار۔ پیشوا۔
سَیْر چلنا۔ پھرنا۔
سِیْرَۃ۔ عادت خصلت سِیَر۔ جمع۔
سُیِّرَتْ۔ وہ چلائی گئی۔
سِیْرُوْا۔ تم پھرو۔
سِیْقَ۔ وہ چلایا گیا۔
سَیْل۔ بہاؤ۔ تالاب۔
سِیْمَا۔ نشان۔ چہرہ۔
سِیْنَا ملک شام کے پہاڑ کا نام جہان حضرت موسیٰ مناجات اور اللہ تعالیٰ سے باتین کرتے تھے۔
سِیْنِیْنَ پہاڑ کا نام جسکو سَیْنَا بھی کہتے ہین۔

ش

شَاءَ اُسنے چاہا (اسکا مصدر مَشِیَّۃ۔ چاہنا)۔
شِئْتَ۔ تونے چاہا۔
شِئْتُمَا۔ تم دونون نے چاہا۔
شِئْتُمْ۔ تمنے چاہا۔

شِئْنَا۔ ہم نے چاہا۔
شَاخِصَۃٌ اوپر لگنے والے۔
شَارِبُوْنَ۔ پینے والے۔
شَارِكْ۔ توشریک ہو۔
شَاطِئ کنارہ۔

شَاعِر شعر بنانیوالا شُعَرَاء۔ جمع۔
شَافِعِیْنَ۔ سفارش کرنیوالے۔
شَاقُّوْا۔ اُنھون نے مخالفت کی
شَاكِر۔ احسان ماننیوالا شکر کہنے والا
شَاكِرُوْنَ شکر کرنیوالے۔

شَاكِلَة۔ عادت۔ روش۔
شَامِخَات۔ بلند ہونیوالے۔ مغرور
شَان۔ کام حال۔
شَانِئ دشمن۔ بَیری۔
شَاوِرْ۔ تو مشورہ کر۔
شَاهِد۔ گواہ۔ حاضر ہونیوالا
مراد روز جمعہ۔ شُهُوْد جمع۔
شَاهِدُوْنَ گواہ۔ شَاهِد واحد۔
شُبِّهَ وہ شبہ کیا گیا۔
شِتَآء۔ جاڑا۔ جاڑے کے دن۔
شَتّٰی پراگندہ شَتِيْت۔
شَجَر درخت اَشْجَار جمع۔
شَجَرَ۔ جھگڑا ہوا۔ اختلاف ہوا
شَجَرَة۔ ایک درخت۔
شُحّ۔ لالچ بخیلی۔
شُحُوْم۔ چربیان شَحْم واحد۔
شِدَاد۔ زبردست۔ مضبوط۔
شَدِيْد۔ واحد۔
شَدَدْنَا۔ ہمنے مضبوط کیا۔
شُدُّوْا۔ تم مضبوط کرو۔
شَدِيْد۔ سخت۔ زور آور

شَرّ۔ بُرائی۔ شُرُوْر جمع۔
شَرَاب پینا پینے کی چیز۔ شربت
مشہور نشہ۔
شِرْب۔ پانی کی باری۔ پانی کا حصہ
شَرِبَ۔ اُسنے پیا۔
شَرِبُوْا۔ اُنھون نے پیا۔
شَرَحَ۔ اُسنے کھولا۔ ظاہر کیا۔
شَرِّدْ۔ تو سزا دے۔ بھگا دے
شِرْذِمَةٌ جماعت۔ تھوڑے سے آدمی۔
شَرَر۔ چنگاریان شَرَرَة واحد۔
شُرَّع۔ پانی پر ظاہر ہونیوالا۔
شَرَعَ۔ اُسنے راہ ڈالی۔ مقرر کیا۔
شَرْع۔ خدا کی راہ ظاہر
شِرْعَة قاعدہ شرع۔ دستور دین۔
شَرَعُوْا۔ اُنھون نے مقرر کیا۔ راہ ڈالی
شَرْقِيّ۔ مشرق کی طرف۔ پورب۔
شَرْقِيَّة۔ آفتاب نکلنے کی طرف
شِرْك۔ ساجھا۔ خدا کے سوا دوسرے
کو بھی پوجنا۔
شُرَكَآء۔ ساجھی شَرِيْك واحد۔
شَرَوْا۔ اُنھون نے بیچا۔

شَرِيْعَة سیدھی راہ۔ دین۔ گھاٹ۔
شَرِيْك ساجھی شُرَكَآء۔ جمع۔
شَطْأ۔ انکھوا۔ پتا۔ خوشہ۔
شَطْر۔ طرف۔
شَطَط۔ ناوان۔ جھوٹ۔ گمراہی
شَعَآئِر نشانیان حج کی قربانیان۔
عبادتین۔ شَعِيْرَة واحد۔
شُعَب شاخین۔ جماعتین۔
شُعْبَة واحد۔
شِعْر۔ کلام موزون۔ شعور رکھنا۔
شُعَرَآء۔ شعر کہنے والے شَاعِر واحد۔
شِعْرٰی ایک بہت بڑا تارہ ہے جسکو عرب
جاہلیت مین پوجتے تھے۔
شُعُوْب جماعتین۔ قومین شَعْب واحد
شُعَيْب نام پیغمبر جو حضرت موسیٰ
کے سسر تھے۔
شَغَفَ اُسنے فریفتہ کیا۔
شُغُل۔ کام بے پروائی۔
اَشْغَال۔ شُغُوْل۔ جمع۔
شَغَلَتْ۔ اُسنے مشغول کیا۔ باز رکھا
شَفَا۔ کنارہ۔

شِفَاء - تندرستی - آرام -
شَفَاعَةٌ - سفارش - بخشوانا -
شَفَت ہونٹھ - لب -
شَفَتَيْنِ - دو ہونٹھ -
شَفْع - جوڑا - جفت نماز (مغرب اور وتر کے سوا نمازین)
شُفَعَاء - سفارش کرنیوالے شفیع واحد
شَفَق کنارہ آسمان کی سرخی جو شام کو ہوتی ہی -
شَفِيع - سفارش کرنیوالا -
شِقّ - سختی -
شَقّ - پھٹنا -
شِقَاق - دشمنی - ضد - لڑائی -
شُقَّة - سفر دور دراز -
شَقَقْنَا - ہم نے پھاڑا - چیرا -
شَقُوا - وہ بدبخت کیے گئے -
شِقْوَة بدبختی -
شَقِيّ - بدبخت -
شَكّ - شبہ دھوکا -
شُكْر - حق ماننا - سراہنا -
شَكَرَ اُسنے حق مانا -

شَكَرْتُمْ - تمنے حق مانا -
شَكْل - مانند - صورت اشکال جمع
شُكُور - حق ماننا -
شَكُور - حق ماننے والا - قدردان
شِمَال - بائین ہاتھ - عادت -
شَمَائِل بائین طرف شمال واحد
شَمْس - سورج -
شَنَآن - دشمنی -
شَوٰى کلیجے - منہ کی کھالین شواة واحد
شُوَاظ شعلہ - بے دھوئین کی آنچ -
شَوْب - ملاوٹ -
شُوْرٰى - مشورہ - مصلحت کرنی -
شَوْكَة - قوت - کانٹا -
ذَاتُ الشَّوْكَةِ فوج -
شِهَاب - شعلہ لک یعنی روشن ستارہ شُهُب شعلے شہاب واحد -
شَهَادَةٌ گواہی -
شَهَادَات - گواہیان شہادة - واحد
شَهِدَ - اُسنے گواہی دی وہ حاضر ہوا
شُهَدَاء - گواہ - شہید واحد -
شَهِدْتُمْ - تمنے گواہی دی -

شَهِدْنَا - ہمنے گواہی دی ہم حاضر تھے -
شَهِدُوا - اُنھون نے گواہی دی -
شَهْر - مہینا شُهُور جمع -
شَهْرَيْنِ - دو مہینے -
شَهْوَة - خواہش -
شَهَوَات - خواہشین شہوة - واحد
شُهُود - گواہ - حاضرین مجلس -
شَاهِد واحد -
شُهُور - مہینے - شَهْر واحد -
شَهِيد - گواہ - حاضر - شُهَدَاء جمع
شَهِيدَيْنِ دو گواہ -
شَهِيق - دھاڑنا - گدھے کی آواز
شَيْء چیز - اَشْيَاء جمع -
شَيَاطِين سرکش - دیو - شیطان واحد
شَيْب - بڑھاپا - بڈھا - سفید بال -
شَيْبَة - سفید بال -
شِيَة داغ - دھبا -
شَيْخ - بڈھا - شُيُوخ جمع -
شَيْطَان دیو - سرکش شیاطین جمع -
شِيَع فرقے - مددگار شیعة - واحد

شِیْعَة ۔ رفیق ۔ پیرو ۔ گروہ ۔

شُیُوخ ۔ بڈھے ۔

شَیْخ ۔ واحد ۔

ص

ص ۔ حروف مقطعات سے ہی اسکے
معنی اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہین ۔
صَائِم ۔ روزہ دار ۔ صَائِمِیْنَ جمع
صَائِمَاتِ ۔ روزہ رکھنے والیان
صَابِئُوْنَ ستارہ پوجنے والے
ایک دین سے دوسرے دین کی طرف
پھرنیوالے کافر کی ایک قوم جو اپنے
زعم مین حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تابع
سمجھتی ہی ۔ صَابِی ۔ واحد ۔
صَابِر ۔ صبر کرنیوالا ۔ سہارنیوالا ۔
صَابِرَة ۔ سہارنیوالی صَابِرَات جمع
صَابِرُوْا ۔ تم آپسمین صبر کرو ۔ سہارو
صَابِرُوْنَ صبر کرنے والے ۔
صَاحِب ۔ رفیق ۔ یار ۔
صَاحِبُ الْحُوْت مچھلی والا ۔ یعنی حضرت
یونس علیہ السلام جنکو مچھلی نگل گئی تھی کئی
دن کے بعد زندہ نکلے ۔
صَاحِبْ ۔ ساتھ رہ ۔ رفاقت کر ۔
صَاحِبَة عورت ۔ جورو ۔

صَاحِبَیِ ۔ دو یار اصل مین صَاحِبَیْنِ
تھا نون گر گیا ہے ۔
صَاخَّة آواز سخت کہ کان کو بہرا
کرتی ہی ۔ صور پھونکنا ۔
صَادِق ۔ سچا ۔
صَادِقَات ۔ سچی عورتین ۔
صَادِقُوْنَ ۔ سچے صَادِق ۔ واحد ۔
صَارِمِیْنَ ۔ توڑنیوالے ۔
صَاعِقَة ۔ بجلی ۔ عذاب موت ۔
آگ جو آسمان سے برسے ۔
صَاغِرُوْنَ ۔ خوار ہونیوالے ۔
صَافَّات ۔ صف باندھنے والیان
پر کھولنے والیان ۔
صَافِنَات گھوڑے تین پاؤن پر
کھڑے رہنے والے اور چوتھے پاؤن کے
سُم پر ٹیکنے والے ۔
صَافُّوْنَ ۔ قطار باندھنے والے
صَالِ ۔ پہونچنے والا اصل مین صَالِی
تھا ۔ ی تعلیل سے گر پڑی ۔

صَالِح ۔ نیک مرد ۔ صُلَحَاء جمع ۔
صَالِحَات نیک عورتین نیک کام ۔
صَالِحَة ۔ واحد ۔
صَالِحُوْنَ ۔ سب نیک مرد ۔
صَالِحَیْنَ ۔ دو نیک مرد ۔
صَالُوْا ۔ پہونچنے والے ۔ بیٹھنے والے
صَامِتُوْنَ چپ رہنے والے صَامِت واحد ۔
صَبّ ۔ ڈالنا ۔
صَبَّ ۔ اُسنے پھینکا ۔ مینھ برسایا ۔
صَبَاح اُجالا ہونا ۔
صَبَّار ۔ بڑا صبر کرنیوالا ۔
صَبَبْنَا ۔ ہم نے ڈالا ۔ برسایا ۔
صُبْح ۔ فجر ۔ سفیدۂ فجر ۔
صَبَّحَ ۔ اُسنے فجر کی ۔ صبح کو پڑا ۔
صَبْر ۔ صبر کرنا محنت اوٹھانی ۔
صَبَرَ ۔ اُسنے محنت اُٹھائی ۔
صَبَرْتُم ۔ تمنے سہارا ۔
صَبَرْنَا ۔ ہم نے صبر کیا ۔
صَبَرُوْا ۔ اُنھون نے محنت اُٹھائی ۔

صِبغ۔ سالن۔ صِبَاغ جمع۔
صِبغَۃ رنگ اَصبَاغ جمع۔
صُبِّغُوا۔ وہ ڈالے گئے۔
صَبِی چھوٹا لڑکا۔ صِبیَان جمع
صِحَاف۔ رکابیان بڑے صُحفَۃ واحد
صُحُف۔ کتابین صَحِیفَۃ واحد
صَخر۔ بڑا پتھر۔ سخت پتھر
صَخرَۃ۔ بڑا پتھر۔ صُخُور۔ جمع۔
صَدّ۔ روکنا۔
صَدَّ۔ اُسنے روکا۔
صُدَّ۔ وہ روکا گیا۔
صَدَدتُم۔ تمنے روکا۔
صَدَدنَا۔ ہمنے روکا۔
صَدر۔ سینہ۔ صُدُور جمع۔
صَدع چیرنا۔ ظاہر کرنا۔ ڈراڑ۔
ذَاتُ الصَّدعِ دانا اُگانیوالی۔
صَدَفَ۔ اُسنے پہلوتہی کی۔ وہ کترایا
صَدَفَین دو پہاڑ۔ دو سیپ۔
صِدق۔ سچ۔
صَدَقَ۔ اُسنے سچ کہا۔
صَدَّقَ۔ اُسنے سچ جانا۔ سچایا۔

صَدُقَات۔ مہرین۔
صَدَقَۃ خیرات۔ زکوۃ صَدَقَات جمع۔
صَدَقَت اُسنے سچ کہا۔
صَدَقتَ تونے سچ کہا۔
صَدَّقتَ تونے سچایا۔
صَدَّقنَا ہمنے سچایا۔
صَدَقنَا۔ ہم نے سچ کہا۔
صَدَقُوا۔ وہ سچے ہوئے۔
صَدُّوا اُنھون نے باز رکھا۔ باز رکھا
صُدُّوا۔ وہ روکے گئے۔
صُدُود۔ روکنا منھ پھیرنا۔
صُدُور۔ سینہ۔ دل صَدر واحد
صَدِید۔ پیپ۔
صَدِیق۔ سچا دوست اَصدِقَاء
صِدِّیق۔ بڑا سچا۔
صِدِّیقَۃ۔ بڑی سچی عورت۔
صِدِّیقُون ایمان والے۔ بڑے سچے
صُرّ۔ بلا۔
صِرّ۔ پالا۔ سردی۔
صِرَاط۔ راہ صُرُط جمع۔
صِرَاطُ المُستَقِیم سیدھی راہ۔

صَرَّۃ۔ فریاد۔ آواز۔
صَرح محل۔ بلند مکان صُرُوح جمع۔
صَرصَر آندھی ٹھنڈی زور شور کی ہوا
صَرعیٰ بیہوش۔ بیجان مین پڑی ہوئی
صَرف۔ پھیرنا۔ خرچ کرنا۔
صَرَفَ۔ اُسنے پھیرا۔
صُرِفَت۔ وہ پھیری گئی۔
صَرَفنَا۔ ہمنے پھیرا۔ متوجہ کیا۔
صَرَّفنَا۔ ہمنے پھیر پھیر سنا ین طرح
طرح سے بیان کیا۔
صَرِیخ فریادرس۔
صَرِیم۔ کھیتی کاٹی ہوئی۔ ٹوٹا
صبح۔ تاریک رات۔
صَعَد۔ عذاب سخت۔ دوزخ مین سنگ ملس کا
ایک پہاڑ ہے۔ فرشتے اوسپر کافرونکو
چڑھاوینگے اور زنجیرون سے آگے
کھینچینگے۔ اور پیچھے سے آگ کے
گرزون سے ہانکینگے۔ چالیس برس مین چڑھینگا
پھر نیچے ڈالینگے پھر چڑھاوینگے
اسیطرح ابدالآباد تک عذاب ہوتا رہیگا
صَعِق۔ بیہوش ہونا۔

صَعِقَ۔ وہ بیہوش ہوا۔
صُعُود۔ بلندی۔ دوزخ میں ایک پہاڑ ہی
صَعِید۔ خاک روے زمین۔
صَغَار۔ خرابی۔ ذلت۔
صَغَتْ۔ وہ جھک پڑی۔ کج ہوئی
صَغِیر۔ چھوٹا۔
صَغِیرَة۔ چھوٹی۔
صَفّ۔ قطار۔
صَفَا۔ نام پہاڑ کا جو مکہ میں ہی۔
صَفْح۔ کنارہ پکڑنا۔
صُفْر۔ زرد یان۔ اَصْفَر واحد
صَفْرَاء زرد۔ (اصفر کا مونث)
صَفْصَف۔ پیٹر میدان۔
صَفْوَان پتھر برابر ہموار چکنے صاف
صَکَّتْ۔ اُسنے پیٹا۔ طمانچہ مارا۔
صَلِّ۔ تو نماز پڑھ۔
صَلّٰی اُسنے نماز پڑھی۔
صَلٰوة۔ نماز و دعا۔ درود۔
صُلْب۔ پیٹھ۔ مرد کی پیٹھ کی ہڈی۔
یہود کی عبادت گاہ اَصْلَاب جمع۔
صَلَبُوا۔ اُنھوں نے دار پر کھینچا۔

صُلْح۔ موافقت۔ میل۔
صَلَحَ۔ وہ نیک ہوا۔
صَلْد۔ سخت۔ صاف۔
صَلْصَال۔ کھنکھنانیوالا کچا ٹھیکرا
صَلُّوا۔ درود بھیجو جیسے صلوا علیہ
حضرت پر درود بھیجو۔ لاؤ بٹھاؤ جیسے
ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْهُ۔ پھر دوزخ میں
اوسکو بٹھاؤ۔
صَلَوَات۔ نمازیں۔ شاباشیں۔
صَلٰوة۔ واحد۔
صَلَوَات کنیسہ یعنی یہود کی عبادت گاہ
(اسکی اصل عبرانی میں صَلُوتَا۔ تھی)
صِلِیّ۔ پہونچنے والا۔
صُمّ۔ بہرا۔ اَصَمّ واحد۔
صَمَد نراد دعا یعنی بے کھاتا پیتا
بے پروا۔ نیازمندوں کی پناہ۔
صمّوا۔ وہ بہرے ہوئے
صُنْع کاریگری۔ بنانا۔
صَنْعَة۔ بنانا۔ کاریگری۔
صَنَعُوا۔ اُنھوں نے بنایا۔
صِنْوَان۔ جڑ ملے درخت۔ یعنی ایک

جڑ سے دو درخت نکلے ہوئے۔
صَوَاب۔ درست۔ ٹھیک بات
یعنی کلمۂ طیب۔
صُوَاع جام نام پیمانہ جسکو صاع
کہتے ہیں۔
صَوَاعِق۔ بجلیاں صاعِقَة۔ واحد۔
صَوَافّ۔ قطار باندھنے والے
صَوَامِع راہب کے عبادت خانے
صَوْمَعَة۔ واحد۔
صَوْت۔ آواز۔ اَصْوَات جمع۔
صُوْر۔ نرسنگا۔ جسکو اسرافیل بروز
قیامت خلق کے زندہ ہونے مرنے
کے واسطے پھونکینگے۔
صُوَر۔ شکلیں۔ صُوْرَة۔ واحد۔
صَوَّرَ۔ اُسنے صورت بنائی۔ پیدا کیا
صُوْرَة۔ شکل۔ صورت۔ چہرہ۔
صَوَّرْنَا۔ ہمنے شکل بنائی۔
صَوْم۔ روزہ صِیَام جمع۔
صِهْر۔ سسرال۔ داماد۔
صَیَاصِیْ۔ محل۔ قلعے۔ وہ چیز
جسکی پناہ لیں۔ صِیْصِیَة واحد

صِیَام روزہ رکھنا۔ روزے
صَوْم واحد۔
صَیِّب مینھ زور کا پانی۔ گاڑھی کی
صَیْحَۃ آواز تند چنگھاڑ۔
صَیْد۔ شکار۔
صَیِّف موسم گرما۔ گرمی کے دن۔

ض

ضَائِق۔ تنگدل ہونے والا۔
ضَاحِك ہنسنے والا۔
ضَاحِکَۃ۔ ہنسنے والی۔
ضَادٌّ بگاڑنے والا ضَادِّیْن۔ جمع
ضَاقَ۔ وہ تنگدل ہوا۔
ضَاقَتْ۔ وہ تنگدل ہوئی۔
ضَالّ۔ گمراہ۔ بھٹکنے والا بھولا ہوا۔
ضَالِّیْن گمراہ ہوئے۔ بھٹکنے والے (مراد الصاریٰ)
ضَامِر دُبلا اُونٹ لاغر اونٹ۔
ضَأن۔ بھیڑ جسکے بال ہوتے ہین
ضَبْح۔ ہانپنا۔ گھوڑا ہانپنے والا۔
ضُحٰی۔ دن چڑھے۔ چاشت کا وقت
ضَحِکَتْ۔ وہ ہنسی۔
ضِدّ مخالفت۔ مانند۔ اَضْدَاد جمع
ضُرّ۔ تکلیف۔ زیان۔ بدحالی۔
ضَرّ۔ نقصان (ضد نفع)۔
ضَرَّاء۔ سختی محنت۔

ضِرَار۔ ایک دوسرے کو نقصان پہونچانا۔
ضَرْب۔ مارنا مثل بیان کرنی چلنا۔
ضَرَبَ۔ اُسنے مارا مثل بیان کی۔
ضُرِبَ۔ وہ بیان کیا گیا۔
ضُرِبَتْ۔ وہ بیان کی گئی۔
ضَرَبْتُمْ تمنے مارا۔
ضَرَبْنَا۔ ہمنے مارا۔
ضَرَبُوْا اُنھون نے مارا۔ وہ چلے اُنھون نے بیان کیا۔
ضُرِبُوْا۔ وہ بیان کیے گئے۔
ضَرَد۔ نقصان۔
ضَرِیْع اونٹ کٹارہ۔ گھاس خشک کٹیلی کہ زہر دار ہوتی ہی کوئی جانور اسکو نہین کھاتا جبتک یہ گھاس ہری رہتی ہے شبرق کہلاتی ہی اونٹ اسکو برغبت کھاتے ہین۔
ضِعَاف ناتوان ضَعِیْف واحد۔

ضُعْف۔ ناتوانی۔ سستی۔
ضِعْف۔ مانند دومثل۔
ضَعُفَ۔ وہ کمزور ہوا۔
ضُعَفَاء۔ کمزور۔ ضَعِیْف۔ واحد۔
ضَعُفُوْا۔ وہ کمزور ہوئے۔
ضِعْفَیْن۔ دوگنا۔ دونا۔
ضَعِیْف۔ ناتوان سست۔
ضِغْث۔ جھاڑو
ضَفَادِع مینڈک ضِفْدِع۔ واحد۔
ضَلَّ وہ راہ بھولا۔
ضَلَال گمراہی۔ نافہمی۔
ضَلَالَۃ۔ راہ بھولنی۔
ضَلَلْتُ۔ مین راہ بھولا۔
ضَلَلْنَا ہم راہ بھولے خاک ونا چیز ہوئے
ضَلُّوْا۔ وہ راہ بھولے۔
ضَنْك تنگ۔ تنگی۔
ضَنِیْن۔ بخیل۔
ضِیَاء روشنی۔

ضیزیٰ۔ نقصان تنگی۔
ضیزیٰ۔ بھدا۔ ناقص (بوزن حبلی)

تھاض کو زیر برعایت ی دیا گیا)
ضیف۔ مہمان اضیاف ضیفان۔ جمع۔

ضیق۔ تنگی دل۔ گرد گھیر لینا۔
ضیق۔ تنگ بخیل۔

ط

طائر۔ اڑنے والا۔ شوم۔
طائعین۔ فرمانبرداری کرنے والے۔
طائف۔ وسوسہ۔ پھرنیوالا۔ کوتوال
طائفۃ۔ جماعت۔ گروہ پھرنیوالی۔
طائفتان۔ دو گروہ۔
طائفتین۔ دو گروہ۔
طائفین۔ پھرنے والے۔
طاب۔ وہ پاک ہوا۔ خوش آیا۔
طارد۔ ہانکنے والا۔
طارق۔ رات کا آنے والا۔ زحل تارا۔
طاعۃ۔ فرمان برداری۔
طاعم۔ کھانے والا۔
طاغوت۔ شیطان۔ سرکش بت گمراہ کرنے والا۔ کافروں کا پیشوا
طاغون۔ سرکش شریر طاغ۔ واحد
طاغیۃ۔ حد سے بڑھنی والی۔ بڑے زور کی چنگھاڑ۔

طاغین۔ شریر۔ سرکش طاغ واحد
طاف۔ وہ پھرا۔
طاقۃ۔ قوت۔
طال۔ لمبی گذری۔ دراز ہوئی۔
طالب۔ ڈھونڈھنے والا۔
طالوت۔ نام بادشاہ سلمان بنی اسرائیل
طامۃ۔ ہنگامہ غلبہ کرنے والی یعنی قیامت
طباق۔ تہ برتہ۔ کئی پرت طبقۃ واحد
طبتم۔ تم پاک ہوئے۔
طبع۔ اسنے مہر کی۔
طبع۔ مہر کی گئی۔
طبق۔ کھنڈ۔ درجہ تہ۔ پرت۔
طبن۔ وہ پاک ہوئیں۔ انھوں نے خوشی خاطر دی۔
طحی۔ اسنے بچھایا (طحو بچھانا)
طرائق۔ راہیں۔ فرقے۔
طریق۔ طریقۃ۔ واحد۔
طردت۔ مین نے ہانکا۔

طرف۔ جماعت کا ٹکڑا۔
طرف۔ نگاہ۔ آنکھ۔ کنارہ۔
طرفی۔ دو کنارے۔
طری۔ تازہ۔
طریق۔ راہ۔ طرق جمع۔
طریقۃ۔ روشن راہ طرائق جمع۔
طس۔ حروف مقطعات۔ نام قرآن یا نام اللہ تعالیٰ۔
طسم۔ حروف مقطعات نام قرآن یا نام اللہ تعالیٰ۔
طعام۔ کھانا۔ گیہوں۔ کھانیکی چیز
طعم۔ مزہ۔
طعمتم۔ تمنے کھایا۔
طعموا۔ انھوں نے کھایا۔
طعن۔ عیب کرنا۔ نیزہ مارنا۔
طعنوا۔ انھوں نے عیب کیا۔ نیزہ مارا
طغی۔ وہ حد سے بڑھا۔
طغوا۔ انھوں نے شرارت کی۔

طَغْوٰی۔ شرارت۔ نافرمانی۔

طُغْیَان۔ سرکشی۔

طَفِقَ۔ اوسنے شروع کیا۔

طَفِقَا۔ دونون نے شروع کیا۔

طِفْل۔ لڑکا۔ اَطْفَال۔ جمع۔

طَلّ۔ اوس شبنم۔

طَلَاق۔ عورت کو نکاح سے باہر کرنا

طَلَب۔ ڈھونڈھنا۔

طَلْح کیلا کیلے کا درخت۔

طَلْعٌ۔ گابھا۔ درخت خرما کا پہلا پھول۔

طَلَعَتْ۔ وہ چمکی نکلی۔

طَلَّقَ۔ اُسنے طلاق دی چھوڑ دیا۔

طَلَّقْتُمْ تم نے چھوڑ دیا۔

طَلَّقْتُمُوا تم نے چھوڑ دیا۔

طَلِّقُوا۔ تم چھوڑ دو۔

طُلُوع۔ سورج اور چاند کا نکلنا۔

طُمِسَتْ۔ وہ بےنور کی گئی مٹائی گئی

طَمَسْنَا۔ ہم نے مٹایا۔ کھودا۔

طَمَعْ۔ توقع۔ آرزو۔

طُوٰی پاکیزہ۔ شام کے ایک وادی کا نام ہی جہان حضرت موسٰی کو رسالت ملی اسکو وادی مقدس اور وادی ایمن بھی کہتے ہین۔

طَوَّافُوْنَ۔ طواف کرنے والے۔

طُوْبٰی۔ خوبی۔ جنت کے درخت کا نام ہی۔

طَوْد۔ پہاڑ۔

طُوْرِ سِیْنِیْن کوہ طور جو وادی ایمن مین ہی جہان حضرت موسٰی علیہ السلام کو تجلی ہوئی تھی۔

طَوْع۔ تابعداری خوشی سے کہنا ماننا

طَوَّعَتْ اوسے فرمان بردار کیا۔

طُوْفَان پانی کا جوش جو ہر چیز کو غرق کرے۔

طُوْل۔ دراز ہونا۔ لنباؤ۔

طَوْل۔ احسان رکھنا۔ بزرگی۔ اور احسان مین غالب آنا۔ مقدور۔

طَوِیْل۔ دراز۔ لنبا۔ بہت۔

طٰہٰ حروف مقطعات۔ نام خدا۔ یا نام پیغمبر۔

طَهَّرَ۔ اُسنے پاک کیا۔

طَهِّرْ۔ تو پاک کر۔

طَهِّرَا۔ تم دونون پاک کرو۔

طَهُوْر۔ پاک کرنے والا۔

طَیّ۔ لپیٹنا۔

طَیِّبٌ۔ پاکیزہ۔ حلال بے شبہ۔

طَیِّبَات۔ پاکیزہ چیزین ستھری چیزین۔

طَیِّبَة۔ پاکیزہ ستھری۔ حلال۔

طَیِّبُوْنَ۔ پاک لوگ۔

طَیْر۔ چڑیا۔ چڑیان۔ (واحد و جمع)

طِیْن۔ مٹی۔ گل۔

ظ

ظَالِم۔ بے انصاف۔ بے رحم

ظَالِمَة۔ ظلم کرنیوالی۔

ظَالِمُوْنَ۔ بے انصاف۔

ظَالِم۔ واحد۔

ظَانِّیْنَ۔ گمان بد کرنیوالے۔

ظَاهِر کھلا۔ غالب۔ اللہ تعالیٰ کا نام ہے

ظَاهِرَة - کھلی - آنکھ نکلی ہوئی۔
ظَاهَرُوا اُنھون نے مدد کی پشتی کی۔
ظَاهِرِيْنَ - زبردست - غالب ہونیوالے
ظَعْن - سفر - چلنا۔
ظُفُر - ناخن - اَظْفَار - جمع۔
ظِلّ - سایہ - ظِلَال - جمع۔
ظَلَّ - وہ تمام دن ہوا۔
ظِلَال سائے - ظِلّ - واحد۔
ظَلَّام - ظالم - ستمگر۔
ظُلَّة سائبان ظُلَل جمع۔
ظَلَّتْ - وہ ہوئی۔
ظَلْتَ - تو ہوا۔
ظَلْتُمْ تم ہوئے - سارے دن رہو
ظُلَل - سب سائبان ظُلَّة واحد
ظَلَّلْنَا - ہم نے سایہ کیا۔
ظُلْم - بے انصافی ستم۔

ظَلَمَ - اُسنے بے انصافی کی۔
ظُلِمَ - وہ ستم کیا گیا۔
ظُلُمَات - اندھیریاں ظُلْمَة واحد۔
ظُلْمَة اندھیری۔
ظَلَمَتْ - اوسنے ظلم کیا۔
ظَلَمْتُ مین نے ظلم کیا۔
ظَلَمْتُمْ تم نے ستم کیا۔
ظَلَمْنَا - ہم نے بے انصافی کی۔
ظَلَمُوا - اُنھون نے بے انصافی کی
ظُلِمُوا - وہ ستم کیے گئے۔
ظَلُّوا - وہ سارے دن ہوئے۔
ظَلُوم بے انصاف۔
ظَلِيْل - سایہ کرنے والا۔
ٹھنڈا سایہ۔
ظَمَاءٌ - پیاسا ہونا۔
ظَمْآن - پیاسا۔

ظَنّ - گمان - خیال کرنا۔
ظَنَّ - اوسنے گمان کیا۔
ظَنَّا دونون نے گمان کیا۔
ظَنَنَّا ہم نے گمان کیا۔
ظَنَنْتُ مین نے گمان کیا۔
ظَنَنْتُمْ - تم نے گمان کیا۔
ظَنُّوا - اُنھون نے گمان کیا۔
ظُنُوْن - سب گمان۔
ظَنّ - واحد۔
ظَهَرَ - وہ آشکارا ہوا - ظاہر ہوا۔
ظَهْر پیٹھ ظُهْرَان - جمع۔
ظُهُوْر - پیٹھین - ظاہر ہونا۔
غالب ہونا۔
ظِهْرِيّ - پیٹھ کے پیچھے ڈالا گیا۔
ظَهِيْر پشتیبان - مددگار۔
ظَهِيْرَة - وقت دوپہر۔

ع

عَائِدُوْن - پھرنے والے عَائِد واحد
عَائِل محتاج - عیال دار۔
عَابِد - پوجنے والا - عبادت کرنیوالا
غصہ ہونے والا - عُبَّاد - جمع۔

عَابِدَات - پوجنے والیاں عَابِدَة واحد
عَابِدُوْن - پوجنے والے - غصہ ہونے والے
عَابِرِيْ - چلنے والے (ن گرگیا)
عَابِر - چلنے والا - مسافر۔

عَاتِيَة - تیز - حد سے گذرنے والی۔
عَاجِلَة - جلد - دُنیا - دُنیا کی مزدوری
عَاد - حد سے تجاوز کرنیوالا (ی گر گئی)
عَاد - نام قوم ہود علیہ السلام عاد

نام دو شخص گذرے ہین عادِ اُولیٰ
عَادِ ثَانِی - عادِ اُولیٰ - قوم ہود
بن عوص بن سام بن نوح کو کہتے ہین
عَادِ ثَانِی - بنو لقیم کو کہتے ہین جو
عَادِ اُولیٰ کی ہلاکی کیوقت مکہ مین تھے
عَادَ - وہ پھر گیا۔
عَادُوا - وہ پھر گئے ۔
عَادُونَ - حد سے بڑھنے والے سرکش
عَادِیَات - تیز دوڑنے والے اونٹ
اور گھوڑے عَادِیَة - واحد
عَادَیْتُم - تم نے دشمنی رکھی ۔
عَادِّیْنَ - گننے والے ۔
عَارِض - پراگندہ ابر - عذاب کی بدلی
عَاشِرُوا - تم زندگانی کرو ۔
عَاصِف - تیز و تند ہوا - آندھی ۔
عَاصِفَات - تیز بہنے والی ہوائین
عَاصِفَة - سخت ہوا عَاصِفَات جمع
عَاصِم - بچانے والا - بچایا گیا ۔
عَافِیْنَ - درگذر کرنیوالی معاف کرنیوالے
عَاقَبَ - اوسنے عذاب کیا ۔
عَاقِبَة - پیچھے آنے والی - آخرت ۔

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ - آخرت کی
نیکیان متقیون کے واسطے ہین ۔
عَاقَبْتُم - تم نے عذاب کیا ۔
عَاقِبُوا - تم عذاب کرو ۔
عَاقِر - بانجھ ۔
عَاکِف - اوندھا معتکف ۔
عَاکِفُونَ - اوندھے معتکف ۔
عَالِم - دانا - جاننے والا ۔
عُلَمَاء جمع ۔
عَالِمُونَ - جاننے والے ۔
عَالَمِیْنَ تمام جہان ساری مخلوقات
جن اور آدمی وغیرہ عَالَم واحد
عَالٍ - بلند سرکش (کبھی ی گرجاتی ہی)
عَالِیَة - بڑی بلند - اونچی ۔
عَالِیَهُم - اونکی اوپر کی پوشاک ۔
عَالِیْنَ - بڑے مرتبہ والے سرکش
عَام - برس - اَعْوَام - جمع ۔
عَامِل - کام کرنے والا مفلس
عَامِلَة - کام کرنے والی محنت کرنیوالی
عَامِلُونَ - کام کرنے والے - زکوٰۃ
و عشر تحصیل کرنے والے - کارندے

عَامَیْنِ - دو برس ۔
عَاهَدَ - اُسنے اقرار کیا ۔
عَاهَدْتَ - تونے اقرار کیا ۔
عَاهَدْتُم - تم نے اقرار کیا ۔
عَاهَدُوا - اُنھون نے اقرار کیا ۔
عِبَاد - بندے - غلام عَبْد واحد
عِبَادَة - بندگی کرنی پوجنا ۔
عَبَث - کھیل بے فائدہ ۔
عَبْد - بندہ عِبَاد - جمع ۔
عَبْدُ اللّٰهِ - اللہ کا بندہ یعنی محمدؐ ۔
عَبَدَ - اوسنے پوجا ۔
عَبَّدْتَ - تونے بندہ بنایا عَبِیْدًا مصدر
عَبَدْتُم - تم نے پوجا تم پوجتے ہو ۔
عَبَدْنَا - ہم نے پوجا ۔
عَبْدَیْنِ - دو بندے ۔
عِبْرَة - آگاہ ہونا نصیحت پکڑنی ۔
عَبَسَ - اوسنے منہ ترش کیا تیوری چڑھائی
عَبْقَرِی - قیمتی بچھونے (ی نصبی ہی)
عَبُوس - اودن بہت سخت مراد قیامت
عَبِیْد - غلام - بندے - و اسم جمع
عَتَتْ - اوسنے شرارت کی ۔

عُتُلّ - بدخو۔ کڑی طبیعت۔
عُتُوّ - شرارت۔ سرکشی کرنی۔
عَتَوا - انھون نے شرارت کی
عَتِی - اکڑا ہوا۔
عَتِید - تیار۔ موجود۔
عَتِیق - آزاد کیا گیا۔ آزاد کرنیوالا۔
بَیتُ العَتِیق - نام خانۂ کعبہ کیونکہ لوگونکی قبضہ سے آزاد کیا گیا ہے اور لوگون کو عذاب دوزخ سے آزاد کرنے والا ہی
عُثِرَ - وہ خبر کی گئی۔
عُجَاب - تعجب مین ڈالنے والا۔
عُجَاف - دُبلے۔ لاغر عَجِف واحد۔
عَجَب - اچنبھا۔ بہت خوش۔
عَجِبتَ - تو نے تعجب کیا۔
عَجِبتُم - تم نے تعجب کیا۔
عَجِبُوا - انھون نے اچنبھا کیا۔
عَجَزتُ - مین تھکا۔
عِجل - گائے کا بچہ بچھڑا۔ گوسالہ۔
عَجَل - شتابی۔
عَجَّلَ - اُسنے شتاب ملا دیا جلدی کی۔
عَجِّل - تو جاری کر۔

عَجِلتُ - مین نے جلدی کی۔
عَجِلتُم - تم نے جلدی کی۔
عَجِّلنَا - ہم نے جلدی کی۔
عَجُوز - بڑھیا۔ بُڈھی عورت۔
عَجُول - جلدباز۔ اوتاوُلا۔
عَجِیب - نادر۔
عَدّ - گنا۔ شمار کرنا۔
عَدَّ - اوسنے گنا۔
عِد - تو وعدہ کر۔
عَدَاوۃ - دشمنی۔
عِدَّۃ - گنتی عورت کے سوگ کی مدت عدت مطلقہ تین مہینہ یا تین حیض عدت بیوہ - چار مہینہ دس روز عدت حاملہ مطلقہ یا بیوہ حاملہ لڑکا جنے تک۔
عُدَّۃ - سامان۔
عُدتُم - تم نے پھر کیا۔
عَدَّدَ - اُسنے گن گن رکھا خوب گنا
عَدَد - گنتی۔ گنا ہوا۔
عَدَس - مسور۔
عَدل - برابر کرنا۔ انصاف۔
عَدَلَ - اُسنے انداز کے ساتھ بنایا

عَدن - ہمیشہ رہنے کی جگہ۔ نام بہشت
عُدنَا - ہم نے پھر کیا
عَدو - زیادتی۔ شرارت۔
عَدُوّ - دشمن۔ اَعدَاء - جمع
عُدوَان - ظلم۔ زیادتی۔
عُدوَۃ - ناکا۔ دور جگہ۔
عَذَاب - سزا۔ دکھ۔ مار۔
عَذب - میٹھا۔
عَذَّبَ - اُسنے سزا دی۔
عَذَّبنَا - ہم نے سزا دی۔
عُذتُ - مین نے پناہ لی۔
عُذر - بہانہ الزام۔ اعذار جمع۔
عَرَاء - چٹیل میدان صاف میدان جسمین گھاس نہو۔
عُرُب - پیار والیان عورتین جو خاوندسے عاشق ہون عَرُوب - واحد۔
عَرَبِی - عرب والا۔
عُرجُون - نام گھاس کھجور کی سوکھی شاخ جو ہنسوے کیطرح ٹیڑھی ہو عَرَاجِین جمع
عَرش - چھت تخت تخت اللہ تعالی۔
عُرُوش - جمع۔

عَرَضَ- چوڑائی - پھیلاؤ - روبرو لانا
عَرَضَ- غرت - مال چاندی سونے کے سوا
عَرَضَ- اسنے ظاہر کیا -
عُرضَةً- ہمت حیلہ - داؤ - ڈھال -
عَرَّضتُم- تمنے پردے مین کیا چھپایا
عَرَضنَا- ہم نے ظاہر کیا -
عُرِضُوا- وہ ظاہر کیے گئے -
عَرَفَ- اوسنے پہچانا -
عَرَّفَ- اوسنے جتادیا پہچنوایا -
عُرف- مشہور نیکی سلوک احسان -
عَرَفَات- مکہ سے نو کوس پر - منا مین
ایک جگہ ہی جہان حضرت آدمؑ اور حضرت
حوا باہم ملے - ایکدوسرے کو پہچانا - اب
بروز عرفہ یعنی نوین ذیحجہ کو حاجی وہان کھڑے
ہوکر لبیک اور دعا پڑھتے ہین - وہین نماز ظہر
وعصر ادا کر کے مکہ کو لوٹتے ہین -
عَرَّفتَ- تو نے پہچنوایا -
عَرَفتَ- تو نے پہچانا -
عَرَفُوا- اُنھون نے پہچانا -
عَرِم- زور کا مینھ - پانی کا بند جنگلی چوہا -
عُروَة- گوشہ - آبخورے کا دستہ -

عُرُوش- تخت چھتین - عَرش واحد
عَرِيض- چوڑا -
عِزّ- بزرگی -
عَزَّ- وہ غالب ہوا -
عِزَّة- اقبال - زور -
عَزَّرتُمُوا- تم نے مدد کی -
عَزَّزنَا- ہم نے قوت دی -
عَزَّرُوا- اُنھون نے رفاقت کی -
عَزَلتَ- تو نے کنارہ پکڑا -
عَزَمَ- وہ مستعد ہوا تاکید ہوئی مقرر ہوا
عَزم- ہمت - قصد -
عَزَمتَ- تو ٹھہر چکا - تو نے ارادہ کیا
عَزَمُوا- اُنھون نے قصد کیا -
عُزّیٰ- بت یا درخت تھا جسکو ظہور
اسلام سے پہلے ہوسلم وغیرہ کفار عرب
پوجتے تھے - اوسکو حضرت خالد بن الولید نے
بحکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیست و نابود کیا
عُزَیر- پیغمبر ہین جو بنی اسرائیل شہر تھا
کے بیٹے سبط لاوی سے چودہ پیڑھی مین
ہارون بن عمران تک پہونچتے ہین - یہودی
انکو نادانی سے اللہ کا بیٹا کہتے ہین -

عَزِیز- غالب زبردست نام اللہ تعالی کا
لقب زیر مصر - نام وزیر مصر جو زلیخا کا شوہر تھا
عِزِین- گروہ گروہ - جماعت جماعت
عَسیٰ- امید ہی - قریب ہی - شاید
عُسر- تنگی سختی مشکل -
عَسِر- سخت -
عُسریٰ- سختی - دوزخ -
عُسرَة- دشواری -
عَسعَسَ- اوٹھان ہوا - اندھیرا کیا
آ کے گئے -
عٓسٓقٓ- حروف مقطعات ہین
انکے معنی اللہ تعالی کو معلوم ہین -
عَسَل- شہد -
عَسَیتُم- تم نے اُمید کی -
عَسِیر- مشکل -
یَومٌ عَسِیر- روز قیامت -
عِشَاء- رات کی نماز -
عِشَار- اونٹنیان دس مہینے کی حاملہ
جننے کے قریب عُشَرَاء - واحد
عَشَرَة- دس عورتین -
عَشر- دس عورتین -

عَشَرَۃ - دس مرد۔
عِشْرُونَ - بیس۔
عَشِیّ - شام کا وقت۔
عَشِیَّۃ - شام مغرب سے عشا تک کا وقت
عَشِیْر - رفیق - خاوند۔
عَشِیْرَۃ - قبیلہ گھرانا برادری کے لوگ
عَصَا - لاٹھی - چھڑی عِصِیّ جمع
عَصٰی - اُسنے نہ مانا - نافرمانی کی۔
عُصْبَۃ - جماعت دس سے چالیس تک
یا تیس سے چالیس تک۔
عَصْر - زمانہ - سہ پہر - نماز عصر
عُصُف - سخت ہوا - بھوسا بھوسی ہلاک کرنا
عِصَم - ناموس عقد نکاح عِصْمَۃ واحد
عَصَوْا - اُنھون نے بیحکمی کی۔
عِصِیّ - لاٹھیان - عَصَا واحد
عَصِیّ - نافرمان - گنہگار۔
عِصْیَان - گناہ۔
عَصِیْب - سخت۔
عَصَیْتَ - تونے نافرمانی کی۔
عَصَیْتُ - مین نے نافرمانی کی۔
عَصَیْتُمْ - تم نے بیحکمی کی۔

عَصَیْنَا - ہم نے گناہ کیا۔
عَضُد - بازو قوت اَعْضَاد - جمع
عَضُّوا - اُنھون نے دانتون سے کاٹا۔
عِضِیْن - بوٹیان ٹکڑے ٹکڑے عِضَۃ واحد
عَطَاء - بخشش دینا بخشنا۔
عِطْف - بازو - طرف۔
عُطِّلَتْ - وہ چھوڑی گئی چھٹی پھری۔
عِظْ - تو نصیحت کر۔
عِظَام - ہڈیان - بزرگ۔
عَظْم - ہڈی - عِظَام - جمع۔
عِظُوْا - تم نصیحت کرو۔
عَظِیْم - نام اللہ کا بڑا مرتبہ والا۔
عَفَا - اوس نے معاف کیا۔
عِفْرِیْت - دیو خبیث - راکس۔
عَفْو - گناہ معاف کرنا - نفقہ سے
مال کا زیادہ ہونا۔
عَفُوّ - بہت معاف کرنیوالا - اللہ کا نام
عَفَوْا - اونھون نقصان کیا - وہ زیادہ ہوگئے
عَفَوْنَا - ہم نے معاف کیا۔
عُفِیَ - وہ معاف کیا گیا۔
عِقَاب - سزا - عذاب۔

عَقِب - ایڑی لڑکا اعقاب جمع۔
عُقْبٰی - آخرت - بدلا۔
عَقَبَۃ - پہاڑ کی چوٹی - گھاٹی جہان
مشکل سے اوتر چڑھ سکین۔
عَقِبَیْ - ایڑیان۔
عُقَد - گرہین - عُقْدَۃ - واحد
عَقْد - گرہ - رسّی - بیع - نکاح باندھنا
عہد پیمان کا مضبوط کرنا۔
عُقْدَۃ - گرہ۔
عَقَدَتْ - اُس عورت نے عہد باندھا
عَقَّدْتُّمْ - تم نے باندھا۔
عَقَرَ - اوسنے کوچین کاٹین۔
یا پاؤن کاٹے۔
عَقَرُوْا - اُنھون نے پاؤن کاٹے۔
عَقَلُوْا - اونھون نے سمجھا۔
عُقُوْد - اقرار - عَقْد واحد
عَقِیْم - بانجھ مرد یا عورت جیسے ہوا خشک
ہوائی - روز قیامت۔
عَلٰی - اوپر - (حرف جر ہے)
عَلَا - اوسنے سرکشی کی۔
عُلّی - بلند۔

علّامٌ۔ بڑا جاننے والا۔
علاماتٌ نشانیان۔ علامۃ واحد۔
علانیۃ کُھلا۔
علقٌ خون کی پُھٹکی۔
علقۃٌ۔ خون کی ایک پُھٹکی۔ خون بندھا ہوا
عِلمٌ جاننا علوم جمع۔
عَلِمَ۔ اُسنے جانا۔
علّمَ۔ اُسنے سکھایا۔
عُلَمَاءُ عالم۔ دانا عالِمٌ۔ واحد۔
علِمتْ۔ اُسنے جانا۔
علِمتَ۔ تونے جانا۔
علّمتَ۔ تونے سکھایا۔
علّمتُ۔ مین نے سکھایا۔
علِمتُم۔ تم نے جانا۔
علّمتُم تم نے سکھایا۔
عُلِّمتُم۔ تم سکھائے گئے۔
علِمتُموا۔ تم نے جانا۔
علِمنَا۔ ہم نے جانا۔
علّمنَا۔ ہم نے سکھایا۔
عُلِّمنَا۔ ہم سکھائے گئے۔
علِمُوا۔ اُنھون نے جانا۔

عُلُوٌّ۔ چڑھنا۔
عَلَوا۔ وہ غالب ہوئے۔ اُنھون نے سرکشی کی
عَلِیٌّ۔ اللہ تعالی کا نام۔ بلند مرتبہ والا
عَلِیًّا۔ بہت اوپر۔
عَلِیمٌ دانا۔ اللہ تعالی کا صفتی نام
جسکا علم عرش سے فرش تک محیط ہے۔
عِلِّیُّونَ عِلِّیِّینَ نیکون کی روح کا
مقام جو ساتوین آسمان پر عرش کے
داہنے پایہ سے ملکر سدرۃ المنتہی
تک ہے۔
عَلَیہِمَا اون پر۔ (علی بر ہم اون
عَمَّ۔ کس چیز سے۔ اسکی اصل عن ما تھی
عَنْ سے ما کس چیزون کو میسم
کرکے اوغام کیا۔ الف گرا دیا۔)
عَمٌّ۔ چچا۔ اعمام عُمُومۃ جمع۔
عُمیٌ۔ اندھا پن۔
عَمَّاتٌ۔ پھوپھیان عَمَّۃٌ واحد
عِمَادٌ۔ کھمبے بلند عمارتین عَمَدٌ واحد
عِمَارَۃٌ۔ آبادانی۔ آباد کرنا۔
عَمَدٌ۔ ستون کھمبا عِمَادٌ جمع۔
عُمُرٌ۔ جینا۔ زندگی۔

عَمْرُ۔ جان اسکو قسم مین اکثر استعمال کرتے ہین
عِمرانُ نام دو شخص گذرے ہین۔
ایک حضرت موسیٰ و حضرت ہارون کے
باپ تھے۔ جن سے یہ دونون حضرت
آل عمران کہلاتے ہین۔ یہ عمران یاشر کے
بیٹے حضرت یعقوب کی اولاد سے ہین۔
دوسرے عمران حضرت مریم کے باپ
اور حضرت عیسیٰ کے نانا تھے جن سے حضرت
مریم و عیسیٰ آل عمران کہلاتے ہین۔ یہ
عمران ماتان کے بیٹے حضرت سلیمانؑ کی
اولاد سے ہین۔
عُمرۃٌ۔ زیارت۔ چھوٹا حج۔
عَمَرُوا اُنھون نے بسایا۔
عَمَلٌ۔ کام۔ اعمال۔ جمع۔
عَمِلَ۔ اُسنے کام کیا۔
عَمِلَتْ۔ اُسنے کام کیا۔ بنایا۔
عَمِلْتُمْ تمنے کام کیا۔
عَمِلُوا۔ اُنھون نے کام کیے۔ عمل کیے
عَمُوا۔ وہ اندھے ہوگئے۔
عَمُونَ۔ اندھے اَعْمیٰ۔ واحد۔
عُمْیٌ۔ اندھے۔ اَعْمیٰ واحد۔

عَمیٰ۔ وہ اندھا ہوا۔
عُمْیَان۔ اندھے۔ اَعْمیٰ۔ واحد۔
عَمِیَتْ۔ وہ اندھی ہوئی۔
عُمِّیَتْ۔ وہ چھپائی گئی۔
عَمِیْق۔ گہرا۔ دور راہ۔
عَمِیْنَ۔ اندھے اَعْمیٰ واحد۔
عَنْ۔ سے (حرف جر)
عِنَبٌ۔ انگور۔ اعناب۔ جمع۔
عَنَتٌ۔ مشقت۔
عَنَتَ۔ اوسنے عاجزی کی۔
عَنِتُّمْ تم مشکل مین پڑے تکلیف مین پڑے
عِنْدَ۔ نزدیک۔
عُنُق۔ گردن۔ اَعْنَاق۔ جمع۔

عَنْکَبُوت۔ مکڑی عَنَاکِبُ۔ جمع۔
عَنِیْد۔ وہ دشمن ضد کرنیوالا ناحق لڑنیوالا
عَوَانٌ۔ میانہ سال۔ اوسط عُوْن جمع۔
عِوَج۔ کجی۔ عیب۔
عَوْرَات۔ شرمگاہین۔ ننگے ہونیکے وقت۔
عَوْرَۃ۔ شرمگاہ۔ ننگا کھلا وہ چیز جسکے
دکھانے مین شرم معلوم ہو۔
عُوْقِبَ۔ وہ سزا دیا گیا۔
عُوْقِبْتُمْ۔ تم سزا دیے گئے۔
عَهْد۔ اقرار۔ قول۔ عُهُود جمع۔
عَهِدَ۔ اوسنے اقرار کیا۔
عَهِدْنَا۔ ہم نے اقرار کیا۔
عِهْن۔ رنگین اون۔ بال رنگین

عِیْد۔ مسلمانون کی خوشی کا دن
عِیْر۔ قافلہ۔
عِیْسیٰ۔ نام پیغمبر حضرت مریم کے بیٹے
بے باپ کے پیدا ہوئے۔ زندہ چوتھے آسمان پر گئے
عِیْشَۃ۔ گذران۔ زندگی۔ جینا۔
عَیْلَۃ۔ محتاجی۔
عِیْن۔ بڑی آنکھ والیان عیناء جمع
عَیْن چشمہ۔ آنکھ۔ سوت عُیُون جمع۔
عَیْنَان دو چشمے دو آنکھین۔
عَیْنَیْنِ دو آنکھین۔
عُیُوْن۔ آنکھین چشمے عَیْن واحد۔
عَیِیْنَا۔ ہم تھک گئے۔ عاجز ہوئے
اَفَعَیِیْنَا کیا ہم تھک گئے۔

غ

غَائِبَۃ۔ چھپنے والی۔
غَائِبُوْنَ۔ چھپنے والے۔
غَائِبِیْنَ۔ چھپ رہنے والے۔
غَائِط۔ کشادہ زمین۔ پاخانہ۔
غَائِظُوْنَ۔ غصے مین ڈالنے والے
غَابِرِیْنَ۔ پیچھے رہنے والے غابر واحد
غَار۔ کھوہ۔ گڑھا اَغْوَار غِیْرَان جمع

غَارِمِیْنَ۔ تاوان دینے والے۔
غَاسِق۔ رات کا اندھیرا۔ چاند گہن۔
تنگدستی۔ پریشانی۔ گمراہی۔
غَاشِیَۃ۔ چھپانے والی۔ قیامت۔
غَافِر۔ گناہ چھپانے والا بخشنے والا۔
غَافِرِیْنَ جمع گناہ چھپانے والے۔
غَافِل۔ بے خبر مرد۔ غَافِلُوْنَ۔ جمع

غَافِلَات۔ بیخبر عورتین غَافِلَۃ۔ واحد۔
غَالِب۔ زبردست غالبون جمع۔
غَاوُوْنَ گمراہ۔ غَاوِی۔ واحد۔
غَبَرَۃ۔ گرد و غبار۔ زمین ورخت ناک
غُثَاء۔ سوکھی گھاس کوڑا اغثاء جمع۔
غَد کل۔ قیامت۔
غَدَاء۔ صبح کا کھانا۔

غَدَاۃ۔ صبح کا وقت۔
غَدَق۔ بہت پانی ہوالا چشمہ۔
غُدُوّ۔ صبح کرنی۔
غَدَوَا۔ وہ صبح کو چلے۔
غَدَوْتَ۔ تو صبح کے وقت چلا۔
غَرَّ۔ اُسنے فریب دیا۔ بہکایا۔
غُرَاب۔ کوّا۔ غِرْبَان جمع۔
غَرَابِیب۔ کالے۔ سیاہ کوّے
غُرَام۔ نادان۔ ہلاکی۔ عذاب حرص
غَرَبَتْ وہ ڈوبی۔
غَرْبِیّ مغرب کی طرف والا۔
غَرْبِیَّۃ۔ پچھم والی۔
غَرَّتْہُ۔ اُسنے بہکایا فریب دیا۔
غُرَف۔ کھڑکیاں جھروکے۔
غُرُفَات۔ دریچے۔ جھروکے۔
غُرْفَۃ۔ چلو پانی۔ جھروکا۔ غرفات جمع
غَرَق۔ پانی مین ڈوبنا۔
غَرِقَ۔ وہ ڈوبا۔
غُرُوب۔ آفتاب ڈوبنا چھپنا۔
غُرُور۔ فریب۔ فریب دینا۔
غَرُور۔ فریب دینے والا۔ دنیا شیطان

غُزًّی۔ مجاہد۔ راہ خدا مین لڑنیوالے
غَازِی واحد۔
غَزْل۔ سوت۔ ڈورا۔ دھاگا۔
غَسَّاق۔ پیپ۔
غَسَق۔ اوسنے اندھیرا کیا۔
غِسْلِین زخم کا دھوون پیپ۔
غَشِّی۔ اُسنے خوب ڈھانپا چھپایا
غِشَاوَۃ۔ پوشش۔ آنکھ کا پردہ۔
غَشِیَ۔ اوسنے چھپایا۔
غَصْبٌ چھین لینا۔
غُصَّۃ خفگی۔ غم۔ گلے مین پھنسنا۔
غَضَبٌ غصہ کرنا۔
غَضِبَ۔ اوسنے غصہ کیا۔
غَضْبَان۔ غصہ بھرا ہوا۔
غَضِبُوا۔ وہ غصہ ہوئے۔
غِطَاء۔ پردہ۔ اندھیری۔
غَفَّار۔ گناہوں کا بڑا بخشنے والا۔
غَفَرَ۔ اوسنے بخشا۔
غُفْرَان بخشش۔
غَفَرْنَا ہم نے بخشا۔
غَفْلَۃ۔ بیخبری۔ بھول۔

غَفُور بخشنے والا۔ ڈھانپنے والا نام اللہ
غِلّ۔ دشمنی۔ کینہ۔ بیر۔
غَلَّ۔ اوسنے چھپایا۔ خیانت کی۔
غِلَاظ بیرحم فرشتے۔ موٹے غلیظ واحد
غُلَام۔ لڑکا غِلْمَان اَغْلِمَۃ جمع۔
غُلَامَیْن۔ دو لڑکے۔
غُلْبٌ گھنے اور ملے ہوئے درخت
غَلَبٌ زور۔
غَلَبَتْ وہ زبردست ہوئی۔
غُلِبَتْ وہ مغلوب کی گئی۔ ہرائی گئی۔
غَلَبُوا۔ وہ زبردست ہوئے۔ زور کیا۔
غُلِبُوا۔ وہ مغلوب کیے گئے۔
غُلَّتْ۔ وہ باندھی گئی۔
غِلْظَۃ سختی۔
غُلْف۔ غلاف۔ پوشش آئینہ وغیرہ۔
غِلَاف۔ واحد۔
غَلَّقَتْ اوسنے باندھا۔ بند کیا۔
غِلْمَان لڑکے چھوکرے غُلَام واحد
غُلُّوا۔ تم گردن مین طوق ڈالو
باندھو۔
غَلْیٌ۔ دیگ کا جوش مارنا۔

غلیظ. سخت۔ گاڑھا۔ گندہ۔
غم. تنگی۔ رنج۔
غمرة. سختی بیہوشی۔
غمرات. بے ہوشیان۔
غمہ۔ رنج۔
غمام۔ بدلی۔
غنم. بکری اغنام جمع۔
غنمتم. تم لوٹ لائے۔
غنی. نام اللہ تعالی۔ امیر بے پروا
غوی. وہ بیراہ چلا۔ گمراہ ہوا۔ راہ سے پھر گیا۔
غواش. پردے۔ سائبان
غواص. غوطہ لگانیوالا غوطہ خور۔
غور. گہرے پانی مین جانا گہراؤ تھاہ
غول. سر پھرنا۔
غوی. گمراہ۔
غوینا. ہم گمراہ ہوئے۔
غی. گمراہ
غیابت. کوئین کی گہرائی۔ میدان کی انتہا جس مین آدمی چھپ جائے۔
غیب. چھپی چیز چھپی بات چھپا علم
غیبة. کسی کی بدی پیچھے کہنی۔
غیث. باران۔ مینہ۔ برسنا۔ برسانا۔
غیر. سوا سے۔ مکر۔ نہین۔ نہ۔
غیض. سکھایا گیا۔
غیظ. غصہ
غیوب. چھپی چیزین۔

ف

ف. پھر۔ تب۔ اور (حرف عطف ہے)
فاءت. وہ پھر آئی۔
فائزون. مراد کو پہونچنے والے۔
فاءوا. وہ پھرے۔ انہون نے رجوع کیا
فات. وہ نابود ہوگیا۔ مرگیا۔
فئة. گروہ۔
فئتان. دو گروہ۔
فئتین. دو گروہ۔
فاتحین. کھولنے والے۔
خیر الفاتحین. اللہ تعالی۔
فاتنین. جانچنے والے۔ گمراہ کرنیوالے
فاجر. بدکار۔
فاحشة. بیحیائی۔ زنا۔ بدکار عورت
فار. اسنے جوش کیا۔
فارض. بوڑھا بیل۔ ولدار چیز
فارغ. خالی ہونیوالا فراغت پانیوالا
فارقات. جدا کرنے والی ہوائین
فارقوا. تم جدا کرو۔
فارهین. تکلیف کرنے والے۔ خوش ہونے والے۔
فاز. وہ مراد کو پہونچا۔
فاسق. بدکار بے حکم۔ نافرمان۔
فاسقون فاسقین. جمع۔
فاصل. جدا کرنیوالا الفاصلین جمع۔
فاصلین. جدا کرنے والے۔
خیر الفاصلین. اللہ تعالی
فاطر. چیرنے والا۔ پیدا کرنے والا
فاعل. کام کرنے والا۔ فاعلون فاعلین جمع۔
فاقرة. پیٹھ توڑنے والی۔ بڑا حادثہ

فاقع۔ خالص زرد۔ شوخ زرد
فاکہة۔ میوہ فواکہ۔ جمع۔
فاکہون۔ خوش ہونیوالے۔ خوش
طبعی کرنے والے فاکہٌ۔ واحد۔
فالق۔ چیرنے والا۔ نکالنے والا
فانٍ۔ نابود ہونیوالا۔ فنا ہونے والا
نبڑنے والا۔ (ی آخر سے گر گئی)
فاہُ۔ اُس کا منھ (اسکی اصل
فوہُ تھی ہ ضمیر لگنے سے واو
کو الف سے بدلا۔ ہ اصلی گر گئی۔
فتی۔ جوان۔ فتیان۔ جمع۔
فتاح۔ خوب کھولنے والا حکم کرنیوالا
نام اللہ تعالی۔
فتح۔ کھلنا۔ کھولنا۔ نصرت۔ فیصلہ۔
فتح۔ اُسنے کھولا۔
فتحت۔ وہ کھولی گئی۔ پھاڑی گئی۔
فتحنا۔ ہم نے کھولا۔
فتحوا۔ اُنھوں نے کھولا۔
فترة۔ سستی۔ تھوڑا ابتدا۔ دو
پیغمبرون کے بیچ کا زمانہ۔
فتقنا۔ ہمنے چیرا۔ ہم نے منھ کھولا۔

فتنا۔ ہم نے جانچا۔
فتنة۔ آزمایش۔ عذاب۔ بہانہ
کفر۔ شرارت۔ گمراہی۔ فساد۔ فتن۔ جمع
فتنتم۔ تم نے جانچا۔
فتنتم۔ تم بچلائے گئے۔ آزمائے گئے
فتنوا۔ اُنھوں نے ایذا دی۔ دین سے بچلایا
فتنوا۔ وہ بچلائے گئے۔
فتونا۔ جانچنا۔
فتیات۔ لونڈیاں جوان عورتیں فتاة واحد
فتیان۔ دو جوان مرد۔
فتیان۔ جوان۔ غلام فتی۔ واحد
فتیة۔ جوان۔ فتی واحد۔
فتیل۔ کھجور کی گٹھلی کا تاگا۔
فج۔ راہ کشادہ دو پہاڑ کے بیچ کی۔
فجاج۔ جمع آئین۔
فجار۔ بدکار۔ فاجر واحد۔
فجر۔ صبح صادق۔ گناہ کرنا۔
فجرة۔ بدکار۔ ڈھیٹھ فاجر واحد
فجرت۔ وہ بہائی گئی۔
فجرنا۔ ہم نے پھاڑا۔
فجوة۔ میدان۔

فجور۔ ڈھٹائی۔ نافرمانی زناکاری
نماز ترک کرنی۔
فحشا۔ بیحیائی۔
فخار۔ ٹھیکرا کھنکھنانیوالا۔
فخور۔ ناز کرنیوالا۔ بڑائی کرنیوالا
فداء۔ چھڑوائی۔ عوض لینا۔
فدیة۔ بدلا۔ چھڑوائی۔ سربہا۔
فدینا۔ ہمنے بدلا دیا۔
فرات۔ میٹھا پانی۔ ٹھنڈا پانی۔
فرادی۔ ایک ایک۔
فرار۔ بھاگنا۔
فراش۔ بچھونا۔ قالین۔ بوریا وغیرہ
فرش۔ جمع۔
فراش۔ چراغ کے پتنگے۔ پروانے۔
فراشة۔ واحد۔
فراشة چراغ کا پتنگا۔ پروانہ
فراق۔ جدائی۔
فرغ۔ دوڑا۔ متوجہ ہوا۔
فرت۔ وہ بھاگی۔
فرث۔ گوبر جو شکنبہ یعنی معدہ مین ہو
فرج۔ سوراخ شرمگاہ فروج۔ جمع

فُرِجَت۔ وہ چیری گئی۔ پھاڑی گئی
کھولی گئی۔ جھروکا بنائی گئی۔
فَرِحٌ۔ خوش ہونے والا۔
فَرِحَ۔ وہ خوش ہوا۔
فَرِحُوا۔ وہ خوش ہوئے۔
فَرِحُونَ۔ خوش ہونے والے۔
فَرْد۔ اکیلا۔ طاق۔ اَفراد جمع۔
فِردَوس۔ بہشت جو سب سے اوپر ہے
فَرَرْتُ۔ مین بھاگا۔
فَرَرْتُم۔ تم بھاگے۔
فُرُش۔ بچھونا۔ گاے بکری ذبح کرنیکی چیزین
فَرَشْنَا۔ ہم نے بچھایا۔
فَرَضَ۔ اُسنے فرض کیا۔ ٹھہرادیا۔
فَرَضْتُم۔ تم نے ٹھہرادیا۔
فَرَضْنَا۔ ہم نے ٹھہرایا۔
فُرُط۔ ظلم کرنا۔ حد سے گذرا ہوا۔
فَرَّطْتُ۔ مین نے قصور کیا۔
فَرَّطْتُم۔ تم حد سے بڑے تمنے قصور کیا
فَرَّطْنَا۔ ہم نے قصور کیا۔
فَرْعٌ۔ ڈالی۔ شاخ۔ فُرُوع۔ جمع۔
فِرعَون۔ کافر بادشاہ مصر کا لقب ہے
جو فرعون حضرت موسیٰ علیہ السلام کے
زمانے مین تھا اور دعوی خدائی کرتا تھا
اسکا نام مصعب ابن ریان تھا اور
جو فرعون حضرت یوسف علیہ السلام کے
زمانے مین تھا اسکا نام ریان تھا۔
ان دونون کے درمیان چار سو برس کا
فاصلہ تھا۔
فَرَغْتَ۔ تو فارغ ہوا۔ خالی ہوا۔
فَرْقٌ۔ جدا کرنا۔ پھاڑنا۔ مانگ۔
فِرْقٌ۔ پھانک۔
فُرْقَان۔ قرآن مجید۔ حق و باطل
جدا کرنے والا۔
فِرْقَة۔ گروہ۔ فِرَق جمع۔
فَرَّقْتَ۔ تونے جدائی ڈالی۔
فَرَقْنَا۔ ہم نے جدا کیا۔
فَرَّقُوا۔ اُنھون نے پراگندہ کیا۔
فِرُّوا۔ تم بھاگو۔
فُرُوج۔ شرمگاہین۔ اندام نہانی۔
سوراخ۔
فَرِيًّا۔ جھوٹ بہتان۔
فَرِيضَة۔ اللہ کا فرمایا ہوا یعنی
نماز روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ وغیرہ
فَرِيقٌ۔ جماعت۔ گروہ۔
فَرِيقَان۔ دو جماعتین۔
فَرِيقَيْن۔ دو جماعتین۔
فَزَعٌ۔ گھبراہٹ۔ ڈرنا۔
فَزِعَ۔ وہ ڈرا۔ وہ گھبرایا۔
فَزِعُوا۔ وہ گھبرائے۔
فُزِّعَ۔ وہ ہوش مین آیا یعنی گھبراہٹ
دور کی گئی (تفصیل سبا کیواسطے ہے)
فَسَاد۔ خرابی۔ تباہ کرنا۔
فَسَدَتْ۔ اُسنے تباہ کیا۔ خراب ہوئی۔
فَسَدَتَا۔ دونون خراب ہوئین۔
فِسْقٌ۔ گناہ۔ نافرمانی۔
فَسَقَ۔ اوسنے گناہ کیا۔
فَسَقُوا۔ اُنھون نے گناہ کیا بدکاری کی
فَسَنُيَسِّرُهُ۔ پھر ہم اوسکو جلدی سے
آسان کرینگے۔ ہم توفیق دینگے۔
فُسُوق۔ گناہ کرنا۔
فَشِلْتُم۔ تم ڈرے۔ تمنے نامردی کی
فِصَال۔ دودھ چھوڑانا۔
فَصْل۔ جدی بات۔ الگ۔ دو ملک

فَصْلُ الْخِطَاب - سچی بات کہ حق و باطل مین جدائی کرے۔
یَوْمُ الْفَصْل - قیامت کا دن۔
فَصَلَ - وہ جدا ہوا - باہر ہوا۔
فَصَلَتْ - وہ جدا ہوئی۔
فُصِّلَتْ - وہ جدا جدا کی گئی یعنی خوب بیان کی گئی۔
فَصَّلْنَا - ہم نے خوب بیان کیا۔
فَصِیْلَة - گھرانا یک جدی۔
فِضَّة - چاندی۔
فَضْل - بزرگی بخشش افضال جمع
فَضَّلَ اوسنے بزرگی دی۔
فَضَّلْتُ - مین نے بزرگی دی۔
فَضَّلْنَا - ہم نے بزرگی دی۔
فُضِّلُوْا - وہ بزرگی دیے گئے۔
فَطَرَ - اُسنے بنایا - پیدا کیا۔
فِطْرَة - پیدایش - دین اسلام۔
فُطُوْر - درار - سوراخ۔
فَظّ - سخت دل - بدزبان۔
فَعَّال - خوب کرنے والا صفت اللہ تعالی۔

فَعَلَ - اوسنے کیا۔
فُعِلَ - وہ کیا گیا۔
فَعْلَة - کرنا کام۔
فَعَلْتَ - تونے کیا۔
فَعَلْتُ - مین نے کیا۔
فَعَلْتُمْ - تم نے کیا۔
فَعَلْنَ - اُنھون نے کیا۔
فَعَلْنَا - ہم نے کیا۔
فَعَلُوْا - اُنھون نے کیا۔
فَقْر - تنگی - احتیاج۔
فُقَرَاء - درویش - محتاج فقیر واحد
فَقِیْر - درویش محتاج فُقَرَاء جمع
فَکّ - چھڑوانا۔
فَکَّرَ - اوسنے سوچا - تامل کیا۔
فَکِهِیْن - ہنستے باتین بنانے لطیفہ کہنو وا
فُلَان شخص معلوم کنایہ ہے آدمی سے
فَلَق - صبح - صبحدم - دوزخ - دوزخ مین ایک کنوان ہے۔
فُلْک - کشتی - کشتیان - اسکا واحد جمع مذکر و مونث یکسان ہے۔
فَلَک - آسمان - گھر - اَفلاک جمع

فَوَاحِش - ناشایستگی۔
فُؤَاد - دل۔
فَوَاق - اُٹھنا - مہلت - وہ حالت جو جان کندنی کے وقت ہوتی ہے - بہت تھوڑا زمانہ۔
فَوَاکِه - میوے - فاکہ - واحد
فَوْت - نیست ہونا - بھاگنا - بچنا۔
فَوْج - لشکر - اَفواج - جمع۔
فَوْر - جلدی - دیگ و چشمہ کا جوش کھانا۔
فَوْز - نجات پانی - مراد کو پہونچنا
فَوْق - اوپر۔
فُوْم - لہسن - پیاز - گیہون - چنے۔
فَهَّمْنَا - ہم نے سکھایا - سمجھایا۔
فِی - مین - بیچ - حرف جر ہے
فَیْء - پھر آنا - محصول لوٹ - سایہ - زوال آفتاب اَفیاء - جمع۔
فِیْل - ہاتھی اَفیال - جمع۔

ق

قٓ - حرف مقطعات قرآن کا نام ہے
کوہ قاف جو زمین کے چارو طرف ہے۔
قِ - تو بچا (وقی - یقی کا امر ہے)
قائل - کہنے والا - وہ بہر کو سہنیوالا
قائلون - جمع کہنے والے۔
قائم - کھڑا ہونیوالا۔
قائمۃ - کھڑی ہونیوالی۔
قائمون - کھڑے ہونے والے
قاب - مقدار یکمان کے قبضہ سے گوشہ تک کا
درمیانی فاصلہ - اور وہ دو ہوتے ہین
قاب قوسین - عربی دو کمانون کا
درمیانی فرق - دو گز۔
قابل قبول کرنے والا۔
قاتل وہ آپسمین لڑا - لڑائی کی۔
قاتل - تو لڑائی کر۔
قاتلا - تم دونون آپسمین لڑائی کرو
قاتلوا - تم آپسمین لڑائی کرو۔
قاتلوا - وہ آپسمین لڑے۔
قادر زبردست قدرت رکھنے والا
قادرون قادر کا - جمع۔

قارعۃ - قیامت - حادثہ - سختی -
قارون - حضرت موسیٰ علیہ السلام کا
چچیرا بھائی تھا - بےادبی اور زکوۃ نہ
دینے کے باعث حضرت موسیٰ کی بددعا سے
مع مال زمین مین دھنس گیا -
قاسطون ظلم کرنیوالے ٹیڑھی چلنیوالے
قاسم اُسنے قسم کھائی۔
قاسیۃ سیاہ اور سخت دل ہونیوالی
قاصد - ارادہ کرنیوالا - ہلکارہ میانہ چال
قاصرات - نیچی نگاہ والیان -
قاصرات الطرف - حورین کہ اپنے خاوند کے
سوا دوسرے کی طرف نہین دیکھتین -
قاصف توڑنیوالا ہوا سے سخت عذاب والا تند
قاضی - حکم کرنیوالا -
قاضیۃ - کام تمام کرنیوالی آخر ہونیوالی
قاطعۃ - کاٹنےوالی - کام ٹھہرانیوالی
قاع - برابر زمین -
قاعد - بیٹھنے والا - قاعدون - جمع
قاعدون - بیٹھنے والے۔
قال - اُسنے کہا۔

قالا - دونون نے کہا۔
قالت اُسنے کہا۔
قالتا دو عورتون نے کہا۔
قالوا - اونھون نے کہا۔
قالین بیزار ہونے والے - دشمنی کرنیوالے
قام - وہ کھڑا ہوا۔
قاموا - وہ کھڑے ہوئے۔
قانت - فرمان برداری کرنیوالا -
دعا کرنے والا - نماز مین چپ ہونے والا -
قانتات - تابعدار عورتین دعا کرنیوالیان
قانتون - تابعداری کرنے والے -
قانطین - ناامید ہونے والے -
قانع - تھوڑے پر بس کرنیوالا محتاج خوار
قاہر - غالب قاہرون - جمع -
قبائل گروہ - گوتین - قبیلۃ کا جمع
قبر - گور جسمین مردہ گاڑین -
قبس - جلا ہوا -
قبض - کھینچنا پکڑنا -
قبضۃ - ایک مٹھی -
قبضت - مین نے پکڑا -

قَبَضنَا۔ ہم نے پکڑا۔ ہم نے کھینچا
قَبل۔ پہلے آگے۔
قُبُل۔ سامنے۔
قِبَل۔ طرف۔
قِبلَة۔ کعبہ جسکی طرف نماز مین منھ کرین
قُبُور۔ قبرین۔ قبر۔ واحد
قَبُول۔ مان لینا۔ لے لینا۔
قَبِیل۔ گروہ۔ ضامن۔
قِتَال۔ باہم لڑائی کرنی۔
قَتَر۔ گرد۔ سیاہی قترۃ واحد
قَترة۔ گرد و غبار۔ تاریکی۔ سیاہ
قَتل۔ ہلاک کرنا کسی خبر کو خوب سمجھنا
قَتَلَ۔ اُسنے مار ڈالا۔
قُتِلَ۔ وہ مارا گیا۔
قَتلٰی۔ مردے۔ مارے گئے۔
قَتِیل۔ واحد۔
قُتِلَت۔ وہ ماری گئی۔
قَتَلتَ۔ تو نے مار ڈالا۔
قَتَلتُم۔ تم نے مار ڈالا۔
قُتِلتُم۔ تم مارے گئے۔
قَتَلتُمُوا۔ تم نے مار ڈالا۔

قَتَلنَا۔ ہم نے مار ڈالا۔
قُتِلنَا۔ ہم مارے گئے۔
قَتَلُوا۔ اُنھون نے مار ڈالا۔
قُتِلُوا۔ وہ مارے گئے۔
قُتِّلُوا۔ وہ ٹکڑے ٹکڑے کیے گئے
قَتُور۔ بخیل۔ اہل عیال پر تنگی کرنی
قِثَّاء۔ ککڑی۔
قَد۔ تحقیق کبھی۔ قد جب ماضی پر آتا ہی
تحقیق کے معنی دیتا ہی۔ اور جب مضارع
پر آتا ہی کبھی کے معنی دیتا ہی
قُدَّ۔ وہ پھاڑا گیا۔
قَدَّت۔ اوسنے پھاڑا۔
قَدح۔ آگ سلگانی۔
قِدَد۔ مختلف راہین۔ جدا جدا۔
مذہب قِدة۔ واحد۔
قَدَر۔ اندازہ۔ جانچنا۔
قَدَر۔ اندازہ۔ تقدیر۔ حکم۔ طاقت
قَدَرَ۔ اُسنے اندازہ کیا۔ اوسنے تنگ کیا
قُدِرَ۔ وہ تنگ کیا گیا۔
قَدَّرَ۔ اُسنے مقرر کیا۔
قَدِّر۔ تو اندازہ کر۔

قَدَرنَا۔ ہم توانا ہوئے۔
قَدَّرنَا۔ ہم نے اندازہ کیا۔
قَدَّرُوا۔ اُنھون نے اندازہ کیا جانچا
قَدَّرُوهَا۔ اُنھون نے اندازہ کیا اسکا
قُدُس۔ پاک۔ روح القدس
نام جبرئیل علیہ السلام
قَدَم۔ پانون۔ تلوا۔ اچھے برے عمل
قَدَمِ صدق۔ نشانہ نیک۔ سابقہ خیر۔
قَدَّمَ۔ اُسنے آگے بھیجا۔
قَدَّمَت۔ اُسنے آگے بھیجا۔
قَدَّمتُ۔ مین نے آگے بھیجا۔
قَدَّمتُم۔ تم نے آگے رکھا۔
قَدَّمتُمُوا۔ تم نے آگے رکھا۔
قَدَّمنَا۔ ہم نے آگے بھیجا۔
قَدَّمُوا۔ اُنھون نے آگے بھیجا
قَدِّمُوا۔ تم آگے بھیجو۔
قُدُور۔ دیگین قدر۔ واحد
قُدُّوس۔ بہت پاک۔ نام اللہ تعالیٰ
قَدِیر۔ زبردست۔ نام اللہ تعالیٰ
قَدِیم۔ پرانا۔ مدت کا۔
قَذَفَ۔ اُسنے پھینکا۔

قذفنا - ہم نے پھینکا۔
قُریٰ - شہر گاؤں بستیاں قریۃ واحد
اُمّ القریٰ - نام مکہ معظمہ۔
قرءَ - اوسنے پڑھا۔
قُرِیٔ - وہ پڑھا گیا۔
قرأتَ - تونے پڑھا۔
قرار - آرام - آرام کی جگہ۔
قراطیس - کاغذ - ورق قرطاس واحد
قرآن - پڑھنا - جمع کرنا - کلام الٰہی
جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا
قرءنا - ہمنے پڑھا۔
قرّبَ - اسنے نزدیک کیا۔
قرّبا - دونوں نے نزدیک کیا۔
قُربیٰ - نزدیکی - رشتہ دار۔
ذوی القربیٰ - ناتے والے - اپنایت
قُربات - نزدیکیاں - قُربۃ واحد
قُربۃ - نزدیکی خوشی۔
قُربان - قربانی نیاز - درجہ پانا وہ چیز جسکو اللہ
کی راہ میں تصدق کرکے اللہ کی نزدیکی ڈھونڈھیں
قرّبنا - ہم نے نزدیک کیا۔
قُرّۃ - آنکھ کی ٹھنڈک - آنکھ کی روشنی

قرح - زخم - پھوڑا - قروح جمع۔
قِرَدۃ - بندر - قرد - واحد
قرض - ادھار دینا - کاٹنا - بدلا -
نیکی بدی جو آگے بھیجی جائے۔
قرطاس - کاغذ - قراطیس جمع
قَرن - تم آرام پکڑو - وقار سے رہو
قَرن - سینگ - گیسو - سنگت
ایک زمانہ کے لوگ تین یا اسی برس کا زمانہ
قُرَنا - ہمزاد - ہم نشین - قرین واحد
قرنین - دو سینگ دو سرے۔
ذوالقرنین - سکندر رومی بن فیلقوس
جو حضرت خضر کا مصاحب تھا سکندر یا
نہیں جو یونانی اور جسکا وزیر ارسطو تھا
قروء - حیض - طہر لغت اضداد ہے
قُرون - سینگ زمانے قرن واحد -
قَرّی - تو آنکھ روشن کر ٹھنڈی کر
قریب - نزدیک۔
قَریۃ - گاؤں - شہر - قُریٰ جمع۔
قریتین - دو گاؤں مکہ وطائف۔
قُریش - عرب کا ایک قبیلہ اولاد
نضر بن کنانہ سے جو آنحضرت سے

پہلے بارھویں پشت میں تھا۔
قرین - ساتھی ہم نشین - قرنا جمع۔
قسَت - وہ سخت ہوئی سیاہ ہوئی
قِسط - انصاف - عدل۔
قِسطاس - ترازو۔
قسم - سوگند۔
قِسمۃ - حصہ بانٹنا۔
قسمنا - ہم نے بانٹا۔
قسوۃ - سختی۔
قسورۃ - شیر غرّاتا۔
قسیسین - نصاریٰ کے عالم و سردار
قصَّ - اوسنے بیان کیا۔
قِصاص - بدلے میں مارنا - برابر
دیا ہوا پھیر لینا۔
قصد - بیان کرنا۔
قصر - محل - کوٹھا - قصور جمع۔
قصص - قدم بقدم چلنا - حال بیان کرنا
قِصص - داستان کہانی قصۃ - واحد
قصصنا - ہم نے بیان کیا۔
قصمنا - ہم نے توڑا۔
قصویٰ - انتہا - نہایت دور۔

قُصُور - محل - قصر - واحد -
قُصّی - تو پیچھے چل -
قَصِیّ - دور - علحدہ مکان -
قض
قَضیٰ - اُسنے حکم کیا - وہ مرا -
اوسنے خبردار کیا -
قَضب - ترکاری - شلغم - مولی -
چقندر - وغیرہ - ایک گھاس ہی -
قَضَوا - اُنھون نے حکم کیا -
قُضِیَ - وہ فیصلہ کیا گیا -
قَضَیتَ - تونے چکایا - فیصلہ کیا
قَضَیتُ - مین نے تمام کیا پورا کیا
قُضِیَت - وہ تمام ہوئی - آخر کو
پہونچائی گئی -
قَضَیتُم - تم نے حکم کیا - ادا کیا -
قَضَینا - ہم نے چکایا - حکم کیا -
قط
قِطّ - حصہ -
قِطر - تانبا پگھلا ہوا گندھک -
قطران - سیاہ دوا جو خارشتی
اونٹون کو ملتے ہین درخت
ابہل کا شیرہ یا درخت انکول کا روغن
قِطع - ٹکڑا پچھلی رات کا اندھیرا -

قِطَع - ٹکڑے - قِطعۃ - واحد
قُطِّعَ - وہ کاٹا گیا -
قَطَّعَ - اُسنے ٹکڑے ٹکڑے کیا -
قُطِّعَت - وہ پھاڑی گئی کاٹی گئی -
قَطَّعتُم - تم نے کاٹا -
قَطَّعنَ - اون عورتون نے کاٹا
قَطَعنا - ہم نے کاٹ ڈالا -
قَطَّعنا - ہمنے خوب کاٹا - پراگندہ کیا
قِطمِیر - تاگا باریک کہ کھجور کی گٹھلی کے
اندر ہوتا ہی یا اُس کا چھلکا اور چھلی
قُطُوف - میوے خوشے انگور کے
گچھے - قِطف - واحد -
قع
قَعَدَ - وہ بیٹھا -
قَعَدُوا - وہ بیٹھے -
قَعُوا - وہ گر پڑے -
قُعُود - بیٹھنا بیٹھنے والے -
قَعِید - ہم نشین بیٹھنے والا -
قف
قِفُوا - تم ٹھہراؤ -
قَفَّینا - ہم نے پیچھے بھیجا - پے در
پے بھیجا -
قل
قُل - تو کہہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم -

قَلَّ - وہ کم ہوا -
قَلیٰ - اُوسنے دشمن رکھا - بیزار ہوا
قَلائد - لٹکن والیان گلوبند -
قِلادۃ - واحد -
قَلب - دل - عقل قُلوب - جمع
قَلَّبُوا - وہ پلٹے وہ پھرے -
قَلبَین - دو دل -
قُلتَ - تونے کہا -
قُلتُ - مین نے کہا -
قُلتُم - تم نے کہا -
قَلَم - خامہ - اَقلام جمع (وہ قلم جس سے
لوح محفوظ پر لکھا نور کا ہی اس کا
طول آسمان و زمین کے فاصلہ کے
برابر ہی حدیث مین ہی کہ اللہ تعالی نے
جب قلم کو پیدا کیا اُسکی طرف دیکھا
درمیان سے چر گیا قیامت تک جو کچھ
ہونیوالا ہی سب لوح محفوظ پر لکھدیا ہی)
قُلنَ - اون سب عورتون نے کہا -
قُلنا - ہم نے کہا -
قُلُوب - دل - قَلب واحد -
قَلِیل - کم تھوڑا - قَلِیلُون - جمع -

قلیلًا ما - تھوڑا (ما زائد ہے)
قلیلة - تھوڑی -
قم - تو کھڑا ہو اوٹھ -
قمتم - تم کھڑے ہوئے -
قمر - چاند - اقمار جمع -
قمطریر - سختی - سخت -
قمّل - ٹڈیاں چچڑی یعنی کلنی قمّلة واحد
قمیص - کرتا - پیراہن -
قمصان - اقمصة قمص - جمع -
قناطیر - تودے گاسے کے بھرے
سونے سے بھرے قنطار واحد
قنطار - تودہ - گاسے کا چرہ ہزار دینار
بھرا - ایک سو بیس رطل سونا چاندی -
قنطوا - وہ ناامید ہوئے آس توڑ چکے
قنوان - گچھے تازے خوشے -
دو تازے خوشے - قنو واحد
قنوط - ناامید -

قوا - تم بچاؤ - نگاہ رکھو -
قوی - زور قوتیں - قوة واحد -
قواریر - شیشہ بوتل - قارورة واحد
قواعد - گھر میں بیٹھنے والیاں
بڈھیاں عمارت کے پائے قاعدة واحد
قوام - سچائی - گذران - سیدھا -
قوامون - زبردست - سیدھے
کھڑے ہونے والے -
قوة - زور - طاقت قوی - جمع -
قوتلتم - تم مارے گئے -
قوتلوا - وہ مارے گئے - لڑائی کی گئی
قوس - کمان - اقواس - جمع -
قوسین - دو کمان -
قاب قوسین - مقدار دو کمان عربی و دیگر
قول - بات - کہنا اقوال - جمع -
قولا - تم دونوں کہو -
قولوا - تم کہو -

قولی - تو کہہ - (مؤنث)
قوم - گروہ - اقوام - جمع
قوموا - تم کھڑے ہو -
قوی - زبردست نام اللہ تعالی -
قہار - دباؤ والا - زبردست -
صفت اللہ تعالی -
قیام - اوٹھنا - کھڑا ہونا -
قیمة - قیامت پچھلا دن آخرت کا اٹھنا
قیضنا - ہم نے مقرر کیا - لگا دیا -
ہم نے ٹھہرایا -
قیعة - میدان جہاں گھاس اوگے -
قیل - کہنا - بات - کہا گیا -
وقیله - اُسکے کہنے کی قسم -
قیّم - قائم کھڑے والا - نگاہ رکھنے والا درست
قیم - سیدھا - صحیح -
قیمة - سچ مضبوط -
قیوم - تھامنے والا - نام اللہ تعالی

ک

ک - مثل - مانند - (حرف جر)
کَ - تجھکو تیرا (ضمیر مرفوع
ومجرور مذکر)

کِ - تجھکو تیری - (ضمیر مرفوع
ومجرور مؤنث) -
کاتب - لکھنے والا منشی -

کاتبوا - تم لکھو - مال لیکر آزاد کرو -
کاتبون - لکھنے والے -
کاتبین - لکھنے والے -

گَادَ ۔ وہ قریب ہی۔
گَادَتْ ۔ وہ قریب تھی۔
گَادِحٌ ۔ کوشش کرنے والا۔
کام کرنے والا پہونچنے والا۔
گَادُوْا ۔ وہ نزدیک تھے ہونے لگتے تھے۔
گَاذِبٌ ۔ جھوٹا۔
گَاذِبَۃٌ ۔ جھوٹی۔
گَاذِبُوْنَ ۔ جھوٹے۔
کَارِھُوْنَ ۔ بیزار ہونے والے رنج اُٹھانے والے۔ کَارِہٌ واحد
کَاسٌ ۔ پیالہ شراب سے پُر۔
کَاشِفٌ ۔ کھولنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔
کَاشِفَۃٌ ۔ کھولنے والی۔
کَاشِفُوْا ۔ کھولنے والے۔
کَاظِمِیْنَ ۔ غصہ دبانے والے۔ غصہ پی جانے والے کَاظِمٌ واحد
کَافٍ ۔ بس ہونے والا۔
کَافَّۃٌ ۔ سب۔ منع کرنے والی۔
کَافِرٌ ۔ ناشکر۔ منکر بے ایمان

کُفَّارٌ ۔ جمع
کَافِرَۃٌ ۔ منکر ہونیوالی کَوَافِر جمع
کَافِرُوْنَ ۔ منکر بے ایمان۔
کَافُوْرٌ ۔ دوا سفید خوشبودار جو مفرح اور مقوی دل ہی جنت کا ایک چشمہ ہی
کَالِحُوْنَ ۔ کالے منھ بدشکل ہونیوالے۔
کَالُوْا ۔ اُنھوں نے ناپ دیا مایا
کَامِلَۃٌ ۔ پوری۔
کَامِلَیْنِ ۔ دو پورے۔
کَاَنَّ ۔ گویا کہ (حرف مشبہ بفعل ہی)
کَاَنَّمَا ۔ گویا کہ۔ (مَا زائد ہی)
کَانَ ۔ کا عمل خلاف افعال ناقصہ ہی)
کَانَ ۔ وہ تھا۔ وہ ہی۔
کَانَا ۔ وہ دونوں تھے۔
کَانَتْ ۔ وہ تھی۔
کَانَتَا ۔ وہ دونوں تھیں۔
کَانُوْا ۔ وہ تھے۔
کَانَ سے کَانُوْا تک افعال ناقصہ ہیں
کَاھِنٌ ۔ فال کہنے والا۔ پریون والا جادوگر۔ کَھَنَۃٌ ۔ جمع۔

کَایِّنْ ۔ بہت کتنی۔
کَبَائِرُ ۔ بڑے گناہ۔ کبیرۃ واحد
کُبَّارٌ ۔ بہت بڑا۔
کُبِتَ ۔ وہ اوندھا کیا گیا رد کیا گیا
کُبِتَتْ ۔ وہ اوندھی کی گئی۔
کُبِتُوْا ۔ وہ اوندھے کیے گئے رد ہوئے۔
کَبَدٌ ۔ محنت سختی۔ رنج۔
کِبْرٌ ۔ بڑائی۔
کِبَرٌ ۔ بڑھاپا۔
کُبْرٰی ۔ بڑی چیز بڑے کارخانے
کُبْرٰی ۔ واحد۔
کَبُرَ ۔ وہ بزرگ ہوا۔ بڑا بہت
کَبِّرْ ۔ تو بزرگی کر تعظیم کر یاد کر بڑائی ول
کُبْرٰی ۔ بڑی چیز۔ بہت بڑی۔
کُبَرَاءُ ۔ بزرگ بڑے کَبِیْرٌ واحد
کَبُرَتْ ۔ وہ بزرگ ہوئی۔
کِبْرِیَاءُ ۔ بزرگی بڑائی۔ بزرگ ہونا
کُبْکِبُوْا ۔ وہ اوندھے کیے گئے۔
کَبِیْرٌ ۔ بزرگ نام اللہ تعالی۔
کَبِیْرَۃٌ ۔ بڑی۔ بڑا گناہ۔

کِتَاب۔ لکھنا۔ لکھا ہوا کُتُب جمع
اُمّ الکِتَاب۔ سورۂ فاتحہ لوح محفوظ
کِتَابِیَہ۔ میرا لکھا یعنی اعمالنامہ
کُتُبٌ۔ کتابیں۔ کِتَاب۔ واحد
کَتَبَ۔ اوسنے لکھا۔ فرض کیا۔
کُتِبَ۔ وہ لکھا گیا فرض کیا گیا۔
کَتَبَتْ۔ اوسنے لکھا فرض کیا۔
کَتَبْتَ۔ تو نے لکھا۔
کَتَبْنَا۔ ہم نے لکھا فرض کیا۔
کَتَمَ۔ اوسنے چھپایا۔
کَثُرَ۔ وہ بہت ہوا۔
کَثَّرَ۔ اوسنے بہت کیا۔
کَثْرَۃً۔ بہتایت بہت ہونا۔
کَثُرَتْ۔ وہ بہت ہوئی۔
کَثِیبَ رِیت۔ بالو کا ٹیلا۔
کَثِیر۔ بہت۔
کَثِیرَۃ۔ بہت چیزیں۔
کِدْتَ۔ تو نزدیک تھا۔
کَدْحٌ۔ پہونچنا رنج اوٹھانا کام کرنا
کِدْنَا۔ ہمنے داؤ سکھایا۔
کَذَّاب۔ بڑا جھوٹا۔

کِذَّاب۔ جھٹلانا۔ مکرنا۔ انکار کرنا
کَذٰلِکَ۔ اسی طرح۔
کَذٰلِکُمْ۔ اسی طرح۔
کَذِبٌ۔ جھوٹ کہنا جھوٹ۔
کَذَبَ۔ اوسنے جھوٹ کہا۔
کَذَّبَ۔ اوسنے جھٹلایا۔
کَذَبَتْ۔ وہ جھوٹ بولی۔
کَذَّبَتْ۔ اوسنے جھٹلایا۔
کَذَّبْتُمْ۔ تم نے جھٹلایا۔
کَذَّبْنَا۔ ہم نے جھٹلایا۔
کَذَبُوْا۔ اُنھوں نے جھوٹ کہا۔
کُذِبُوْا۔ وہ جھٹلائے گئے۔
کَذَّبُوْا۔ اونھوں نے جھٹلایا۔
کُذِبُوْا۔ وہ جھٹلائے گئے۔
کِرَام۔ بزرگ۔ سردار کریم واحد
کِرَامًا کَاتِبِیْن۔ دو فرشتے ہیں جو ہر شخص
کی نیکی بدی روزانہ لکھتے ہیں۔
کَرْب۔ غم گھبراہٹ کروب۔ جمع
کَرَّۃ۔ ایک بار پھر کر آنا۔
کَرَّتَیْنِ۔ دو بار۔
کُرْسِیُّ۔ چوکی۔ آٹھواں آسمان

کَرَّمْتَ۔ تو نے بزرگی دی۔
کَرَّمْنَا۔ ہم نے بڑائی دی۔
کُرْہٌ۔ ناخوشی ناگوار۔
کَرْہٌ۔ زبردستی رنج سختی۔
کَرِہَ۔ اوسنے برا بر جانا۔ ناخوش رکھا
کُرِہَ۔ برا لگا۔ مکروہ کیا۔ برا جانا
کَرِھْتُمُوْا۔ تم نے بد جانا۔
کَرِھُوْا۔ وہ برا سمجھے۔
کَرِیْمٌ۔ بزرگ۔ بخشنے والا نام اللہ کا
کَسَاد۔ بگڑنا۔ ناروا جی۔
کُسَالٰی۔ جمع ہے سُست کسل واحد
کَسَبَ۔ اوسنے کمایا۔
کَسَبَا۔ دونوں نے کمایا
کَسَبَتْ۔ اوسنے کمایا۔
کَسَبْتُمْ۔ تم نے کمایا۔
کَسَبُوْا۔ اُنھوں نے کمایا۔
کِسَف۔ ٹکڑا۔ کسف جمع۔
کِسَف۔ ٹکڑے کِسفۃ۔ واحد
کِسْوَۃ۔ کپڑا۔ پوشاک۔ لباس۔
کَسَوْنَا۔ ہم نے پہنایا۔
کُشِطَتْ۔ وہ چھلکا اوتاری گئی۔

کھال کھینچی گئی پر وہ اوٹھایا گیا۔
کَشَفَ۔ کھولنا۔
کَشَفَ۔ اُسنے کھولا۔
کَشَفَتْ۔ اوسنے کھولا۔
کَشَفْتَ۔ تونے کھولا۔
کَشَفْنَا۔ ہم نے کھولا۔
کَظِیم۔ تنگدل یعنی گھٹ رہا غصہ پی جانے والا۔
کَعْبَۃ۔ بیت اللہ۔ چار گوشہ گھر۔
کَعْبَیْنِ۔ دو ٹخنے دو گھٹنے۔
کَفَّ۔ اُسنے باز رکھا۔ روک رکھا
کَفٌّ۔ پنجہ ہتھیلی۔ کُفُوف جمع
کَفَّا۔ دو ہتھیلیان۔
کَفَی۔ وہ بس ہی کافی ہی۔ کفایت۔
کِفَات۔ جمع کرنے والی سمیٹنے والی جگہ۔
کُفَّار۔ ناشکر۔ ناسپاس۔
کُفَّار منکر کھیتی کرنے والے۔
کَافِر۔ واحد
کَفَّارَۃ۔ پاک کرنے والا۔ اوتارا ہوا گناہون کا ڈھانپنے والا۔

کُفْر۔ انکار۔ ایمان نہ لانا۔
کَفَرَ۔ وہ منکر ہوا۔ اوسنے نہ مانا
کُفِرَ۔ وہ منکر کیا گیا۔
کَفِّرْ۔ تو دور کر۔ اوتار ڈھانپ۔
کُفْرَان۔ ناشکری ایمان نہ لانا
کَفَرَۃ۔ منکر۔ کَافِر واحد۔
کَفَرَتْ۔ وہ منکر ہوئی۔
کَفَرْتَ۔ تو منکر ہوا۔
کَفَرْتُمْ۔ تم منکر ہوئے۔
کَفَّرْنَا۔ ہم نے دور کیا۔
کَفَرُوْا۔ وہ منکر ہوئے۔
کَفَفْتُ۔ مین نے روکا۔
کِفْل۔ حصہ۔ اَکْفَال۔ جمع۔
ذُو الْکِفْل۔ ایک پیغمبر کا نام ہی
کَفَلَ۔ اوسنے سونپا۔ وہ ضامن ہوا
کِفْلَیْنِ۔ دو حصے۔
کُفُوًا۔ جوڑ کا شریک۔ برابر مثل
کُفُّوْا۔ وہ روکے گئے۔
کُفُوْر۔ ناشکری۔
کَفُوْر۔ ناشکر۔ ناشکری کرنے والا
کَفَّی۔ دو ہتھیلیان۔

کَفِیْل۔ ضامن۔ کُفَلَاء جمع۔
کَفَیْنَا۔ ہم بس ہین۔ کافی ہین
کَلّ۔ بوجھ۔ گرانی۔
کُلّ۔ سب۔ ہر چیز۔
کِلَا۔ دو مرد۔
کَلَّا۔ ایسا نہین ہرگز نہین۔
کُلَا۔ تم دونون کھاؤ۔
کَلَالَۃ۔ وہ جو مرے اور باپ مان اور فرزند وارث نہ چھوڑے
کَلَام۔ بات کرنی۔ پوری بات
کَلْب۔ کتا۔ کِلَاب۔ جمع۔
کِلْتَا۔ دو عورتین۔
کِلْتُمْ۔ تم نے ناپا تولا۔ وزن کیا
کَلِم۔ باتین۔ کَلِمَۃ واحد۔
کَلَّمَ۔ اوسنے بات کی۔
کُلِّمَ۔ وہ بات کیا گیا۔
کُلَّمَا۔ جب۔
کَلِمَات۔ باتین کَلِمَۃ۔ واحد
کَلِمَۃ۔ بات۔ کَلِم۔ جمع۔
کُلُوْا۔ تم کھاؤ۔
کُلِّی۔ تو کھا۔

کَمْ کتنے بہت وکم کی دو قسمین ہین
استفہامیہ۔ اور خبریہ۔)
کُمْ۔ تم کو۔
کُمَا۔ تم دونون کو۔
کُمُوْ۔ تم سب کو۔
کُنْ۔ تو ہو۔
کِنٌّ۔ پردہ پناہ کی جگہ۔ اکنان۔ جمع
کُنَّ۔ تھین ہیں۔ وہ سب عورتین
کُنَّ۔ تم سب عورتون کی ضمیر
کُنَّا۔ ہم ہین۔
کُنْتِ تو تھی۔
کُنْتَ۔ تو ہے۔
کُنْتُ۔ مین ہون۔
کُنْتُمْ۔ تم ہو۔
کُنْتُنَّ۔ تم تھین۔
کَنْزٌ۔ خزانہ۔ کُنُوْز۔ جمع
کَنَزْتُمْ تم نے گاڑا۔
کُنَّسٌ۔ چھپ جانے والے ساتون
سیارے یعنی سورج۔ چاند۔ زحل
مشتری مریخ۔ زہرہ۔ عطارد جو پچھم سے
پورب کے سیدھے جاتے ہین پھر پیچھے پھرتے ہین
کَنُوْدٌ۔ ناشکرا
کُنُوْزٌ۔ خزانے کَنْزٌ۔ واحد۔
کَوَاعِبُ۔ عورتین نوجوان کنواری
جنکی چھاتیان انار کیطرح اونچی ہون
کَعَابٌ۔ کَاعِبٌ۔ واحد۔
کَوَافِرُ۔ بے ایمان عورتین۔
کَافِرَۃٌ۔ واحد۔
کَوَاکِبُ۔ تارے۔ کَوْکَبٌ۔ واحد
کَوْثَرٌ۔ بہت نیکی کرنے والا۔ +
جنت کی نہر جس کا پانی دودھ سے سفید
شہد سے میٹھا ایک حوض مین بھرا
ہی۔ اوس حوض مین سونے
چاندی کے آبخورے آسمان کے
تارون اتنے تیرتے ہین آنحضرت صلعم
اور آپ کے اصحاب روز قیامت کھڑے
ہوکر اوس حوض سے پانی امت کو
پلاوینگے۔ جو کوئی ایک بار پیئیگا کبھی
پیاسا نہ ہوگا۔ اللہ تعالے ہم سب
مسلمانون کو نصیب کرے آمین۔
کُوِّرَتْ۔ وہ تہ کی گئی۔ لپیٹی گئی۔
کَوْکَبٌ۔ ستارا بڑا چمکدار۔
کَوْنٌ۔ ہونا موجود ہونا۔
کُوْنُوْا۔ تم ہو۔
کُوْنِیْ۔ تو ہو (ایک عورت سے)
کَہْفٌ۔ غار یعنی کھوہ پناہ کی جگہ۔
اَصْحَابُ کَہْفٍ (لغات الف مین دیکھو)
کَہْلٌ۔ پوری عمر۔ میانہ سال ادھیڑ
مرد تیس برس سے پچاس برس تک کہل
کہلاتا ہی۔ کُہُوْلٌ جمع۔
کٓہٰیٰعٓصٓ۔ حروف مقطعات ہین
انکے معنی اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہین
کَیْفَ۔ کیونکر ہوا کیسا ہوا۔
کَیْ۔ تاکہ (حرف ناصب مضارع ہی۔
کَیْدٌ۔ مکر۔ برا چیتنا۔
کِیْدُوْا۔ تم فریب کرو۔
کَیْلٌ۔ ناپ۔ پیمانہ۔

ل

لِ۔ واسطے قسم ہو (حرف جر ہی)
لَ۔ البتہ۔ بیشک (حرف تاکید ہی)
لَا۔ نہ۔ نہیں۔

لَا اُقْسِمُ - قسم کھاتا ہون (لا تاکید کیلئے)
لَائِمٌ - ملامت کرنے والا -
لَائِیْ - دو عورتین لاتی - واحد -
لَابِثِیْنَ - رہنے والے -
لَاتَ - نہین تہا اسمین ت زیادہ
ہی اخفش کے نزدیک یہ ماضی کا
صیغہ ہی اسمین ضمیر فاعل مستتر ہی -
لَاتَ - نام بت - جسکو بنو ثقیف
طائف مین پوجتے تھے -
لَازِبٌ - لازم چکنے والا -
لَاعِبِیْنَ - کھیلنے والے لَاعِبٌ واحد
لَاعِنُوْنَ - لعنت کرنیوالے لَاعِنٌ واحد
لَاغِیَةً - بیہودہ بات بیہودہ بکنا -
لَاقِیْ - ملاقات کرنیوالا - ملنے والا
لٰکِنْ - لیکن - مگر - پر -
لٰکِنَّ - مگر لیکن پر -
لٰکِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّیْ - پر مین تو کہون
وہی اللہ ہی میرا رب -
لٰکِنَّا کی اصل لکنَّ انا تھی - الف دور
کرکے ن کو نون مین ادغام کر دیا -
لَامَسْتُمْ - تمنے جماع کیا تمنے چھوا

لُؤْلُؤٌ - موتی - لَآلِئُ جمع -
لَاهِیَةً - غافل - کھیلنے والی -
مشغول ہونے والی -
لِبَاسٌ - پوشاک اوڑھنے پہننے کی چیز
لُبُوْسٌ - جمع -
لِبَاسُ التَّقْوٰی - ایمان شرم موٹا کپڑا
لَبِثَ - وہ رہا - اوسنے دیر کی -
لَبِثْتَ - تو رہا تونے دیر کی -
لَبِثْتُ - مین رہا مین نے دیر کی
لَبِثْتُمْ - تم رہے تم نے دیر کی -
لَبِثْنَا - ہم رہے ہم نے دیر کی
لَبِثُوْا - وہ رہے اونھون نے دیر کی
لِبَدٌ - انبوہ - نمدہ - لپٹے ہوئے
لُبَدٌ - بہت مال - ڈھیر -
لَبْسٌ - شبہہ دھوکھا - کام کا چھپانا
لَبَسْنَا - ہم نے چھپایا شبہہ کیا -
لَبَنٌ - دودھ -
لَبُوْسٌ - پوشش - زرہ -
لُجَّةٌ - پانی - دریا کا دھارا -
لَجُّوْا - وہ اڑ رہے - لڑے نافرمانی کی
لُجِّیٌّ - گہرا دریا پانی بھرا -

لَحْمٌ - گوشت لحوم - جمع -
لَحْنٌ - لہجہ - آواز پلٹنا - بات کا ڈھب
اعراب مین خطا کرنی لُحُوْنٌ اَلْحَانٌ جمع -
لُحُوْمٌ - گوشت - لَحْمٌ واحد -
لِحْیَةٌ - داڑھی - لُحیٰ - جمع -
لُدٌّ - جھگڑالو -
لَدٰی - نزدیک -
لَدُنْ - پاس -
لَدَیَّ - میرے پاس -
لَدَیْنَا - ہمارے نزدیک -
لَذَّةٌ - مزہ - لَذَّاتٌ جمع
لِزَامٌ - جہاد - ثابت -
لِسَانٌ - زبان - بات اَلْسِنَةٌ جمع
لِسَانُ صِدْقٍ - سچی تعریف -
لَسْتَ - تو نہین ہی -
لَسْتُ - مین نہین ہون -
لَسْتُمْ - تم نہین ہو -
لَسْتُنَّ - تم نہین ہو (عورت)
لُطْفٌ - مہربانی کرنی - بچانا -
لَطِیْفٌ - مہربان - راز دان - نہایت
نازک بھید جاننا باریک بین اللہ کی تعریف ہی

لظی - دہکتی ہوئی آگ - طبقۂ دوزخ
جو ترساؤن کا مقام ہی -
لعب - کھیل - بازی - بازی گر -
لَعَلَّ - شاید مقرر -
لَعَنَ - اوسنے پھٹکارا لعنت کی
لُعِنَ - وہ لعنت کیا گیا -
لَعَنَّا - ہم نے نفرین کی -
لَعنَۃ - نفرین یعنی پھٹکار -
لَعَنَتۡ - اوسنے پھٹکار کی -
لُعِنُوا - وہ لعنت کیے گئے -
لَعِین - لعنت کرنے والا لعنت
کیا گیا -
لغو - بیہودہ بات بکنا -
لُغُوب - ماندگی تھکن - بیمار ہونا
لَفِیف - سمٹا - لپٹا ہوا -
لِقَا - ملنا - دیدار کرنا -
لَقّٰی - وہ آگے لایا - اوسنے بخشا -
لُقمَان - حکیم باعور کے بیٹے
حضرت ایوبؑ کے بھانجے حضرت
داؤدؑ کے شاگرد بقول بعض نبی تھے
مگر اونکی حکمت اور ولایت پر سب کو
اتفاق ہی -
لَقُوا - وہ ملے - اُنھون نے ملاقات کی
لَقِیَا - دونون نے ملاقات کی -
لَقِیتُم - تم ملے - تم بھڑے -
لَقِینَا - ہم نے ملاقات کی -
لِکَیلَا - تاکہ -
لِمَ - کیون - کسواسطے - (ل جارہ
مَا - استفہامیہ سے مرکب ہے)
الف آخر سے گر گیا -
لَم - نہین (جازم مضارع)
لَمًّا - سب سارا - جمع کرنا - اپنا اور
اپنے دوستون کا حصہ کھانا -
لَمًّا - بہت سمیٹ کر کے جمع کر کے -
(اسکا مصدر لَمَّۃ - جمع کرنا -
لَمَّا - نہین - جب مگر - (جازم مضارع)
لَم تَرَ - تو نے نہین دیکھا -
لُمتُنَّنِی - تم ملامت کرتی تھین -
لَمح - لپک - دیکھنا - چھپی نگاہ سے
دیکھنا -
لُمَزَۃ - عیب چین - آنکھ سے
اشارہ کرنے والی -
لَمَسنَا - ہم نے چھوا -
لَمَسُوا - اُونھون نے چھوا -
لَمَم - کچھ آلودگی گناہ کے نزدیک
جانا گناہ صغیرہ -
لَن - ہرگز نہین (ناصب مضارع)
لِنتَ - تو نرم ہوا -
لَو - اگر - کاش - کیا اچھا ہوتا -
لَوَّاحَۃ - منھ سیاہ کرنے والی -
جلانے والی -
لِوَاذ - پناہ - پناہ پکڑنی -
لَوَاقِح - رس بھرین مینھ برسانیوالین
لَوَّامَۃ - ملامت کرنے والی -
لَوح - تختی - اَلوَاح جمع -
لَوحِ محفوظ - ایک تختی کا نام ہی جو
ایک دانہ موتی کی بنی ہی اُسکے کنارے
یاقوت کے ہین - اوسکی لمبائی عرش
سے زمین تک - چوڑائی پورب سے
پچھم تک ہی اُس مین ازل سے
ابد تک سارے حالات لکھے ہین -
ایک فرشتہ اوسکو عرش کی داہنی طرف
بغل مین لیے ہی مگر اوسکو اوسکے

مافیہا سے خبر نہین ہی۔

لُوطَ۔ نام پیغمبر جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔

لَوْلَا۔ اگر نہین۔

لَوْمَا۔ کیون نہین۔

لَوْمَۃ۔ ملامت کرنی۔

لُومُوا۔ تم ملامت کرو۔

لَوْن۔ رنگ۔ اَلْوَان۔ جمع

لَوَّوا۔ اونھون نے پھیرا موڑا۔ مٹکایا۔ بٹا۔ لَیٌّ مصدر۔

لَہٗ۔ اوس کا۔ اوسکے واسطے

لَہَب۔ شعلہ۔ آنچ۔

اَبِی لَہَب۔ لغات الف صفحہ ۶ دیکھو

لَہْو۔ تماشا کھیل۔

لَیٌّ۔ بل دینا۔ رسی وغیرہ بٹنا گواہی کے وقت زبان پھیرنی کہ صاف نہ معلوم ہو

لَیَال۔ راتین۔ لَیْل۔ واحد۔

لَیَالٍ عَشْرٍ۔ دس راتین عشرۂ ذی الحجہ یعنی بقرہ عید کے اگلے دس دن۔

لَیَالِی۔ راتین۔ لَیْلَۃ۔ واحد۔

لَیْتَ۔ کاشکے۔

لَیْسَ۔ نہین ہی۔

لَیْسَتْ۔ وہ نہین ہی۔

لَیْسُوا۔ وہ نہین ہین۔

لَیْل۔ رات۔ لَیَال۔ جمع۔

لَیْلَۃ۔ رات۔ لَیَالِی۔ جمع۔

لَیْلَۃُ الْقَدْر۔ شب قدر۔ جو اکثر رمضان کی ستائیسوین شب ہوتی ہی اس رات کی عبادت ہزار مہینے کی عبادت سے بہتر ہی

لَیْلَۃٌ مُّبَارَکَۃ۔ برکت کی رات شب برات یعنی شعبان کی پندرھوین شب یا شب قدر۔

لَیِّن۔ نرم۔

لَیُنْبَذَنَّ۔ مقرر پھینکا جائیگا۔

لِیْنَۃ۔ کھجور کا درخت جس کا پھل عجوہ۔ کہلاتا ہی۔

م

مَا۔ نہین۔ کیا۔ وہ چیز۔ جو کچھ۔ جسکو۔

مَاءٌ۔ پانی۔ میاہ۔ جمع۔

مَاءٍ مَّہِین۔ حقیر پانی۔ نطفہ

مِائَۃ۔ سو۔

مِائَتَیْن۔ دو سو۔

مَائِدَۃ۔ آراستہ خوان کھانیکی چیز

مَآب۔ پھر آنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔

مَاتَ۔ وہ مرا۔

مَاتُوا۔ وہ مرے۔

مَاتِیٌّ۔ وہ آنیوالا۔

مَاجُوج۔ اوس شخص کا نام ہی جو یَاجُوج۔ کا ساتھی ہی یہ دونون حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے یافث کی اولاد سے ہین۔

مَادُمْتَ۔ تو جب رہا۔

مَادُمْتُ۔ مین جب رہا۔

مَادُمْتُمْ۔ تم جب تک رہو۔

مَاذَا۔ کیا چیز۔ کیا ہی۔

مَآرِب۔ حاجتین۔ مَأْرِبَۃ واحد۔

مَارِج۔ شعلہ بے دھوین کی آنچ

مَارِد۔ سرکش۔

مَارُوت۔ نام فرشتہ جو ہاروت فرشتہ کا ساتھی ہی بقول بعض دونون فرشتے

چاہ بابل مین مقید ہین۔ لوگ اونسے جادو
سیکھ کر ساحران کافر سے مقابلہ کرتے تھے
مَاعُوْن۔ برتنے کی چیزین۔ مانگنی
دینے کی چیزین۔ جیسے پانی۔ آگ نمک
دیگ۔ پیالہ۔ رکابی۔ سوئی۔ تاگا ڈول
رسی۔ کولھاڑی وغیرہ۔ اکثر صحابہ اور
تابعین مَاعُوْن۔ زکوٰۃ کو کہتے ہین
مَاکِثُوْن۔ ہمیشہ رہنیوالے۔ دیر کرنیوالے
انتظار کرنیوالے۔ مَاکِث واحد
مَاکِرِیْن۔ فریب دینے والے مَاکِر واحد
مَأْکُوْل۔ کھایا ہوا۔ کھانیکی چیز
مَال۔ سونا۔ چاندی۔ ملکیت وغیرہ
جس پر جی میلان کرے۔ اَمْوَال جمع
مَالًا مَمْدُوْدًا۔ بہت مال جسکی مدد پے
درپے پہونچے۔
مَالِئُوْن۔ بھرنے والے۔
مَالِك مختار۔ بادشاہ۔ نام اللہ تعالیٰ
نام فرشتہ جو دارو غہ دوزخ ہی تمام عمر
نہ ہنسا۔ دوزخی جب اوسکو پکارینگے
ہزار برس کے بعد جواب دیگا ٹھہرو
مَالِکُوْن۔ مختار۔ مَالِك واحد

مَأْمَن۔ جائے پناہ۔
مَأْمُوْن۔ پناہ دیا ہوا۔ نڈر کیا گیا
مَانِعَة۔ باز رکھنے والی بچانیوالی
مَأْوٰی۔ ٹھکانا۔ مکان لائق رہنے کی جگہ
مَاهِدُوْن۔ بچھانے والے۔
مَاهِیَة۔ وہ کیا ہی (ہ زائد ہی)
مُبَارَك۔ برکت والا۔
مُبَارَکَة۔ برکت والی۔
لَیْلَةُ الْمُبَارَکَة۔ شب برات شب قدر
مُبْتَلِیْ۔ آزمانے والا۔
مُبْتَلِیْن۔ جانچنے والے۔
مَبْثُوْث۔ بکھرا ہوا چھترائی ہوئی
مَبْثُوْثَة۔ پراگندہ کی گئی۔
مُبَدِّل۔ بدلنے والا۔
مُبْدِیْ۔ ظاہر کرنیوالا شروع کرنیوالا
مُبَذِّر۔ اسراف کرنے والا بے اندازہ
خرچ کرنے والا فضول خرچ۔
مُبَذِّرِیْن۔ اسراف کرنیوالے مُبَذِّر واحد
مُبَرَّءُوْن۔ وہ پاک کیے گئے۔
مُبْرِمُوْن۔ ٹھہرانیوالے مضبوط کرنیوالے
مَبْسُوْطَتَان۔ دو کشادہ۔

مُبَشِّرٌ۔ خوش خبری دینے والا۔
مُبَشِّرَات۔ خوش خبری لانیوالیان
مُبَشِّرُوْن۔ خوشی سنانیوالے۔
مُبْصِر۔ دکھانیوالا۔
مُبْصِرَات۔ دکھانیوالی۔ دیکھنا۔
مُبْصِرُوْن۔ دکھانیوالے۔
مُبْطِلُوْن۔ باطل کرنیوالے۔
مُبْعَدُوْن۔ دور کیے گئے۔ دور کئے ہوئے
مَبْعُوْثُوْن۔ اوٹھائے گئے۔ بھیجے
ہوئے یعنی زندہ کیے جائینگے۔
مُبْلِسُوْن۔ ناامید پڑے ہین آس
توڑنے والے شک مین ڈالنے والے
مَبْلَغ۔ پہونچا پہونچنے کی جگہ۔
مُبَوَّأ۔ جگہ۔ جگہ دیا گیا۔
مُبِیْن۔ کھلا ظاہر روشن۔
مُبَیِّنَات۔ وہ بیان کی گئین۔
مُبَیَّنَة۔ واحد۔ بیان کی گئی۔
مِتَّ۔ تو مرا۔
مِتُّ۔ مین مرا۔
مَتٰی۔ کب ہی۔ کب ہوگا۔ دجازم مضارع
مَتَاب۔ پھرنا پھرنیکی جگہ۔ توبہ کی جگہ

مُتَاعٌ - پونجی - اسباب خانگی -
برخورداری لینی - اَمْتِعَۃ - جمع
مُتَبَّرٌ - وہ ہلاک کیا گیا -
مُتَبَرِّجَات - دکھانیوالیان اپنے کو -
آراستہ کرنیوالیان -
متبعون - وہ اتباع کیے گئے -
مُتَتَابِعَیْن - پے در پے - لگاتار -
مُتَجَاوِرَاتِ - نزدیک نزدیک ہمسائے
مُتَجَانِف - ڈھلنے والا -
مُتَحَرِّف - پیشہ کرنیوالا ہنر کرنیوالا
مُتَحَیِّز - جگہ لینے والا -
مُتَّخِذٌ - پکڑنیوالا - مُتَّخِذِیْن جمع
مُتَّخِذَات - پکڑنے والیان -
مُتَّخِذَۃ - واحد -
مُتَرَاکِب - پکڑنے والے -
مُتَرَاکِب - جڑے ہوے -
مُتْرَبَۃ - محتاجی - خاک مین پڑا
مُتَرَبِّص - انتظار کرنیوالا -
مُتَرَبِّصُوْن - جمع انتظار کرنیوالے
مُتَرَدِّیَۃٌ - گرنیوالی - اوپر سے گر کر
مری ہوئی جسکا کھانا حرام ہو -

مُتْرَفُوْا - وہ نعمت دیے گئے آسودہ گئے
مُتْرَفِیْن - نازنین پائے ہوے آسودہ
مُتَشَابِہٌ - یکسان کئی طرح ملنی والی
مُتَشَابِہَات - جمع -
اٰیَات مُتَشَابِہَات جن آیتونکی معنی معلوم
مُتَشَاکِسُوْن بخیل بدخوئی کرنے والے
مُتَصَدِّعٌ - پراگندہ ہونیوالا پارہ
پارہ ہونے والا -
مُتَصَدِّقَات - خیرات کرنیوالیان
مُتَصَدِّقَۃ - واحد -
مُتَصَدِّقِیْن - خیرات کرنیوالے -
مُتَصَدِّق - واحد -
مُتَطَهِّرَۃٌ - پاک کی گئی -
مُتَطَهِّرِیْن - ستھرائی کرنے والے -
مُتَعَالٍ - بلند ہونیوالا -
مَتَّعْتُ - مین نے برخورداری دی
مَتَّعْتَ - تونے فائدہ مند کیا -
مَتَّعْتُمْ - تم نے فائدہ مند کیا -
مُتَعَمِّدًا - ارادہ کرنیوالا -
مَتَّعْنَا - ہم نے فائدہ دیا - کیا -
مَتِّعُوْا - تم فائدہ دو -

مُتَفَرِّقَۃٌ - علحدہ علحدہ -
مُتَفَرِّقُوْن - جدا جدا کیے گئے -
مُتَقَابِلِیْن - سامنے - ایک دوسریکے مقابلے
مُتَقَلَّبٌ - پھرنے کی جگہ - گشت -
مُتَقَلِّیَانِ - دو لینے والے -
مُتَّقُوْن - پرہیزگار - مُتَّقِی - واحد
مُتَّقِیْن - پرہیزگار اللہ سے ڈرنیوالے
مُتَّکَأ - محفل - تکیہ لگانیکی جگہ -
مُتَّکِئُوْن - تکیہ لگانے والے -
مُتَّکِئِیْن - تکیہ لگاکر بیٹھنے والے -
مُتَکَبِّرُ - بڑائی - والا - نام اللہ تعالی
مُتَکَبِّرِیْن - غرور کرنے والے -
مُتَکَلِّفِیْن - رنج و محنت اٹھانیوالے -
مُتَلَقِّیَان - دو لیجانے والے - مراد
فرشتے کراما کاتبین جو ہر روز آدمیون
کی نیکی بدی لکھ لیجاتے ہین -
مُتِمٌّ - پورا کرنیوالا -
مِتُّمْ - تم مرے -
مِتْنَا - ہم مرے -
مُتَنَافِسُوْن - خواہش کرنے والے
ڈھکنے والے -

مُتَوَسِّمِینَ - داغدار - اٹکل والے -
ذات سے دریافت کرنے والے -
مُتَوَسِّمٌ - واحد -
مُتَوَفِّی - وفات دینےوالا اپنی طرف
پھرانیوالا -
مُتَوَکِّلٌ - اللہ پر بھروسا کرنیوالا -
مُتَوَکِّلُونَ - مُتَوَکِّلِینَ - جمع -
مَتِین - مضبوط -
مَثَابَة - منزل - جمع ہونیکی جگہ -
مَثَانِی - باربار لائی گئین تکرار کی گئین
سبع مثانی - سورہ فاتحہ کہ اسمین
سات آیتین ہین - اور دو دفع اتری
پہلے مکہ مین بعدہ مدینہ مین -
مَثْبُور - کھپایا ہوا - ہلاک کیا ہوا -
مِثْقَال - نام وزن جو ساڑھے چار
ماشہ کا ہوتا ہی ہموزن - جمع مثاقیل جمع
مُثْقَلَة - لدی ہوئی - بوجھل - گرانبار
مُثْقَلُونَ - وہ بوجھل کیے گئے -
مِثْل - مانند -
مَثَل - کہاوت - حال - قصہ -
مُثْلیٰ - بہت بہتر - پسندیدہ - خاص

مَثُلَات کہاوتین - عذاب مَثُلَةٌ واحد
مِثْلَی - دو مانند -
مَثْنیٰ - دو دو -
مَثْوی - بستی - گھر - رہنے کی جگہ -
ثَوَاءٌ و ثُوِیٌّ - ایک جگہ مین رہنا مصدر
مَثُوبَة - جزا - بدلا - بندگی -
مَجَالِس محفلین - مَجْلِسٌ واحد
مُجَاهِدٌ - جہاد کرنیوالا - مُجَاهِدُونَ
مُجَاهِدِینَ - جمع -
مُجْتَمِعُونَ - جمع ہونیوالے -
مَجْذُوذ - کاٹا ہوا -
مَجْرَی - بہنے کا مقام -
مُجْرَی - بہایا ہوا -
مُجْرِم - گنہگار - گناہ کرنیوالا -
مُجْرِمُونَ - جمع - گناہ کرنے والے -
مَجْمَع - جمع ہونیکی جگہ - ملنے کی جگہ -
مَجْمُوع - جمع کیا ہوا - ملایا ہوا -
مَجْمُوعُونَ - جمع - جمع کیے ہوئے
مَجْنُونٌ - دیوانہ -
مَجُوسٌ - آگ پوجنے والے - آتش پرست
مُجِیب - جواب دینےوالا - قبول کرنیوالا -

مُحِبُّونَ - جمع -
مَجِید - بزرگ - نام اللہ تعالیٰ -
مَحَارِیب - بالاخانے - مسجد کے در -
مِحْرَاب - واحد -
مُحَاسَبَة - حساب کرنا -
مِحَال - مکر - داؤ کرنا -
مَحَبَّةٌ - دوستی -
مُحْتَضَرٌ - حاضر کیا ہوا پہونچا ہی -
مُحْتَظِرٌ - کانٹونکی باڑھ کانٹونکا حاظر
مَحْجُوبُونَ - روکے گئے - پردہ کیے گئے
مَحْجُورٌ - منع کیا گیا -
مُحْدَاث - نیا کیا گیا -
مَحْذُور - ڈرایا گیا -
مِحْرَاب - بالاخانہ - لڑائی کی جگہ
مسجد کا در جہان امام کھڑا ہوتا ہی -
مُحَرَّر - آزاد کیا ہوا -
مُحَرَّم - حرام کیا ہوا -
مُحَرَّمَة - حرام کی گئی -
مَحْرُوم - بے نصیب - ناامید - بے روزی
مَحْرُومُونَ - جمع بے نصیب -
مُحْسِن - نیکی کرنیوالا - احسان کرنیوالا -

مُحسِنات - نیکی کرنیوالیان -
مُحسِنُونَ - نیکی کرنے والے نیک
مُحسِنِینَ - نیکی کرنیوالے -
مَحسُور - ہار گیا - ہارا ہوا -
مَحشُورَۃٌ - جمع کی ہوئی -
مُحصَنَات - بیاہی عورتین پرہیزگار
عورتین - نگاہ رکھنے والیان -
مُحَصَّنَۃ - مضبوط کی ہوئی قلعہ بنائی ہوئی
مُحصِنِینَ - بچاکے مرد پرہیزگار مُحصِنٌ واحد
مُحضَرٌ - حاضر کیا ہوا - روبرو کیا ہو
مُحضَرُونَ - جمع - حاضر کیے ہوئے -
مَحظُورٌ - حرام کیا ہوا - گھیرا ہوا
مَحفُوظ - حفاظت کیا ہوا - نگاہ رکھا ہوا
مُحکَمَات - جانچی ہوئین - مضبوط - وہ
آیتین جو معنی مراد پر صریح دلالت رکھین
اور کچھ تشابہ نہ ہو - ضد متشابہات -
مُحکَمَۃٌ - واحد - مضبوط کی ہوئی -
مَحِل - قربانی کی جگہ - منزل -
مَحِلَّۃٌ - قربانی کی جگہ -
مُحِلِّي - حلال جاننے والے -
مُحَلِّقِینَ - سر کے بال منڈانے والے -

مَحِلَّۃٌ - اوسکی اپنی جگہ -
مُحَمَّدٌ - بہت سراہا ہوا - یہ مبارک
نام سید المرسلین خاتم النبیین شفیع
المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے آپ
عبداللہ کے بیٹے - وہ عبدالمطلب کے بیٹے
وہ ہاشم کے بیٹے - وہ عبد مناف کے
بیٹے ہین - آپسے پہلے کوئی اس نام سے
موسوم نہ ہوا تھا - یہ نام نہایت مبارک
ہے مسلمانون کو چاہیے کہ تبرکًا اپنی
اولاد کا یہ نام رکھین - مگر ادب سے
پکارین - آپ نے فرمایا جسکے تین بیٹے
ہون اون مین سے ایک کا نام
بھی محمد نہ رکھا وہ نادان ہے -
مَحمُودٌ - سراہا ہوا -
مَقَام مَحمُود - وہ جگہ جو آپکو روز قیامت
عنایت ہوگی آپ وہان کھڑے
ہوکر امت کی شفاعت فرمائینگے
مَحَونَا - ہم نے مٹایا -
مُحیِی - جلانے والا -
مَحیَا - جیتا -
مَحِیص - بھاگنے کی جگہ - بچنے کی جگہ -

مَحِیض - حیض کی جگہ یعنی عورت کا بدن
مُحِیط - گھیرنیوالا - خوب جاننے والا
مُحِیطَۃ - گھیرنیوالی -
مَخَاض - دروزہ جننے کا درد -
مُخبِتِینَ - عاجزی کرنے والے -
مُختَال - تکبر کرنیوالا - اترانا -
مُختَلِف - اختلاف کرنے والا -
مُختَلِفُونَ - مُختَلِفِینَ - جمع -
مَختُوم - مہر کیا ہوا -
مَخذُول - ذلیل کیا ہوا - خوار کیا ہوا
مَخرَج - نکلنے کی جگہ تخلصی نکاس -
مُخرَج - نکالا گیا -
مُخرِجُونَ - نکالنے والا -
مُخرَجِینَ - نکالے ہوئے -
مُخزِی - نکالنے والے -
مُخسِرِینَ - رسوا کرنے والا -
مُخسِرِینَ - کم کرنے والے -
مُخضَرَّۃٌ - سبز کیا ہوا -
مَخضُود - پاک کیا ہوا - کانٹا دور کیا ہوا
مُخَلَّدُونَ - ہمیشہ رکھے ہوے - سدا رہنے والے
جنتیونکے ہاتھ مین کنگن اور کان مین بالا ہمیشہ رہیگا

مُخْلِص۔ نرالا۔ دوست۔ خالص
مُخْلِصُوْنَ۔ جمع خالص کرنیوالے
مُخْلِصِیْنَ۔ نرمی کرنیوالی۔ خالص کرنیوالے
مُخْلِفَ۔ وعدہ خلاف کرنیوالا۔
مُخَلَّفُوْنَ۔ پیچھے رہنے والے۔
مُخَلَّقَۃ۔ صورت بنائی ہوئی۔
مَخْمَصَۃ۔ بھوک۔
مَدَّ۔ کھینچنا۔ پھیلانا۔
مَدَّ۔ اوسنے کھینچا۔ پھیلایا۔
مَدَائِن۔ بستیاں۔ شہر۔ مدینہ واحد
مِدَاد۔ سیاہی۔ روشنائی۔
مُدْبِر۔ پیچھے چلنے والا۔ پیٹھ پھیرنیوالا۔
مُدَبِّرَات۔ تدبیر کرنیوالے۔ فرشتے
مُدْبِرِیْنَ۔ پیٹھ پھیرنیوالے۔ تدبیر کرنیوالے
مُدَّۃ۔ مدت۔ زمانہ۔ عرصہ۔
مُدَّتْ۔ وہ کھینچی گئی۔
مُدَّثِّر۔ جامہ پہننے والا۔ لحاف اوڑھنے والا
مُدْحَضِیْنَ۔ ڈالے ہوئے۔ پھسلائے ہوئے۔
مَدْحُوْر۔ دور کیا ہوا۔ کھدیڑا ہوا
مُدْخَل۔ مکان۔ داخل ہونیکی جگہ
داخل ہونا۔

مُدَّخَل۔ سرگھسانیکی جگہ۔
مَدَد۔ یاری۔
مَدَدْنَا۔ ہم نے کھینچا۔
مِدْرَار۔ مینھ برسنے والا۔ بدلی
مُدْرَکُوْنَ۔ پائے گئے۔
مُدَّکِر۔ نصیحت پکڑنیوالا۔ سوچنے والا
مُدْهَامَّتَان۔ دو باغ گہرے سبز
مُدْهِنُوْنَ۔ دین میں سستی کرنیوالے
مَدْیَن۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی
بستی کا نام ہے۔
مَدِیْنَۃ۔ شہر۔ مدائن جمع۔
مدینہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے شہر کا نام ہے جو مکہ سے اُتر طرف
ڈیڑھ سو کوس پر ہے۔ آپ مکہ سے
ہجرت فرماکر وہاں تشریف لیگئے
دس برس رہکر وہیں انتقال فرمایا
آپکا روضہ مبارک وہیں ہے۔
مَدِیْنُوْنَ۔ خوار کیے ہوئے۔ مقہور
مَدِیْنِیْنَ۔ تابعدار۔ مقہور۔
مَذْءُوْم۔ مردود۔ بدکہا ہوا۔ بدنام
مُذَبْذَبِیْنَ۔ دودلے۔ تردد کیے ہوئے

مُذَبْذَب۔ واحد۔
مُذْعِنِیْنَ۔ باور کرنیوالے۔ مُذْعِن واحد
مُذَّکِر۔ یاد کرنے والا۔
مَذْکُوْر۔ ذکر کیا ہوا۔
مَذْمُوْم۔ مذمت کیا ہوا۔ بدحال
مَرَّ۔ وہ گذرا۔
مَرْءُ۔ مرد۔
مِرَاءً۔ شک کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
مَرَّات۔ کئی بار۔
مَرَاضِع۔ دائیاں دودھ پلانیوالیاں۔ مُرْضِع واحد
مُرَاغَم۔ بھاگنے کی جگہ۔
مَرَافِق۔ کہنیاں۔ مِرْفَق واحد
مِرَّۃ۔ عقل۔ زور۔ پتا۔
ذُو مِرَّۃ۔ زور آور۔ مراد حضرت
جبرئیل علیہ السلام۔
مَرَّۃ۔ ایک بار۔
مَرَّتْ۔ وہ گذری۔
مُرْتَاب۔ شک کرنیوالا۔
مَرَّتَان۔ دوبار۔
مُرْتَفَق۔ تکیہ کرنا۔
مُرْتَقِبُوْنَ۔ انتظار کرنیوالے۔ مُرْتَقِب واحد

مرج - اوسنے چلایا - چھوڑا -
مرجان - مونگا - چھوٹا مونگا -
مرجع - جاے بازگشت - واپس آنیکی جگہ
مرجفون - فساد کرنیوالے مرجف واحد -
مرجوا - امید رکھا ہوا -
مرجومین - سنگسار کیے ہوے مرجوم واحد
مرجون - دیر کیے گئے -
مرح - اترانا -
مرحب - کشادہ جگہ -
مرحمة - مہربانی کرنی - رحم کھانا -
مرحومین - رحم کیے ہوئے -
مرد - پھرنا - قبول کرنا -
مردفین - پیچھے سے آنیوالے -
مردوا - انھون نے ضد کی حد سے گذرے
مردود - رد کیا گیا - پھیر اگیا -
مردودون - جمع - پھیرے گئے -
مرسی - ٹھہرنا - ٹھہراو -
مرسل - بھیجنے والا - مرسلون
مرسلین - جمع -
مرسل - بھیجا ہوا -
مرسلات - بھیجی ہوئین - مراد

ہوائین - مرسلة - واحد -
مرسلة - بھیجنے والی -
مرسلوا - بھیجنے والے -
مرسلون - بھیجے ہوے پیغمبر مرسل واحد
مرشد - راہ بر - سیدھی راہ دکھانیوالا
مرصاد - گھات - گذرگاہ - کمین گاہ
مرصد - انتظار کی جگہ -
مرصوص - مضبوط - آپسمین لپٹی ہوئی
مرض - بیماری - بیمار ہونا -
مرضی - بیمار - مریض واحد
مرضات - خوشیان - رضامندی
خوشنودی -
مرضت - مین بیمار رہا -
مرضعة - دودھ پلانیوالی - دائی -
مرضی - پسندیدہ -
مرضیة - پسندیدہ -
مرعی - چارا - تازی گھاس - رہنا -
مرفق - تکیہ گاہ - وہ کام جس سے نفع
حاصل ہو -
مرفوعہ - انعام دیا ہوا -
مرفوع - اونچی - اوٹھایا ہوا -

مرفوعة - اوٹھائی ہوئی - اونچی اونچی
مرقد - خوابگاہ - قبر -
مرقوم - لکھا ہوا -
مرکوم - تہ پرتہ بیٹھی ہوئی - گاڑھی
مروا - وہ گذرے -
مروة - مکہ مین ایک پہاڑ ہے - کوہ مروہ
مرور - گذرنا - گذر -
مری - بخشنے والا -
مریب - شک لانیوالا شبہہ نکالنے والا
مریة - شک شبہہ - دھوکا -
مریج - الجھا کام - دھوکا -
مرید - سرکش خدا کا نافرمان مردة جمع -
مریض - بیمار - مرضی - جمع -
مریم - عمران کی بیٹی کا نام جو کنواری
تھین اون سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام
بے باپ کے پیدا ہوئے -
مزاج - ملونی - جو شراب مین ملاوین
مزجات - تھوڑی - ناقص بے اعتبار
مزحزح - سرکانے والا -
دور کرنیوالا -
مزدجر - ڈانٹ - نصیحت -

مُزِّقتُم۔ تم پھاڑے گئے۔

مَزَّقنَا۔ ہم نے پھاڑا۔

مُزَّمِّل۔ جھرمٹ مارنیوالا۔ اپنے اوپر کپڑا لپیٹنے والا۔

مُزنِ۔ سفید بدلی مینہ مُزنَۃٌ واحد

مَزِید۔ زیادہ۔ بہت۔

مَسٌّ۔ چھونا۔ لگنا۔ دیوانہ ہونا۔

مَسَّ۔ وہ لگا۔ اوسنے چھوا۔

مَسَاجِد۔ سجدیں۔ مَسجِد واحد

مَسَاس۔ چھونا۔

مُسَافِحَات۔ بدکاری کرنیوالیاں

مُسَافِحِین۔ زنا کرنیوالے۔ مستی نکالنے والے۔ مُسَافِحٌ واحد

مَسَاق۔ جانا۔ کھینچنا۔ کھینچ کر لیجانا

مَسَاکِن۔ گھر۔ مجلسیں۔ مَسکَنٌ واحد

مَسَاکِین۔ محتاج۔ مِسکِین واحد

مَسئُول۔ پوچھا گیا۔ سوال کیا ہوا

مَسئُولُون۔ جمع پوچھے ہوئے۔

مُسَبِّحُون۔ تسبیح پڑھنیوالے۔

مَسبُوقِین۔ سبقت کیے گئے یعنی پیچھے رہنے والے۔ عاجز۔

مَسَّتْ۔ اوسنے چھوا (مونث)۔

مُستَأخِرِین۔ پیچھے رہنے والے۔

مُستَأنِسِین۔ انس پکڑنے والے۔ بات سُننے والے۔

مُستَبشِرَۃٌ۔ خوش ہونیوالی۔

مُستَبصِرِین۔ بصارت رکھنے والے۔

مُستَبِین۔ ظاہر۔ روشن۔

مُستَخفٍ۔ چھپنے والا۔ آخر سے ی گرگئی

مُستَخلَفِین۔ جانشین ہونیوالے۔

مُستَسلِمُون۔ گردن رکھنے والے سپرد کرنیوالے۔

مُستَضعَفُون۔ کمزور۔ ناتوان۔

مُستَطَرٌ۔ لکھا ہوا۔ مراد لوح محفوظ۔

مُستَطِیر۔ ظاہر پھیل پڑنیوالا۔ پراگندہ ہونیوالا۔

مُستَعَان۔ مدد چاہا ہوا صفت خدا تعالی

مُستَغفِرِین۔ مغفرت چاہنے والے

مُستَقبِل۔ آگے ہونیوالا۔ سامنے

مُستَقدِمِین۔ آگے ہونے والے

مُستَقِرٌّ۔ ٹھہرنے والے۔

مُستَقَرٌّ۔ ٹھہرایا ہوا۔ ٹھہرنے کی جگہ۔

مُستَقِیم۔ سیدھی۔ درست۔ بے خلل

صِرَاطَ المُستَقِیم۔ شرع کی راہ۔

مُستَکبِر۔ غرور کرنیوالا۔

مُستَکبِرُون۔ جمع۔ غرور کرنیوالے

مُستَمِرٌّ۔ چلا آیا۔ ہمیشہ۔ مضبوط۔

مُستَمسِکُون۔ مضبوط پکڑنیوالے۔ چنگل مارنے والے۔

مُستَمِعٌ۔ سُننے والا۔

مُستَمِعُون۔ جمع۔ سُننے والے۔

مُستَنفِرَۃ۔ بھڑکنے والی بھاگنیوالی

مُستَودَعٌ۔ پناہ کی جگہ۔ امانت کی جگہ

مَستُور۔ چھپایا ہوا۔

مُستَہزِءُون۔ ہنسی کرنیوالے۔

مُستَیقِنِین۔ یقین کرنیوالے۔

مَسجِدٌ۔ سجدہ کی جگہ۔ مسلمان کا عبادتخانہ

مَسجِدُ الحَرَام۔ ادب والی مسجد۔ خانہ کعبہ

مَسجُور۔ بھرا ہوا۔ گرم کیا ہوا۔

مَسجُونِین۔ قید کیے ہوئے قیدی

مَسُّہُ۔ چھونا۔ جماع کرنا۔

مُسَحَّرِین۔ جادو کیے ہوئے محتاج کیے ہوئے

مَسحُور۔ جادو کیا ہوا مَسحُورُون جمع

مَسحُورُون - جادو کیے ہوئے
مُسَخَّر - فرمانبردار کیا ہوا -
مُسَخَّرَات - فرمانبردار کی ہوئین -
مَسخنا - ہندی اچھی صورت کو بُری
صورت کر دیا - غیاث مین ہے کہ غضب
الٰہی سے ایک مرد لوطی ہاتھی ہو گیا
ایک مرد جو لڑکون کو ہجڑا بناتا تھا بھالو
ہو گیا ایک عورت جو حیض سے غسل نہین
کرتی تھی خرگوش ہو گئی - ایک
چغلخور بچھو ہو گیا - ایک ڈاکو گھڑیال
ہو گیا ایک پیغمبر کا نافرمان سُور ہو گیا
ایک چور لومڑی ہو گیا - ایک زنا کرنیوالا
کچھوا ہو گیا - ایک شیخی باز کوا ہو گیا
ایک جھوٹی قسم کھانیوالا فاختہ ہو گیا
ایک حرام کھانیوالا گویا چڑیا ہو گیا
ایک عورت اُجرت پر نوحہ کرتی تھی
جو ہا ہو گئی - ایک نے اپنا سچا مذہب
بدلدیا اُلو ہو گیا - ایک قوم نے مچھلی کا
شکار منع کے دن کیا بندر ہو گئی نعوذ باللہ
مَسَد - مونج کی رسّی - کھجور کی چھال کی
رسی مراد لوہے کی زنجیر جو دوزخ مین ہے -

مُسرِف - اسراف کرنیوالا - بے ٹھکانے
خرچ کرنے والا - مُسرِفِین - جمع -
مُسرِفُون - اسراف کرنیوالے -
مَسرُور - خوش - خوش کیا ہوا -
مَسطُور - لکھا ہوا -
مَسغَبَۃ - بھوک کھانیکی خواہش
مُسفِرَۃ - روشن - روشن ہونیوالی
مَسفُوح - گرایا ہوا -
مِسک - مشک - کستوری -
مَسکَن - مکان رہنے کی جگہ -
مَسکَنَۃ - محتاجی -
مَسکُوب - پانی بہایا ہوا -
مَسکُونَۃ - بسی ہوئی بستی -
مِسکِین - محتاج جو کچھ نرکھے - یا بقدر
کفاف نرکھے - مَسَاکِین - جمع -
مُسلِم - تابعدار - مسلمان -
مُسلِمَات - حکم بردار عورتین مسلمان
عورتین -
مُسَلَّمَۃ - سونپی ہوئی - غبار کی ہوئی
مُسلِمُون - سب مسلمان مُسلِم واحد -
مُسَمّٰی - نام رکھا ہوا -

مُسمِع - سنانیوالا -
مُسمَع - سنایا ہوا -
مَسنا - ہندی چھوا - ٹٹولا - جماع کیا
مُسَنَّدَۃ - تکیہ دیوار بلند کی ہوئی -
مَسنُون - گندا - سڑایا ہوا - صورت
بنایا ہوا - روشن کیا ہوا -
مُسَوَّد - کالا - سیاہ کیا ہوا -
مُسَوَّدَۃ - کالی کی ہوئی - سیاہ -
مُسَوَّمَۃ - نشانی کی ہوئی - چرائی
ہوئی - پالی ہوئی -
مُسَوِّمِین - نشانی کرنیوالے -
مُسَوَّمِین - نشانی کیے ہوئے -
مُسِیئ - بدکار - گنہگار -
مَسِیح - مساحت کرنیوالا - چھونیوالا
لقب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہ اونکے
